58

بانی صوفی غلام محمد

سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 279 | صفحات : 08 | ۱۰ اکتوبر ۲۰۲۶ء بروز سنیچر وار بمطابق ۷ ربیع الثانی ۱۴۴۸ | Saturday 10th October 2026 | جلد نمبر 58

بھلّر کی شاندار کارکردگی

میسی نے فیصلہ برقرار رکھا

راجوری میں گاڑی پھسل کر اُلٹ گئی، دو مسافر موقعہ پر ہلاک

5 دیگر گھائل ہوگئے، بعض کی حالت انتہائی تشویش ناک بتائی جاتی ہے

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر کے ضلع راجوری میں جمعہ کی شام ایک سڑک حادثے میں دو افراد کی موت واقع ہوگئی، جبکہ پانچ دیگر شدید زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ موگلا کے بڑھوگ علاقے میں پیش آیا، جو پولیس پوسٹ ترپاتھ کے دائرہ اختیار میں آتا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق حادثہ شام تقریباً 6 بجے اس وقت پیش آیا جب ایک مسافر گاڑی سڑک سے پھسل کر حادثے کا شکار ہوگئی۔ حادثے کی شدت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ دو افراد کی موقع پر ہی موت ہوگئی، جبکہ پانچ دیگر شدید زخمی ہوگئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی باشندے اور پولیس اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور امدادی کارروائیاں شروع کیں۔ زخمیوں کو فوری طور پر علاج کے لیے قریبی اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق زخمیوں میں بعض کی حالت تشویش ناک بتائی جا رہی ہے۔ پولیس نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے/1



11 اور 12 اکتوبر کو موسم عمومی طور پر خشک رہنے کی توقع ہے

تاہم 13 اور 14 اکتوبر کو ایک بار پھر آسمان ابر آلود رہ سکتا ہے

سرینگر/ محکمہ موسمیات کے مطابق 11 اور 12 اکتوبر کو موسم عمومی طور پر خشک رہنے کی توقع ہے۔ تاہم 13 اور 14 اکتوبر کو ایک بار پھر آسمان ابر آلود رہ سکتا ہے۔ ان دونوں دنوں کے دوران کئی مقامات پر ہلکی بارش، بالائی علاقوں میں ہلکی برف باری، گرج چمک اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ 15 اکتوبر کو موسم عمومی طور پر خشک رہنے کی توقع ہے، تاہم بعض مقامات پر مختصر وقت کے لیے ہلکی بارش ہو سکتی ہے۔ اس کے بعد 16 سے 18 اکتوبر تک موسم زیادہ تر خشک رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے 10 اکتوبر اور 13 سے 14 اکتوبر کے دوران گرج چمک اور تیز ہواؤں کے امکان کے پیش نظر احتیاط برتنے کا مشورہ دیا ہے۔ دریں اثناء محکمہ موسمیات نے کسانوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ موسمی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے سیب اور دھان کی فصل کی کٹائی کا کام جاری رکھیں اور کٹی ہوئی فصل کو محفوظ مقامات پر ذخیرہ کرنے کے مناسب انتظامات کریں۔

جموں وکشمیر جی سی سی کمپنیوں کیلئے مسابقتی مرکز بن سکتا ہے/ وزیر اعلیٰ

صنعتی رہنماؤں کو جموں وکشمیر میں مواقع تلاش کرنے کی دعوت دی

جموں/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے صنعتی رہنماؤں پر زور دیا کہ وہ جموں وکشمیر کو گلوبل کیپابلٹی سینٹرز (جی سی سیز) کے لئے ایک ابھرتی ہوئی منزل کے طور پر دیکھیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت سرمایہ کاری کو راغب کرنے، اختراعات کو فروغ دینے اور بامعنی روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لئے ایک مسابقتی اور کاروبار دوست ماحول قائم کرنے کے لئے پُرعزم ہے۔ انہوں نے انڈین انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ (آئی آئی ایم) جموں میں منعقدہ جموں وکشمیر جی سی سی سمٹ 2026 کے افتتاحی سیشن نئی دہلی سے بذریعہ ورچوول موڈ خطاب کرتے ہوئے کہا: "ہمیں جموں وکشمیر کو ایسا خطہ بنانا ہے جو مسابقتی ہو جہاں کاروبار کرنا پُرکشش ہو، جہاں منافع کمایا جا سکے اور جو ملک بھر کے دوسرے اور تیسرے درجے کے شہروں کے ساتھ مقابلہ کر سکے۔" دو روزہ سمٹ جس کا موضوع "ترقیاتی ایکو سسٹم کی تعمیر اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لئے جموں وکشمیر کی جی سی سی صلاحیتوں کو بروئے کار لانا" ہے۔ اس سیشن میں حکومت، صنعت اور تعلیمی شعبے کے نمائندے شرکت کر رہے ہیں تاکہ ہندوستان میں تیزی سے وسعت پاتے ہوئے جی سی سی نظام میں جموں وکشمیر کی موجودگی کو مضبوط بنانے کے امکانات کا جائزہ لیا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ نے ہندوستان میں جی سی سی کی ترقی کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا کہ جو کام ابتدا میں کال سینٹروں اور کاروباری عمل کی آؤٹ سورسنگ تک محدود تھا، وہ اب اختراعات، صلاحیتوں، مہارت اور کاروباری ترقی کے مراکز میں تبدیل ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا، "ہندوستان میں جی سی سی مراکز کی کہانی ترقی کی کہانی ہے جیسا کہ جموں وکشمیر کی کہانی ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ جی سی سی مراکز میں آنے والی تبدیلی اس بات کی مثال ہے کہ کس طرح صلاحیتوں اور ویلیو ایڈیشن نئی معاشی/2

لداخ نمبرداروں کی معیار ملازمت

60 سے بڑھ کر 63 سال کردی گئی

سرینگر/ یو این ایس/ لداخ کے لیفٹیننٹ گورنر وِنائی کمار سکسینہ نے نمبرداروں، جنہیں لداخ میں گوپا بھی کہا جاتا ہے، کی زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 60 سال سے بڑھا کر 63 سال کر دی ہے۔ اس فیصلے کے بعد تجربہ کار نمبردار مزید تین سال تک اپنے فرائض انجام دے سکیں گے۔ یہ فیصلہ آل لداخ گوپا ایسوسی ایشن کی درخواست کے بعد کیا گیا۔ ایسوسی ایشن کے/3

بارہمولہ میں بارش اور تیز ہواؤں کے دوران شارٹ سرکٹ کا قہر

سیب اور پیٹیاں دونوں بیک وقت جل کر راکھ ہوگئے

سرینگر/ کے این ایس/ شمالی کشمیر کے ضلع بارہمولہ کے ڈنگیر سپورہ میں جمعرات کی شام موسلا دھار بارش اور تیز ہواؤں کے سبب ایک مقامی سیب کے کسان کو اس وقت کافی نقصان پیش آیا جب آگ لگنے کے بعد اس کا سیب کا میوہ تباہ ہوا۔ اس دوران مقامی لوگوں نے کہا کہ شارٹ سرکٹ کی وجہ سے آگ لگی اور سیب کے ذخیرے کا ایک شیڈ مکمل طریقے سے جل گیا۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق مقامی لوگوں کے مطابق آگ جمعرات کی شام کو لگی جس نے ایک گودام کو اپنی لپیٹ میں لے لیا جہاں تازہ سیب اور پیکنگ بکس رکھے گئے تھے اور اس کے ساتھ ساتھ کسان کے گھر کے ایک حصے کو بھی نقصان پہنچا۔ انہوں نے/5

ریاسی میں گولی لگنے سے زخمی

سی آئی ایس ایف اہلکار دم توڑ گیا

سرینگر/ یو این ایس/ جموں کے ریاسی ضلع میں ڈیوٹی کے دوران گولی لگنے سے زخمی ہونے والا مرکزی صنعتی سلامتی فورس (سی آئی ایس ایف) کا ایک اہلکار زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا۔ حکام کے مطابق سی آئی ایس ایف اہلکار کو جمعہ کے روز ریاسی میں ڈیوٹی کے دوران گولی لگی، جس کے بعد اسے فوری طور پر علاج کے لیے ضلع اسپتال ریاسی منتقل کیا گیا۔ تاہم وہ زخموں کی شدت کے باعث بعد میں/4

سرینگر جموں ہائی وے پر ایندھن سے بھرا ٹینکر اُلٹ جانے سے تشویش

فائر سروس نے خارج ہونے والے ایندھن سے پیدا شدہ سنگین صورت حال کو کنٹرول کیا

سرینگر/ یو این ایس/ جموں سری نگر قومی شاہراہ (این ایچ 44) پر جمعرات کی دیر رات سنگور چوک کے نزدیک ایندھن سے بھرا ایک ٹینکر اُلٹ گیا، جس کے بعد گاڑی سے ایندھن کا اخراج شروع ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس، ٹریفک پولیس اور ہنگامی خدمات کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق ٹینکر کا ڈرائیور گاڑی پر قابو کھو بیٹھا، جس کے نتیجے میں ٹینکر سڑک سے پھسل کر کنارے پر اُلٹ گیا۔ ٹینکر سے ایندھن خارج ہونے کے بعد علاقے میں ممکنہ خطرے کے پیش نظر متعلقہ محکموں نے فوری کارروائی شروع کردی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس، ٹریفک پولیس، فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز اور قومی شاہراہ سے متعلق عملہ جائے وقوعہ پر پہنچا اور امدادی کارروائی شروع کردی۔ حکام کی جانب سے واقعے کے نتیجے میں کسی جانی نقصان یا ٹریفک کی آمدورفت پر پڑنے والے اثرات کے بارے میں فوری طور پر کوئی تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔

ہندوستان میں سیٹلائٹ کمیونیکیشن کی دوڑ میں ایمیزون کی غیر معمولی دلچسپی

نئی دہلی/ یو این آئی/ اسٹار لنک کے بعد اب ایک اور امریکی کمپنی ایمیزون نے بھی ہندوستان میں سیٹلائٹ کمیونیکیشن سروس شروع کرنے میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔ مرکزی وزیر مواصلات جیوترادتیہ سندھیا نے یہاں یشوبھومی میں جاری 'انڈیا موبائل کانگریس' میں جمعہ کے روز ایک پریس کانفرنس کے دوران بتایا کہ ریلائنس جیو، بھارتی انٹرپرائزز کے 'ون ویب' اور امریکی تاجر ایلون مسک کے 'اسٹار لنک' کو لائسنس جاری کیا جا چکا ہے۔ انہوں نے کہا، "ایک اور پارٹی (کمپنی) ہے جو لائسنس لینے میں دلچسپی رکھتی/6

جموں وکشمیر میں 19.20 لاکھ گھریلو نل کنکشن فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا تھا

جس کے مقابلے میں 15.60 لاکھ گھرانوں کو نل کنکشن فراہم کیے جا چکے ہیں

سرینگر/ یو این ایس/ جموں وکشمیر میں جل جیون مشن کے تحت اکتوبر 2025 تک 1480 سے زائد واٹر سپلائی اسکیمیں مکمل کی جا چکی تھیں، جو مجموعی اسکیموں کا تقریباً 45 فیصد ہیں۔ اس کے علاوہ مزید 1600 اسکیموں میں 50 فیصد سے زیادہ کام مکمل کیا جا چکا تھا۔ یہ تفصیلات مارچ 2024 تک کی مدت سے متعلق جامع آڈٹ رپورٹ (سول) میں درج کی گئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق، جموں وکشمیر میں 19.20 لاکھ گھریلو نل کنکشن فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا تھا، جس کے مقابلے میں 15.60 لاکھ گھرانوں کو نل کنکشن فراہم کیے جا چکے ہیں۔ یہ مجموعی ہدف کا تقریباً 81 فیصد ہے۔ متعلقہ محکمے نے بتایا کہ باقی 3.60 لاکھ گھرانوں کو مشن کی تکمیل کے ساتھ نل کنکشن فراہم کیے جائیں گے۔ آڈٹ رپورٹ میں دی گئی تفصیلات کے مطابق، جموں وکشمیر میں دیہی علاقوں کی پانی کی فراہمی کی اسکیموں کی فعالیت میں بہتری درج کی گئی ہے۔ ان اسکیموں کی مجموعی فعالیت کا اسکور 2022 میں 53 فیصد تھا، جو 2024 میں بڑھ کر 84 فیصد ہوگیا/7

ہندوستان کا امریکہ کے PERM پروگرام پر روک پر تشویش کا اظہار

یہ قدم دونوں ممالک کے مشترکہ اہداف کو آگے بڑھانے میں مدد نہیں کرتا

نئی دہلی/ یو این آئی/ ہندوستان نے امریکی محکمہ محنت کے مستقل لیبر سرٹیفکیشن پروگرام (پی ای آر ایم) سے جڑے فیصلے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے دونوں ممالک کے مفادات کے خلاف بتایا ہے۔ امریکہ کی جانب سے جمعرات کی رات اس قدم کے اعلان کے بعد وزارت خارجہ نے جمعہ کے روز ایک بیان جاری کر کے کہا کہ اس قدم سے متاثرہ کمپنیوں کے اہل ملازمین کے گرین کارڈ کے عمل پر اثر پڑ سکتا ہے۔ تاہم پی ای آر ایم درخواستوں پر روک سے موجودہ ایچ 1-بی ویزا یا ویزا ہولڈرز اور ان کے زیر کفالت افراد کی حیثیت پر خود بخود کوئی اثر نہیں پڑتا۔ ہندوستان نے کہا کہ پی ای آر ایم پروگرام، ایچ 1-بی ویزا پروگرام سے مختلف ہے۔ متاثرہ کمپنیوں کے اہل ملازمین کی مستقل رہائش یعنی گرین کارڈ حاصل کرنے کے عمل پر اس کا کچھ اثر ہو سکتا ہے، لیکن اس سے موجودہ ایچ 1-بی ویزا کی میعاد اپنے آپ ختم نہیں ہوتی۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ہندوستانی ٹیلنٹ کے امریکہ جانے سے دونوں ممالک کی/8

سرحد کے قریب دو بارودی سرنگیں

موقعہ پر ناکارہ بنادی گئیں

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر کے ضلع پونچھ کے مینڈھر سیکٹر میں لائن آف کنٹرول کے نزدیک فوجی اہلکاروں نے دو بارودی سرنگیں برآمد کر کے انہیں محفوظ طریقے سے تباہ کر دیا۔ فوج کی بروقت کارروائی سے ایک ممکنہ حادثہ ٹل گیا۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ مینڈھر سیکٹر کے بسونی ٹاپ علاقے میں لائن آف کنٹرول کے نزدیک باڑ کے پاس فوجی اہلکار معمول کی گشت پر تھے، جس دوران انہیں دو بارودی سرنگیں نظر آئیں۔ بارودی سرنگوں کی موجودگی کا پتا چلنے کے/9

کشتواڑ دہشت گردانہ حملے کے مقدمے میں ملزمان کے خلاف فردِ جرم عائد

نیشنل انویسٹی گیشن ایجنسی (NIA) کی طرف سے چارج شیٹ داخل

سرینگر/ نیشنل انویسٹی گیشن ایجنسی (این آئی اے) نے جمعہ کو جموں کی ایک خصوصی عدالت میں جموں وکشمیر کے ضلع کشتواڑ میں فروری 2026 میں ہونے والے دہشت گردانہ حملے کے سلسلے میں ایک گرفتار شخص اور تین ہلاک شدہ پاکستانی عسکریت پسندوں کے خلاف 535 صفحات پر مشتمل فردِ جرم (چارج شیٹ) دائر کی۔ این آئی اے کے بیان کے مطابق، فردِ جرم میں منیر احمد (ولد محمد یوسف کولی، ساکن ناننگام چھترو، علاقہ اندرواڑ، کشتواڑ) کے ساتھ ساتھ تین ہلاک شدہ عسکریت پسندوں — سیف اللہ (عرف سیف اللہ کشمیری)، فیصل ندیم اور فقیق الرحمن — کے نام شامل ہیں۔ یہ مقدمہ 22 فروری 2026 کو کشتواڑ کے علاقے چھترو میں واقع پاسرکوٹ کے والی محلہ میں ہونے والے دہشت گردانہ حملے سے متعلق ہے، اسے JMU/NIA/2026/03-RC کے طور پر درج کیا گیا ہے۔ ایجنسی نے کہا کہ اس کی تحقیقات میں مبینہ سازش، ملزمان کے کردار اور معاون شواہد کی تفصیلات سامنے آئی ہیں۔ الزام ہے کہ احمد نے/10

کینسر کے مریضوں کے علاج کیلئے ادویات 70% تک سستی

مہنگی ادویات سے پیدا شدہ سنگین صورت حال پر قابو پانے کی کوشش

سرینگر/ ٹی ای این/ کینسر کے مریضوں کو علاج کے بھاری اخراجات سے راحت فراہم کرنے کے لیے مرکزی حکومت غیر شیڈول ادویات پر تجارتی منافع کی حد مقرر کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ اس تجویز کے تحت کینسر کی ایسی ادویات پر تھوک اور خوردہ فروخت کنندگان کا مجموعی تجارتی منافع زیادہ سے زیادہ 30 فیصد تک محدود کیا جائے گا، جس سے بعض ادویات کی قیمتوں میں 70 فیصد تک کمی آنے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ اکنامک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق، اس اقدام کا مقصد کینسر کے علاج میں استعمال ہونے والی مہنگی ادویات کو مریضوں کی پہنچ میں لانا اور ادویات کی فروخت کے مختلف مراحل پر وصول کیے جانے والے بھاری منافع کو محدود کرنا ہے۔ موجودہ نظام میں ضروری ادویات کی قومی فہرست میں شامل دواؤں کی قیمتوں کو مقررہ ضابطوں کے تحت کنٹرول کیا جاتا ہے، جبکہ غیر شیڈول ادویات کی قیمتوں کے تعین میں نسبتاً زیادہ گنجائش موجود ہوتی ہے۔ مجوزہ اقدام کے ذریعے غیر شیڈول کینسر ادویات کی فروخت پر بھی تجارتی/11

ٹریکنگ کے دوران لاپتہ کشمیری نوجوانوں کا سراغ مل گیا

سرینگر/ کے این ایس/ وسطی کشمیر کے ضلع گاندربل کے کُل کنڈ جنگلاتی علاقے میں ٹریکنگ کے دوران "لاپتہ" ہوئے دونوں نوجوانوں کو تلاش کرلیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق دونوں نوجوان بحفاظت ہیں اور خود ہی راستہ تلاش کر کے کُل گاؤں پہنچنے میں کامیاب ہوگئے۔ اس دوران نوجوانوں کے لئے فوج پولیس اور دیگر اہلکاروں کا شکریہ ادا کیا۔ حکام نے نوجوانوں کی شناخت 19 سالہ عزیر کرمانی ولد گوہر سعید ساکنہ پرے پورہ، سرینگر اور 19 سالہ یمام اعجاز ولد اعجاز احمد شیخ ساکنہ ملہ باغ سرینگر کے طور پر کی ہے۔ حکام کے مطابق ٹریکنگ کے دوران راستہ بھٹک جانے کے بعد دونوں نوجوانوں نے خود ہی کُل گاؤں کا راستہ تلاش کیا۔

ٹیریٹوریل آرمی کا 77واں یومِ تاسیس، چنار کور کی جانب سے مبارکباد

سرینگر/ جے کے این ایس/ فوج کی چنار کور نے ٹیریٹوریل آرمی کے 77ویں یوم تاسیس پر اس کے تمام رینک کے اہلکاروں، سابق فوجیوں اور اہل خانہ کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ جے کے این ایس کے مطابق چنار کور نے سماجی رابطہ گاہ ایکس پر ایک پوسٹ میں لکھا کہ اس اہم موقع پر، چنار کور بہادری، عزم اور بے لوث خدمت کی قابل فخر روایت کو سلام پیش کرتی ہے اور قوم کی نمایاں خدمات انجام دینے میں ٹیریٹوریل آرمی کے غیر متزلزل جذبے کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ احتیاط اور بہادری۔ ہمیشہ خدمت میں، ہمیشہ لگن کے ساتھ۔

اہم عوامی خدمات کی فراہمی، 21 دن کی ڈیڈ لائن

سرینگر/ جے کے این ایس/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت نے جمعہ کے روز جموں وکشمیر پبلک سروسز گارنٹی ایکٹ کے تحت اہم عوامی خدمات کی فراہمی کے لیے 21 دن کی ڈیڈ لائن مقرر کی۔ اس اقدام کا مقصد تاخیر کو کم کرنا اور منظوری کے عمل کو ہموار بنانا ہے۔ وزیر اعلیٰ کے دفتر نے اسے جموں وکشمیر میں تیز رفتار، شفاف اور عوام دوست طرزِ حکمرانی کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔ جے کے این ایس کے مطابق وزیر اعلیٰ کے دفتر نے سماجی رابطہ گاہ ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ حکومت نے جموں وکشمیر پبلک سروسز گارنٹی ایکٹ 2011 کے تحت اہم عوامی خدمات کی فراہمی کے لیے 21 دن کی مدت (ٹائم لائن) کا نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔ اس میں بتایا گیا کہ اس مدت کا اطلاق ریونیو، جنگلات، جل شکتی، پاور ڈیولپمنٹ، آر اینڈ بی اور مقامی ترقیاتی اداروں جیسے محکموں سے تعمیراتی اجازت ناموں (بشمول نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ یا NOC) کے حصول کے لیے درکار ضروری منظوریوں پر ہوگا۔

بڈگام پولیس اہلکاروں کی حوصلہ افزائی

آئی جی کشمیر نے انعامات تقسیم کیے

سرینگر/ یو پی آئی/ بڈگام ضلع میں جعلی بھرتی سنڈیکیٹ کو بے نقاب کرنے اور پولیسنگ کے نظام کو ڈیجیٹل بنانے میں نمایاں خدمات انجام دینے والے پولیس اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ اس سلسلے میں انسپکٹر جنرل آف پولیس کشمیر سوجیت کمار سنگھ نے پولیس اہلکاروں میں تعریفی اسناد، خطوط اور انعامات تقسیم کیے۔ اس تقریب میں ڈی آئی جی وسطی کشمیر رینج راجیو پانڈے بھی موجود تھے۔ اعزاز حاصل کرنے والوں میں ایس ایس پی بڈگام ہری پرساد کے کے، ایس ڈی پی او مگام اشرف لیسری، تھانہ بیروہ کے ایس ایچ او مدثر ناصر، تھانہ مگام کے ایس ایچ او خورشید/12

جنتر منتر پر مظاہرہ کرنے کی اجازت دینے سے دہلی پولیس کا انکار

کسی مظاہرے کے انعقاد کیلئے 10 دن پہلے اطلاع دینا ضروری/ پولیس

نئی دہلی/ یو این آئی/ الیکشن کمیشن میں مبینہ بے ضابطگیوں کے الزام میں چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے استعفے کے مطالبے کے حق میں کاکروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) کی جانب سے ہفتے کے روز جنتر منتر پر مجوزہ دھرنے اور مظاہرے کی دہلی پولیس نے اجازت دینے سے انکار کر دیا ہے۔ دہلی پولیس کی جوائنٹ کمشنر آف پولیس نتو پرساد نے جمعہ کو پریس کانفرنس میں کہا کہ مظاہرے کے لیے مقررہ طریقہ کار کی پیروی نہیں کی گئی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر اجازت کے بغیر مظاہرہ کیا گیا تو اسے بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا (بی این ایس ایس) کی دفعہ 163 کی خلاف ورزی تصور کیا جائے گا اور ضابطے کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ سی جے پی کے شریک کنوینر سورو داس کی جانب سے مظاہرے کے سلسلے میں درخواست دی گئی تھی۔ پولیس کو یہ درخواست سات اکتوبر کو موصول ہوئی، جبکہ مقررہ رہنما خطوط کے مطابق کسی مظاہرے کے انعقاد کے لیے کم از کم 10 دن پہلے اطلاع دینا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتنے کم وقت میں درخواست ملنے کی وجہ سے انتظامیہ کو مظاہرے کی اجازت دینے میں دشواری پیش آئی۔ جوائنٹ کمشنر آف پولیس نے کہا کہ سی جے پی کو ماضی میں بھی مظاہرے کی اجازت دی گئی تھی/13

مشتبہ افراد اور دہشت گردانہ سرگرمیوں کی فوری اطلاع دیں

جموں وکشمیر پولیس کی عوام سے اپیل

جموں/ یو این آئی/ جموں وکشمیر پولیس نے پونچھ ضلع کے بفلیاز میں پولیس-عوام شراکت داری گروپ (پی پی پی) کے اجلاس کے دوران شہریوں سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی مشتبہ شخص یا دہشت گردانہ سرگرمی کے بارے میں فوری طور پر پولیس کو اطلاع دیں۔ یہ اجلاس ایڈیشنل ایس پی پونچھ ڈاکٹر اے بی شرما کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس میں عوامی نمائندوں، سماجی کارکنوں، سابق فوجیوں، مذہبی نمائندوں اور/14

ٹی ٹی ایف حیدرآباد 2026 میں کشمیر میراتھن اور سرمائی سیاحت اُجاگر

مشیر ناصر اسلم وانی کی جنوبی ہندوستان کے سیاحوں اور ملک بھر کے رنروں کو کشمیر آنے کی دعوت

حیدرآباد/09 اکتوبر// وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے آج حیدرآباد اور جنوبی ہندوستان کے دیگر حصوں کے لوگوں کو جموں و کشمیر کی متنوع سیاحتی کشش سے لطف اندوز ہونے کی دعوت دی۔ انہوں نے ملک بھر کے فٹنس کے شوقین افراد اور پیشہ ور رنروں سے 25 اکتوبر کو سری نگر میں منعقد ہونے والی آئندہ کشمیر میراتھن میں شرکت کی اپیل کی۔ مشیر موصوف نے ٹریول اینڈ ٹورازم فیئر (ٹی ٹی ایف) حیدرآباد 2026 کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے، جہاں جموں و کشمیر بطور پارٹنر اسٹیٹ حصہ لے رہا ہے، خطے کے بھرپور ثقافتی ورثے، دلکش قدرتی مناظر اور ایڈونچر ٹورازم کے بڑھتے ہوئے امکانات کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے جنوبی ہندوستان کے ساتھ سیاحتی روابط کو مضبوط بنانے اور تلنگانہ، آندھرا پردیش اور پڑوسی ریاستوں سے زیادہ سے زیادہ سیاحوں کو جموں و کشمیر کے مختلف سیاحتی مقامات کی سیر کے لئے راغب کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے آئندہ کشمیر میراتھن کی خصوصی تشہیر کرتے ہوئے ملک بھر کے رنروں اور فٹنس کے شوقین افراد کو اس ایونٹ میں شرکت کی دعوت دی تاکہ وہ کشمیر کی قدرتی خوبصورتی اور مہمان نوازی کا تجربہ حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ میراتھن کھیلوں پر مبنی سیاحت کو فروغ دینے اور اس میں حصہ لینے والوں اور دیگر سیاحوں کو کشمیر کے دلکش قدرتی مناظر سے روشناس کرنے کا ایک اہم موقع فراہم کرتی ہے۔ ناصر اسلم وانی نے ---/101

جموں و کشمیر جوڈیشل اکیڈمی میں ثالثی سے متعلق

40 گھنٹے کا تربیتی پروگرام اختتام پذیر

سرینگر/جموں، 9 اکتوبر//// جموں و کشمیر جوڈیشل اکیڈمی کے سرینگر اور جموں کیمپس میں وکلا اور ماہرین کے لیے ثالثی سے متعلق 40 گھنٹے کا عملی تربیتی پروگرام آج اختتام پذیر ہوا۔ یہ تربیتی نشستیں 5، 6، 8 اور 9 اکتوبر 2026 کو سپریم کورٹ آف انڈیا کی ثالثی و مفاہمتی پروجیکٹ کمیٹی کے زیر اہتمام، جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کی ثالثی و مفاہمتی کمیٹی نے جموں و کشمیر جوڈیشل اکیڈمی کے اشتراک سے منعقد کیں۔ کیمپس میں تربیتی پروگرام کے دوسرے دن جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس ڈاکٹر جسٹس پشپیندر سنگھ بھاٹی نے شرکت کی۔ انہوں نے نظام انصاف کو مضبوط بنانے میں ثالثی کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ثالثی محض ایک پیشہ ورانہ مہارت نہیں بلکہ ایک بہتر انسان اور زیادہ موثر وکیل، سرکاری وکیل یا جج بننے کا ذریعہ بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عملی مشقوں اور کردار نگاری پر مبنی تربیتی نشستوں سے دوسروں کے ---/102

ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے حضرتبل میں نمازِ جمعہ ادا کی

سرینگر// صدر جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج آثار شریف درگاہ حضرت بل میں نماز جمعہ ادا کی۔ اس موقع پر ہزاروں عقیدت مندوں کے ساتھ جموں و کشمیر میں دیرپا امن اور خوشحالی کی دعا کی۔ انہوں نے اسلام کی سربلندی، مسلمانوں کی فتح و نصرت، جموں و کشمیر کے لوگوں کی خوشحالی، فارغ البالی، فتح و نصرت، امن و امان اور تعمیر و ترقی اور فلسطینی عوام کیلئے دعا کی۔ نماز کے بعد لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے، ڈاکٹر فاروق نے موجودہ چیلنجوں کے مقابلے کیلئے اتحاد و اتفاق اور ہمدردی پر زور دیا۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بلند پایہ اولیاء، ولی کامل جلیل القدر ریشی اور صوفی بزرگ حضرت شیخ العالم نورالدین نورانی کے عرس مبارک پر لوگوں کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ اس ولی کامل اور عظیم المرتبت اولیاء نے قرآن اور حدیث کی تعلیم کو اپنی مادری زبان کشمیری میں پیش کر کے ہمیں دین اسلام کی نعمت اور عظمت سے فیضیاب کیا۔

الیکشن کمیشن کی ساکھ بری طرح متاثر، چیف الیکشن کمشنر مستعفی ہو جائیں

پُرامن احتجاج ہر شہری کا آئینی حق/ چودھری محمد رمضان

سرینگر// نیشنل کانفرنس نے نئی دلی میں الیکشن کمیشن آف انڈیا کے خلاف احتجاج کے پیش نظر ملک بھر میں نوجوانوں کی بے جا گرفتاریوں، دلی کی مساجد میں پولیس کی جانب سے احتجاج میں شامل نہ ہونے کے اعلانات، ٹرینوں کی منسوخی اور دارالحکومت کو فورسز چھاؤنی میں تبدیل کرنے کے اقدامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے ان اقدامات کو جمہوریت اور آئین کے منافی قرار دیا ہے۔ پارٹی کے معاون جنرل سکریٹری اور راجیہ سبھا ممبر ایڈووکیٹ چودھری محمد رمضان نے کہا کہ بی جے پی کس طرح سے انتخابات میں مسلسل کامیابی حاصل کر رہی ہے، اس کی حقیقت اب پورے ملک کے عوام کے سامنے آ چکی ہے۔ مغربی بنگال میں انتخابات سے قبل 97 لاکھ لوگوں کے ووٹ روکے گئے اور اس طرح ممتا بنرجی کی پارٹی کو ہرایا گیا، باوجود اس کے کہ انتخابات سے قبل تمام سروے اور تجزیے ترنمول کانگریس کی کامیابی کے اشارے دے رہے تھے۔ چودھری محمد رمضان نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے گزشتہ برسوں کے دوران ملک بھر میں 17 کروڑ لوگوں کے ووٹ روکے ہیں، جو ملک کی آبادی کا لگ بھگ 15 فیصد حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے کہ وہ 18 سال کی عمر پوری کرنے والے ہر اہل ---/105

سید محمد الطاف بخاری کا ژالہ باری سے متاثرہ

کسانوں اور باغ مالکان کو معاوضہ فراہم کرنے کا مطالبہ

سرینگر//// اپنی پارٹی کے سربراہ سید محمد الطاف بخاری نے حالیہ ژالہ باری کے نتیجے میں کھڑی فصلوں اور میوہ باغات کو پہنچنے والے بھاری نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے سوپور کے سیمپورہ علاقے میں آتشزدگی کے ایک واقعے پر بھی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا، جہاں سیبوں کا ایک سٹوریج آگ کی نذر ہو گیا، جس کے نتیجے میں ذخیرہ شدہ میوہ کو بھاری نقصان پہنچا۔ انہوں نے حکام پر زور دیا کہ وہ متاثرہ علاقوں میں نقصانات کا فوری تخمینہ لگائیں اور متاثرہ کسانوں اور باغ مالکان کو مناسب معاوضہ اور بروقت امداد فراہم کرنے کو یقینی بنائیں۔ اپنے بیان میں سید محمد الطاف بخاری نے کہا، "یہ جان کر مجھے گہرا دکھ ہوا کہ جمعرات کو ہونے والی تباہ کن ژالہ باری نے شمالی اور جنوبی کشمیر کے کئی دیہات میں کھڑی فصلوں اور میوہ باغات کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچایا ہے، بالخصوص سوپور اور شوپیاں کے بعض علاقوں میں صورتحال انتہائی تشویشناک ہے۔" انہوں نے مزید کہا، "سیب کی فصلوں کو پہنچنے والا نقصان انتہائی افسوسناک ہے، کیونکہ یہ تباہی عین اس وقت ہوئی ہے جب فصل کی بھرپور کٹائی کا موسم شروع ہونے میں چند ہی ہفتے باقی ہیں اور باغ مالکان اپنی سال بھر کی محنت کا پھل حاصل کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ ---/104

ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی کی نئی دہلی میں

کشمیری نوجوان فہیم نذیر پر مبینہ حملے کی مذمت

سرینگر، 9 اکتوبر//// جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے نئی دہلی میں کشمیری نوجوان فہیم نذیر پر مبینہ حملے کی سخت مذمت کرتے ہوئے اس واقعے کو انتہائی تشویشناک قرار دیا اور اس معاملے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ ڈاکٹر اندرابی نے کہا: "فہیم نذیر کشمیر کا بیٹا ہے اور ہندوستان کا بھی بیٹا ہے۔ وزیر اعظم پورے ملک کے وزیر اعظم ہیں، اور ان کا مداح ہونا یا ان کے تئیں اپنی پسندیدگی کا اظہار کرنا یقیناً کوئی جرم نہیں ہے۔ سیاسی اختلافات کسی بھی صورت میں تشدد کا جواز نہیں بن سکتے۔ اس طرح کی سفاکانہ حرکت جمہوریت میں قطعی طور پر ناقابل قبول ہے۔" ڈاکٹر اندرابی نے کہا کہ کسی بھی سیاسی وابستگی کی بنیاد پر کسی کو بھی قانون اپنے ہاتھ میں لینے کا اختیار حاصل نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا: "آج فہیم نذیر ہے، کل کوئی اور بھی ہو سکتا ہے۔ اگر کسی نوجوان ہندوستانی پر اپنے خیالات کے اظہار کی وجہ سے مبینہ طور پر حملہ کیا جاتا ہے تو ہم خاموش تماشائی نہیں بنے رہ سکتے۔ میں متعلقہ حکام سے اپیل کرتی ہوں کہ وہ غیر جانبداری کے ساتھ حقائق کا پتہ لگائیں اور اس بات ---/103

جاوید رانا نے مغل روڈ پر وائلڈ لائف ایکو ٹورازم ہٹ کا اِفتتاح کیا

سورنکوٹ میں ایک کروڑ 87 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر سہولت سے روزگار کو فروغ ملنے کی امید

سرنکوٹ/09 اکتوبر// وزیر برائے جل شکتی، جنگلات و ماحولیات اور قبائلی امور جاوید احمد رانا نے آج پونچھ ضلع کے سرنکوٹ علاقے میں مغل روڈ کے ساتھ 'وائلڈ لائف ایکو ٹورازم ہٹ' کا افتتاح کیا جسے محکمہ وائلڈ لائف پروٹیکشن نے تقریباً 1.87 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے یو ٹی کیپکس بجٹ کے تحت تعمیر کیا ہے۔ انہوں نے جموں و کشمیر میں ایکو ٹورازم انفراسٹرکچر کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ایسی سہولیات ماحولیاتی طور پر مالا مال علاقوں کے سیاحتی امکانات کو بروئے کار لانے کے لیے ضروری ہیں، جبکہ ترقی کاموں کے دوران ماحولیاتی تحفظ کا بھی خیال رکھا جائے۔ وزیر موصوف نے کہا، "مغل روڈ بے پناہ قدرتی حسن اور ماحولیاتی اہمیت کی حامل ہے۔ اس علاقے میں ایکو ٹورازم کی سہولیات کی ترقی سے سیاحوں کو فطرت کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملے گا اور ساتھ ہی ہماری بھرپور حیاتیاتی تنوع اور جنگلی حیات کے تحفظ کی اہمیت کے بارے میں بیداری بھی بڑھے گی۔" انہوں نے کہا کہ ایکو ٹورازم ہٹ مغل روڈ پر سیاحوں کے لئے دستیاب سہولیات میں اضافہ کرے گی اور خطے میں فطرت پر مبنی سیاحت کو فروغ دینے میں مدد دے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسی سہولیات سیاحوں کو علاقے کے قدرتی مقامات کی سیر کرنے کی ترغیب دے سکتی ہیں اور جنگلات، جنگلی حیات اور پہاڑی علاقوں کے نازک ماحولیاتی نظام کی قدر کرنے کا جذبہ بھی پیدا کر سکتی ہیں۔ وزیر برائے جنگلات و ماحولیات نے کہا، "ہمارا مقصد ایسی سیاحت کو فروغ ---/108

انڈیا پوسٹ 9 سے 15 اکتوبر تک قومی ڈاک ہفتہ منا رہا ہے

دور دراز علاقوں تک رسائی اور برآمدات کے فروغ کیلئے اقدامات کو اجاگر کیا گیا

سرینگر، 9 اکتوبر//// انڈیا پوسٹ کی جانب سے 9 سے 15 اکتوبر 2026 تک قومی ڈاک ہفتہ منایا جا رہا ہے۔ اس کا آغاز عالمی یوم ڈاک کے ساتھ ہوا، جو 1874 میں یونیورسل پوسٹل یونین کے قیام کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ سرینگر جنرل پوسٹ آفس کمپلیکس میں ذرائع ابلاغ سے خطاب کرتے ہوئے جموں و کشمیر ڈاک سرکل کے چیف پوسٹ ماسٹر جنرل ساگر ہیرامن سنگھ نے جموں، کشمیر اور لداخ کے عوام کو مبارکباد پیش کی اور قابل اعتماد، جدید ٹیکنالوجی پر مبنی ڈاک، بینکاری، بیمہ، پارسل اور عوامی ضروریات سے متعلق خدمات فراہم کرنے کے محکمے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ساگر ہیرامن سنگھ نے کہا کہ انڈیا پوسٹ کا وسیع نیٹ ورک شہری مراکز، دیہی علاقوں، سرحدی خطوں اور دور دراز مقامات تک پھیلا ہوا ہے، جن میں ڈوڈہ، کشتواڑ، ریاسی، راجوری، گریز، مڑھل، ٹنگڈار، کرناہ اور زنسکار شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ محکمے نے جموں و کشمیر میں پوسٹ آفس سیونگ بینک کے 17 لاکھ سے زیادہ کھاتے کھولے ہیں۔ بنیادی بینکاری، ڈیجیٹل بینکاری، ای-کے وائی سی اور انڈیا ---/107

بارہمولہ پولیس کی جانب سے سائبر جرائم کے خلاف بیداری مہم

بارہمولہ، 9 اکتوبر// سائبر تحفظ اور عوامی بیداری کو فروغ دینے کی مسلسل کوششوں کے تحت جموں و کشمیر پولیس نے بارہمولہ کے چندوسہ مارکیٹ میں سائبر بیداری اور عوامی تحفظ سے متعلق مہم چلائی۔ اس دوران دکانداروں اور عام لوگوں کو سائبر جرائم کی مختلف اقسام اور ان سے بچاؤ کے احتیاطی تدابیر کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ مہم کے دوران آن لائن دھوکہ دہی، یو پی آئی فراڈ، او ٹی پی کے ذریعے دھوکہ دہی، جعلی ادائیگی کے اسکرین شاٹس اور ڈیجیٹل گرفتاری کے نام پر کیے جانے والے فراڈ کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔ شرکا کو ڈیجیٹل لین دین کی تصدیق کرنے، اپنی ذاتی اور بینکاری معلومات کو محفوظ رکھنے اور مشتبہ فون کالز، پیغامات اور آن لائن سرگرمیوں سے ہوشیار رہنے کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ پولیس نے ---/106

چرار شریف میں میونسپل کمیٹی کی جانب سے مفت کھانے پینے کی اشیاء تقسیم

زائرین نے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا

بڈگام، 9 اکتوبر// وسطی کشمیر کے ضلع بڈگام میں واقع روحانی مرکز چرار شریف میں سالانہ عرس مبارک کے موقع پر میونسپل کمیٹی چرار شریف کی جانب سے زائرین کی سہولت کے لیے مفت کھانے پینے کی اشیاء تقسیم کی گئیں۔ سالانہ عرس مبارک میں شرکت کے لیے چرار شریف پہنچنے والے زائرین کو دن بھر چائے، پانی کی بوتلیں اور جوس فراہم کیے گئے۔ یہ اقدام زائرین کو سہولت پہنچانے اور انہیں درپیش مشکلات کو کم کرنے کے مقصد سے کیا گیا۔ تحصیلدار چرار شریف فدا محمد بٹ کی ہدایت پر اور میونسپل کمیٹی چرار شریف کے سیکریٹری محمد مقبول کی نگرانی میں کمیٹی کے اہلکاروں نے زائرین میں اشیائے خوردونوش تقسیم کرنے کا انتظام کیا۔ اس دوران دور دراز علاقوں سے آنے والے زائرین کو پینے کے پانی اور دیگر ضروری اشیاء کی مفت فراہمی یقینی بنانے کی کوشش کی گئی۔ زائرین نے میونسپل کمیٹی کی اس پہل پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عرس مبارک کے موقع پر مفت کھانے پینے کی اشیاء کی دستیابی سے انہیں سہولت ملی اور دن بھر جاری رہنے والی اس سرگرمی کے باعث انہیں ضروری اشیاء کے حصول میں کسی خاص دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ واضح رہے کہ چرار شریف میں سالانہ عرس مبارک کے موقع پر وادی کے مختلف علاقوں سمیت دور دراز مقامات سے عقیدت مند حاضری دیتے ہیں۔ ایسے مواقع پر زائرین کے لیے بنیادی سہولیات کی فراہمی اہمیت رکھتی ہے۔

ڈوڈہ میں محکمہ مال کی کارکردگی کا جائزہ

زمینوں کے ریکارڈ کو ڈیجیٹل بنانے پر زور

ڈوڈہ، 9 اکتوبر//// ڈپٹی کمشنر کرشن لال نے ٹرانسپورٹ کمشنر وشیش مہاجن کے ہمراہ آج ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی، جس میں ضلع ڈوڈہ میں زمینوں کے ریکارڈ کو ڈیجیٹل بنانے اور ایگری اسٹیک منصوبے پر عمل درآمد کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ وشیش مہاجن ضلع ڈوڈہ میں زمینوں کے ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن کے لیے بطور سرپرست بھی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں۔ میٹنگ کے دوران ایگری اسٹیک منصوبے پر عمل درآمد، زمینوں کے ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن، جمعبندیوں کی تجدید، کسانوں کے شناختی کارڈ بنانے، زیر التوا انتقالات کے معاملات نمٹانے اور محکمہ مال کی کارکردگی سے متعلق دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر زمینوں کے ریکارڈ میں درستگی اور شفافیت یقینی بنانے، انتظامی کارکردگی بہتر بنانے اور عوام کو خدمات کی موثر فراہمی کو مضبوط کرنے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ زیر التوا معاملات ---/109

ادھم پور کے ترقی پسند کیوی کاشتکاروں کا اروناچل پردیش کا دورہ

ڈپٹی کمشنر منگا شیرپا نے وفد کو زیرو وادی کے لئے روانہ کیا

ادھم پور، 9 اکتوبر//// ڈپٹی کمشنر ادھم پور منگا شیرپا نے آج ڈپٹی کمشنر دفتر کمپلیکس سے مقامی ترقی پسند کیوی باغبانوں اور محکمہ باغبانی کے افسران پر مشتمل وفد کو اروناچل پردیش کی زیرو وادی کے مطالعاتی دورے کے لیے روانہ کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر پریم سنگھ، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو ڈاکٹر ابھیشک شان اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ یہ مطالعاتی دورہ ضلعی انتظامیہ ادھم پور کی مالی معاونت اور زرعی ٹیکنالوجی مینجمنٹ ایجنسی کے اشتراک سے منعقد کیا گیا ہے۔ کاشتکاروں سے بات چیت کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کیوی کی کاشت میں جدید اور سائنسی طریقے اپنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس دورے سے کیوی کاشتکاروں کو جدید کاشتکاری، پیداوار کی ٹیکنالوجی اور زرعی مصنوعات کی قدر میں اضافے کے طریقوں سے متعلق عملی معلومات اور براہ راست تجربہ حاصل ہوگا۔ انہوں نے امید ظاہر ---/110

جی ڈی سی گاندربل میں 'یوا سمواد میلہ' کا انعقاد

گاندربل، 09 اکتوبر//// گورنمنٹ ڈگری کالج (جی ڈی سی) گاندربل کے این ایس ایس یونٹ نے مائی بھارت (MY BHARAT) کے اشتراک سے "نشہ مکت یوا فار وکست بھارت—100 ویک سنکلپ ابھیان" کے تحت 'یوا سمواد میلہ' کا انعقاد کیا۔ پروگرام کا موضوع "میرا سواستھ، میرا گرو (ماہ اول)" تھا۔ یہ پروگرام ڈاکٹر جمشید اختر، این ایس ایس پروگرام آفیسر و نوڈل آفیسر مائی بھارت کی نگرانی و رابطہ کاری میں منعقد ہوا، جس کا مقصد نوجوانوں میں صحت مند طرز زندگی، منشیات کے استعمال کی روک تھام اور منشیات سے پاک معاشرے کے قیام کے حوالے سے بیداری پیدا کرنا تھا۔ اس موقع پر پرنسپل ڈاکٹر رفیق احمد پیرزادہ نے این ایس ایس یونٹ کی کاوشوں ---/113

اننت ناگ میں خوانچہ فروشوں کیلئے غذائی تحفظ کی تربیت

200 خوانچہ فروشوں کو تربیت، حفظانِ صحت کی کٹس اور اسناد تقسیم

اننت ناگ، 9 اکتوبر//// فوڈ اینڈ ڈرگس ایڈمنسٹریشن (ایف ڈی اے) جموں و کشمیر نے نیشنل ایسوسی ایشن آف اسٹریٹ وینڈرز آف انڈیا (ناسوی) کے اشتراک سے ٹاؤن ہال اننت ناگ میں غذائی تحفظ سے متعلق تربیت اور اسناد کی تقسیم کا پروگرام منعقد کیا۔ نیسلے انڈیا کے تعاون سے منعقدہ اس پروگرام میں 200 خوانچہ فروشوں اور غذائی کاروبار سے وابستہ افراد نے شرکت کی، جبکہ اگلے مرحلے میں مزید 100 خوانچہ فروشوں کو تربیت دی جائے گی۔ تربیت کے دوران شرکا کو غذائی تحفظ کے تقاضوں، ذاتی صفائی، خوراک کو محفوظ طریقے سے سنبھالنے، اسے آلودگی سے بچانے، کھانا پکانے کے تیل کو بار بار استعمال کرنے کے نقصانات، غیر مجاز مصنوعی غذائی رنگوں کے استعمال اور کھانے کو لپیٹنے یا پیش کرنے کے لیے اخبارات استعمال کرنے کے مضر اثرات سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر خوراک تیار کرنے اور فروخت کرنے کی جگہوں پر صفائی ستھرائی ---/112

گریز میں موسم سرما کی تیاریوں کا جائزہ اور ضروری اشیاء کے وافر ذخیرے کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ نے گریز اور تولیل میں سڑک رابطے، راشن، بجلی، پانی اور طبی سہولیات کا جائزہ لیا

بانڈی پورہ، 9 اکتوبر//// ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے آج تولیل کے بڈوگام ڈاک بنگلہ میں ضلع اور متعلقہ محکموں کے افسران کے ساتھ ایک تفصیلی میٹنگ کی صدارت کی، جس میں گریز اور تولیل علاقوں میں موسم سرما سے قبل تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں برف سے ڈھکے رہنے والے علاقوں میں ضروری خدمات کی بلاخلل فراہمی، بروقت برف ہٹانے، سڑک رابطے برقرار رکھنے، بنیادی اشیائے ضروریہ کی دستیابی اور مناسب طبی انتظامات کو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ سڑکوں، پلوں اور جاری بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کا جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے بارڈر روڈز آرگنائزیشن (بی آر او) اور پی ایم جی ایس وائی سمیت متعلقہ انجینئرنگ محکموں سے تفصیلات طلب کیں۔ انہوں نے افسران کو زیر التوا کاموں میں تیزی لانے، رکاوٹوں اور سڑکوں کی الائنمنٹ سے متعلق مسائل حل کرنے اور مقررہ مدت کی سختی سے پابندی کرنے کی ہدایت دی، تاکہ شدید برف باری سے قبل اہم منصوبے مکمل کیے جا سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے بروقت برف ہٹانے کے لیے بی آر او اور محکمہ تعمیرات عامہ (آر اینڈ بی) اور محکمہ میکینکل انجینئرنگ کے درمیان قریبی منصوبہ بندی اور موثر تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ سڑکوں کے لحاظ سے برف ہٹانے کے منصوبے سب ڈویژنل مجسٹریٹ گریز کو پیش کریں اور مناسب مشینری، آلات اور افرادی قوت کی دستیابی یقینی بنائیں۔ اس سلسلے میں اہم شاہراہوں اور رابطہ سڑکوں کو ترجیح دینے کی ہدایت بھی دی گئی۔ اس موقع پر ایس ڈی ایم گریز مختار احمد نے رازدان ٹاپ اور گنزلوان میں برف ہٹانے والی مشینری کی ضرورت کو اجاگر کیا، بالخصوص زیڈ موڑ، خوشی موڑ اور رانے موڑ سے برف صاف کرنے کے لیے مشینری کی دستیابی پر زور دیا۔ داور اور نیل پیڈ سے ---/111

سرینگر ٹائمز

10 اکتوبر 2026ء بروز سنیچر وار

وزارتی کونسل میں توسیع کب؟
دو گھنٹوں کا معاملہ دو سالوں میں نامکمل کیوں؟

عمر عبداللہ کی قیادت میں نیشنل کانفرنس کو جموں وکشمیر میں برسرِ اقتدار آئے اب دو سال مکمل ہو گئے ہیں۔ یہ مدت معمولی ہے اور نہ کافی۔ گزرے ان دو برسوں کے دوران عوام کو جن معاملات کے حل ہونے کی امید تھی وہ اپنی جگہ قائم ہیں۔ نیشنل کانفرنس کے منشور میں درج کئی اہم وعدے پورے نہ کئے جا سکے۔ ان میں مفت بجلی (200 یونٹ) سرفہرست ہے۔ عمر عبداللہ جب جب کہتے ہیں کہ انہیں عوام نے شاندار طریقہ سے فتح یاب کیا ہے تو اس کے پیچھے ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ لوگوں نے عمر عبداللہ کے اس وعدہ پر بھروسہ کیا کہ اگر وہ حکومت کرنے کے قابل بن گئے تو سب سے پہلے 200 یونٹ بجلی مفت فراہم کریں گے۔ اس سلسلہ میں انہوں نے ایک بار یہ بھی کہا تھا کہ وہ سمارٹ میٹروں کو دریا برد کریں گے لیکن جب عمر عبداللہ شان کے ساتھ جیت گئے تو مفت بجلی کی فراہمی کا وعدہ التواء میں ڈالتے گئے البتہ عوام کے زبردست دباؤ کے تحت بالآخر انہوں نے کہا کہ صرف ان کو 200 یونٹ بجلی فراہم ہوگی جن کے مکانوں کی چھتوں پر سولار لائٹس کیلئے انتظامات کئے جا چکے ہوں۔ غریب لوگوں کیلئے یہ اعلان ان کے زخموں پر نمک چھڑک جانے سے کچھ کم نہیں تھا۔ اس دوران جب نیشنل کانفرنس کے ایک ترجمان نے کہا کہ ابھی حکومت چلانے کیلئے تین سال باقی ہیں۔ اسلئے یہ مسئلہ کسی بھی وقت حل کیا جائے گا۔ تو اس کا مطلب یہ نکل گیا کہ پہلے دو سال تک مفت بجلی حصول کرنے کا لوگوں کا خواب چکنا چور کیا گیا۔ یہ معاملہ اب سلجھنے کے بجائے الجھتا ہوا نظر آتا ہے۔ نہ جانے اس وعدہ کو پورا کرنے کیلئے ابھی اور کتنے سال لگ جائیں گے۔

دریں اثناء جموں وکشمیر اسمبلی میں توسیع کا معاملہ کسی معمہ سے کم نہیں ہے۔ جو کام دو گھنٹوں میں حل کیا جا سکتا ہے وہ دو سال کے بعد بھی حل نہیں ہو رہا ہے۔ قوائد کے مطابق جموں وکشمیر سرکار کی کابینہ میں دس وزیروں کی گنجائش ہے۔ اس وقت وزارتی کونسل میں وزیر اعلیٰ سمیت کل چھ وزیر موجود ہیں۔ جس کا مطلب یہ کہ مزید چار وزیروں کو داخل کیا جا سکتا ہے۔ اس معاملہ کو حلف وفاداری کی تقریب کے دوران ہی حل کیا جا سکتا تھا مگر نہ جانے اسے کیوں ٹال دیا گیا۔

کانگریس جو حکمران جماعت کی دوست ہے نے پہلے ہی کہا تھا کہ اسے سٹیٹ ہڈ کے ملنے تک وزارت میں شامل ہونے میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ اس لئے عمر عبداللہ کیلئے میدان کھلا تھا۔ آپ اپنی پارٹی میں سے مستحق اور مناسب چار ممبران اسمبلی کا انتخاب کرکے آسانی کے ساتھ انہیں وزارتی کرسیوں پر سجاتے مگر دو سال کا طویل عرصہ گزرنے کے باوجود وزارتی کونسل اتنی مختصر ہے کہ سارے محکموں کا بوجھ اٹھا نہیں سکتی۔ وزیر اعلیٰ وقفہ وقفہ کے بعد کابینہ میں توسیع کرنے کے اعلانات کرکے پارٹی میں ہلچل پیدا کرتے ہیں۔ لیکن ہر بار انہوں نے اپنا ارادہ بدل دیا۔ اب انہوں نے پارٹی لیڈر ڈاکٹر فاروق عبداللہ کی دہلی میں کچھ مصروفیات سے فارغ ہونے کے بعد وزارتی کونسل میں توسیع کرنے اعلان کرکے اپنے ممبران کو بے چین کر دیا ہے اگر یہ بات صحیح ہے کہ نیشنل کانفرنس کے ممبران اسمبلی منسٹر بننے کیلئے بے تاب ہیں اور اس دوڑ میں ایک دوسرے کو پیچھے چھوڑنے کی کوشش کر رہے ہیں تو یہ پارٹی کے ڈسپلن کی صحت کیلئے اچھی علامت نہیں ہے۔ عمر عبداللہ کو اس گاؤں کا نام نہیں لینا ہوگا۔ جہاں جانا ہی نہ ہو۔

رات کو سونے سے پہلے دودھ پینا کتنا مفید ہے؟

دودھ کو صدیوں سے ایک غذائیت بخش غذا کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ بچوں کی نشوونما سے لے کر بزرگوں کی ہڈیوں کی مضبوطی تک، دودھ کو متوازن غذا کا اہم حصہ سمجھا جاتا ہے۔ ہمارے معاشرے میں رات کو سونے سے پہلے ایک گلاس گرم دودھ پینے کی روایت بھی عام ہے۔ بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ اس عادت سے نیند جلد آتی ہے، جسم کو سکون ملتا ہے اور دن بھر کی تھکن دور ہو جاتی ہے۔ لیکن کیا واقعی رات کو دودھ پینا نیند کے لیے مفید ہے؟ اس کے جسم پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں اور کیا ہر شخص کے لیے یہ عادت فائدہ مند ہے؟ ان سوالات کو سمجھنا ضروری ہے تاکہ دودھ کو صحت مند طرز زندگی کا مناسب حصہ بنایا جا سکے۔

دودھ میں پروٹین، کیلشیم، فاسفورس، وٹامن بی 12 اور دیگر اہم غذائی اجزا پائے جاتے ہیں۔ اس میں موجود پروٹین جسم کے پٹھوں کی مرمت اور نشوونما میں مدد دیتا ہے، جبکہ کیلشیم اور فاسفورس ہڈیوں اور دانتوں کی مضبوطی کے لیے ضروری ہیں۔ دودھ میں موجود پروٹین کی دو اہم اقسام، کیسین اور وے، جسم کو ضروری امینو ایسڈ فراہم کرتی ہیں۔ اس لیے رات کو دودھ پینے سے ان افراد کو بھی غذائیت حاصل ہو سکتی ہے جن کی روزمرہ خوراک میں پروٹین یا کیلشیم کی مقدار کم ہوتی ہے۔ تاہم دودھ کو متوازن غذا کا متبادل نہیں سمجھنا چاہیے، بلکہ اسے دوسری صحت بخش غذاؤں کے ساتھ استعمال کرنا زیادہ مناسب ہے۔

رات کو دودھ پینے کے حوالے سے سب سے زیادہ دلچسپی نیند پر اس کے ممکنہ اثرات کی وجہ سے پائی جاتی ہے۔ دودھ میں ٹرپٹوفین نامی ایک امینو ایسڈ موجود ہوتا ہے، جو جسم میں سیروٹونن اور میلاٹونن کی تیاری کے عمل میں کردار ادا کرتا ہے۔ میلاٹونن ایک ہارمون ہے جو جسم کے قدرتی نیند اور بیداری کے نظام کو منظم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اسی وجہ سے یہ خیال کیا جاتا ہے کہ دودھ پینے سے نیند بہتر ہو سکتی ہے۔ تاہم عام مقدار میں دودھ پینے سے نیند پر پڑنے والے اثرات کے بارے میں سائنسی شواہد ابھی محدود ہیں۔ اس لیے یہ کہنا درست نہیں کہ دودھ پینے سے ہر شخص کو لازماً گہری اور پرسکون نیند آئے گی۔

گرم دودھ پینے کی عادت بعض افراد کو ذہنی سکون بھی فراہم کر سکتی ہے۔ دن بھر کی مصروفیات، کام کے دباؤ اور مسلسل اسکرین کے استعمال کے بعد اگر کوئی شخص سونے سے پہلے چند منٹ سکون سے بیٹھ کر دودھ پیتا ہے تو یہ معمول اسے آرام کے لیے ذہنی طور پر تیار کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔ اس صورت میں فائدہ صرف دودھ کے غذائی اجزا تک محدود نہیں رہتا، بلکہ سونے سے پہلے ایک مستقل اور پرسکون معمول اپنانا بھی اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ اچھی نیند کے لیے ضروری ہے کہ سونے اور جاگنے کے اوقات باقاعدہ رکھے جائیں، رات کے وقت تیز روشنی اور موبائل فون کے استعمال کو کم کیا جائے اور سونے سے پہلے کیفین والے مشروبات سے اجتناب کیا جائے۔

دودھ کی مقدار اور اس کی قسم کا انتخاب بھی اہم ہے۔ ایک عام گلاس دودھ میں موجود کیلوریز اس کی چکنائی اور مقدار کے مطابق مختلف ہو سکتی ہیں۔ اگر کوئی شخص وزن کم کرنے کی کوشش کر رہا ہے تو اسے اپنی مجموعی خوراک اور روزانہ کیلوریز کا خیال رکھتے ہوئے دودھ کا انتخاب کرنا چاہیے۔ کم چکنائی والا دودھ بعض افراد کے لیے مناسب انتخاب ہو سکتا ہے، جبکہ ایسے افراد جنہیں زیادہ توانائی درکار ہوتی ہے، وہ اپنی غذائی ضروریات کے مطابق دوسری اقسام استعمال کر سکتے ہیں۔ دودھ میں اضافی چینی، شکر یا میٹھے اجزا شامل کرنے سے اس کی کیلوریز بڑھ جاتی ہیں، اس لیے بلاضرورت زیادہ مٹھاس شامل کرنے سے گریز کرنا بہتر ہے۔

اگرچہ دودھ بہت سے لوگوں کے لیے مفید ہے، لیکن ہر شخص کا نظام ہاضمہ یکساں نہیں ہوتا۔ بعض افراد کو دودھ پینے کے بعد پیٹ میں گیس، اپھارہ، مروڑ یا اسہال کی شکایت ہوتی ہے۔ اس کی ایک ممکنہ وجہ لیکٹوز عدم برداشت ہے، جس میں جسم دودھ میں موجود قدرتی شکر یعنی لیکٹوز کو مناسب طریقے سے ہضم نہیں کر پاتا۔ ایسے افراد رات کو دودھ پینے سے ہونے والی تکلیف کے باعث اپنی نیند بھی متاثر کر سکتے ہیں۔ وہ لیکٹوز سے پاک دودھ، مناسب مقدار میں دہی یا کیلشیم سے بھرپور دیگر غذاؤں کے بارے میں غور کر سکتے ہیں۔ اگر دودھ سے الرجی ہو تو اس کا استعمال طبی مشورے کے بغیر جاری نہیں رکھنا چاہیے۔

رات کو دودھ پینے کے وقت پر بھی توجہ دینا ضروری ہے۔ سونے سے بالکل پہلے بہت زیادہ مقدار میں دودھ پینے سے بعض افراد کو پیٹ بھرا محسوس ہو سکتا ہے یا رات کے دوران پیشاب کے لیے اٹھنا پڑ سکتا ہے۔ تیزابیت یا معدے میں غذا واپس آنے کی شکایت رکھنے والے افراد کو لیٹنے سے فوراً پہلے دودھ پینے سے تکلیف ہو سکتی ہے۔ ایسے افراد کے لیے بہتر ہے کہ وہ اپنی برداشت کے مطابق مقدار کم رکھیں اور سونے سے کچھ وقت پہلے دودھ پی لیں۔ اسی طرح دودھ پینے کے بعد دانت صاف کرنا یا مناسب طریقے سے منہ کی صفائی کرنا ضروری ہے تاکہ دانتوں پر غذا کی باقیات جمع نہ ہوں۔

بچوں، نوجوانوں اور بزرگوں کے لیے دودھ کی اہمیت ان کی غذائی ضروریات کے مطابق مختلف ہو سکتی ہے۔ بڑھتی عمر کے بچوں کو ہڈیوں اور دانتوں کی نشوونما کے لیے کیلشیم اور پروٹین درکار ہوتے ہیں، جبکہ بزرگوں میں ہڈیوں کی کمزوری سے بچاؤ کے لیے مناسب غذائیت اہم ہے۔ تاہم صرف دودھ پینے سے ہڈیوں کی تمام ضروریات پوری نہیں ہوتیں۔ وٹامن ڈی، جسمانی سرگرمی، متوازن غذا اور مناسب دھوپ بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ جن افراد کو دودھ پسند نہیں یا وہ اسے ہضم نہیں کر سکتے، وہ ڈاکٹر یا ماہر غذائیت کے مشورے سے متبادل غذاؤں کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

رات کو سونے سے پہلے دودھ پینا بہت سے افراد کے لیے ایک مفید اور غذائیت بخش عادت ہو سکتی ہے، لیکن اسے نیند کی خرابی کا یقینی علاج نہیں سمجھنا چاہیے۔ اس کے فوائد کا انحصار فرد کی مجموعی خوراک، صحت، نظام ہاضمہ اور طرز زندگی پر ہوتا ہے۔ اگر دودھ پینے سے سکون ملتا ہے اور ہاضمے میں کوئی مسئلہ نہیں ہوتا تو اسے رات کے معمول میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ تاہم اچھی نیند کے لیے باقاعدہ معمول، متوازن غذا، جسمانی سرگرمی اور ذہنی سکون بھی اتنے ہی اہم ہیں۔ صحت مند زندگی کا راز کسی ایک غذا میں نہیں، بلکہ روزمرہ کی متوازن عادات اور اپنی جسمانی ضروریات کو سمجھنے میں پوشیدہ ہے۔

بینائی کا عالمی دن: آنکھوں کی حفاظت، روشن مستقبل کی ضمانت

عادل مجید

انسانی زندگی میں بینائی ایک ایسی نعمت ہے جس کی اہمیت کا احساس اکثر اس وقت ہوتا ہے جب نظر کمزور ہونے لگتی ہے یا آنکھوں کو کسی بیماری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ہماری آنکھیں ہمیں دنیا کے رنگوں سے روشناس کراتی ہیں، کتابیں پڑھنے، چہروں کو پہچاننے، راستے تلاش کرنے اور روزمرہ کے کام انجام دینے میں مدد دیتی ہیں۔ بینائی نہ صرف تعلیم، روزگار اور خود مختاری کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ انسان کی مجموعی زندگی کے معیار پر بھی گہرا اثر ڈالتی ہے۔ اسی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے بینائی کے عالمی دن کے موقع پر آنکھوں کی صحت، نظر کی حفاظت اور بینائی سے متعلق بیماریوں کی بروقت تشخیص کے بارے میں عوامی بیداری پیدا کرنا ضروری ہے۔

بینائی کا عالمی دن ہر سال اکتوبر کے دوسرے جمعرات کو منایا جاتا ہے۔ اس دن کا بنیادی مقصد لوگوں کو آنکھوں کی صحت کی اہمیت سمجھانا، بینائی سے محرومی کے قابل تدارک اسباب کے بارے میں آگاہ کرنا اور آنکھوں کے معائنے کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ دنیا کے مختلف حصوں میں لاکھوں افراد نظر کی کمزوری اور آنکھوں کی بیماریوں کا سامنا کرتے ہیں، تاہم ان میں سے بہت سے مسائل کی بروقت تشخیص اور مناسب علاج کے ذریعے روک تھام ممکن ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ آنکھوں کی دیکھ بھال کو صرف بیماری کی صورت میں علاج تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ اسے روزمرہ زندگی کا حصہ بنایا جائے۔

موجودہ دور میں اسمارٹ فون، کمپیوٹر، ٹیلی ویژن اور دیگر ڈیجیٹل آلات کے بڑھتے ہوئے استعمال نے آنکھوں کی صحت کو ایک اہم عوامی مسئلہ بنا دیا ہے۔ طلبہ کئی گھنٹے موبائل فون اور کمپیوٹر پر گزار دیتے ہیں، جبکہ دفتری ملازمین بھی طویل وقت تک اسکرین کے سامنے بیٹھ کر کام کرتے ہیں۔ مسلسل اسکرین دیکھنے سے آنکھوں میں تھکن، خشکی، جلن، سر درد اور عارضی دھندلاہٹ جیسی علامات پیدا ہو سکتی ہیں۔ اگرچہ ڈیجیٹل آلات کا استعمال بذات خود ہر صورت مستقل بینائی کے نقصان کا سبب نہیں بنتا، لیکن طویل وقت تک بغیر وقفے کے اسکرین دیکھنا آنکھوں پر دباؤ بڑھا سکتا ہے۔

ان مسائل سے بچنے کے لیے چند آسان عادات اپنانا مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ اسکرین استعمال کرتے ہوئے ہر 20 منٹ بعد تقریباً 20 فٹ دور کسی چیز کو 20 سیکنڈ تک دیکھنے کا اصول اپنایا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اسکرین سے مناسب فاصلہ رکھنا، کمرے میں روشنی کا مناسب انتظام کرنا، بار بار پلکیں جھپکانا اور مسلسل بیٹھے رہنے کے بجائے وقفہ لینا بھی ضروری ہے۔ بچوں کے لیے خاص طور پر یہ اہم ہے کہ ان کے اسکرین ٹائم کو متوازن رکھا جائے اور انہیں بیرونی سرگرمیوں، کھیل کود اور جسمانی ورزش کے لیے مناسب وقت دیا جائے۔

آنکھوں کی صحت کے حوالے سے ایک اہم مسئلہ یہ ہے کہ بعض خطرناک بیماریاں ابتدائی مرحلے میں واضح علامات ظاہر نہیں کرتیں۔ گلوکوما، جسے عام طور پر کالا موتیا کہا جاتا ہے، ایسی ہی بیماریوں میں شامل ہے جو بینائی کے عصب کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔ اس بیماری میں ابتدا میں نظر متاثر ہونے کا احساس نہیں بھی ہو سکتا، لیکن علاج میں تاخیر مستقل بینائی کے نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔ اسی طرح ذیابیطس کے مریضوں میں آنکھوں کی خون کی نالیوں کو نقصان پہنچنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے، جسے ذیابیطس ریٹینوپیتھی کہا جاتا ہے۔ موتیا بھی نظر کی کمزوری کی ایک عام وجہ ہے، تاہم مناسب طبی معائنے اور علاج سے اس کے اثرات کو کم کیا جا سکتا ہے۔

ان بیماریوں کے پیش نظر آنکھوں کا باقاعدہ معائنہ نہایت اہم ہے۔ لوگوں کو یہ غلط فہمی دور کرنی چاہیے کہ جب تک نظر بالکل ٹھیک ہے، آنکھوں کے ڈاکٹر کے پاس جانے کی ضرورت نہیں۔ بعض بیماریوں کا پتا صرف تفصیلی معائنے کے ذریعے ہی چل سکتا ہے۔ بچوں کی نظر کی جانچ اس لیے ضروری ہے کہ کمزور بینائی ان کی پڑھائی، توجہ اور تعلیمی کارکردگی کو متاثر کر سکتی ہے۔ اگر کوئی بچہ کتاب بہت قریب رکھ کر پڑھتا ہو، بار بار آنکھیں ملتا ہو، دور کی چیزیں دیکھنے کے لیے آنکھیں سکیڑتا ہو یا پڑھائی کے دوران سر درد کی شکایت کرتا ہو تو والدین کو اس کی بینائی کا معائنہ کرانا چاہیے۔

اسی طرح عمر رسیدہ افراد، ذیابیطس اور بلند فشار خون کے مریضوں اور خاندان میں آنکھوں کی بیماریوں کی تاریخ رکھنے والے افراد کو اپنی آنکھوں کی صحت کے حوالے سے خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ اچانک نظر کم ہونا، روشنی کی چمکیں دکھائی دینا، آنکھوں کے سامنے سیاہ تیرتے دھبے نظر آنا یا نظر کے سامنے پردہ سا محسوس ہونا ایسی علامات ہیں جنہیں نظرانداز نہیں کرنا چاہیے۔ ان صورتوں میں فوری طبی معائنہ ضروری ہے، کیونکہ بعض علامات آنکھ کے پردے سے متعلق سنگین مسئلے کی نشاندہی کر سکتی ہیں۔

آنکھوں کی حفاظت میں متوازن غذا بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ سبز پتوں والی سبزیاں، گاجر، موسمی پھل، انڈے، مچھلی، گری دار میوے اور دیگر غذائیت سے بھرپور غذائیں مجموعی صحت کے ساتھ آنکھوں کے لیے بھی مفید ہیں۔ مناسب نیند، باقاعدہ جسمانی سرگرمی، ذیابیطس اور بلڈ پریشر پر قابو اور تمباکو نوشی سے اجتناب بھی آنکھوں کی صحت کو بہتر رکھنے میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ دھوپ میں باہر نکلتے وقت بالائے بنفشی شعاعوں سے تحفظ فراہم کرنے والے معیاری چشمے استعمال کرنا اور کام کے دوران آنکھوں کو ممکنہ چوٹ سے بچانے کے لیے حفاظتی چشمے پہننا بھی ضروری ہے۔

بینائی کے تحفظ کے لیے صرف انفرادی کوششیں کافی نہیں بلکہ خاندان، تعلیمی اداروں، طبی مراکز اور متعلقہ سرکاری اداروں کو بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ اسکولوں میں بچوں کی بینائی کی جانچ، دور دراز علاقوں میں آنکھوں کے معائنے کی سہولیات، مفت یا کم خرچ علاج اور عوامی آگاہی مہمات کے ذریعے بہت سے افراد کو بروقت تشخیص اور علاج کی سہولت فراہم کی جا سکتی ہے۔ غریب خاندانوں کے بچوں کو مناسب چشمے دستیاب کرانا بھی ضروری ہے تاکہ کمزور نظر ان کی تعلیم اور مستقبل کی راہ میں رکاوٹ نہ بنے۔

بینائی کا عالمی دن ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ آنکھوں کی حفاظت کسی ایک دن کی سرگرمی نہیں بلکہ زندگی بھر کی ذمہ داری ہے۔ اگر ہم معمولی علامات کو سنجیدگی سے لیں، باقاعدگی سے آنکھوں کا معائنہ کرائیں، صحت مند عادات اپنائیں اور دوسروں کو بھی اس بارے میں آگاہ کریں تو بینائی سے محرومی کے متعدد قابل تدارک اسباب پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ ہماری آنکھیں قدرت کا انمول تحفہ ہیں اور ان کی حفاظت ہماری اپنی ذمہ داری ہے۔ آج اٹھایا گیا ایک چھوٹا سا قدم کل کسی کی دنیا کو اندھیرے سے بچا سکتا ہے۔

خبرونظر

چلتے ہوئے پاؤں مڑ جانا، معمولی چوٹ یا کسی بڑی پریشانی کی علامت؟

بلال احمد بٹ

چلتے ہوئے اچانک پاؤں مڑ جانا ایک عام مسئلہ ہے، جس کا سامنا بچوں، نوجوانوں اور بزرگوں سمیت کسی بھی عمر کے افراد کو ہو سکتا ہے۔ ناہموار راستے پر چلتے ہوئے، سیڑھیاں اترتے وقت، دوڑتے یا کھیل کود کے دوران پاؤں غلط انداز میں زمین پر پڑنے سے ٹخنے کے اردگرد موجود رباط (لیگامنٹس) کھنچ سکتے ہیں یا ان میں چوٹ آ سکتی ہے۔ بعض اوقات یہ چوٹ معمولی ہوتی ہے اور آرام کرنے سے ٹھیک ہو جاتی ہے، لیکن شدید صورت میں درد، سوجن اور چلنے پھرنے میں دشواری پیدا ہو سکتی ہے۔ اس لیے پاؤں مڑنے کے بعد علامات کو سمجھنا اور مناسب اقدامات کرنا ضروری ہے۔

پاؤں مڑنے کی عام وجوہات

پاؤں یا ٹخنے کے مڑنے کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں۔ ناہموار زمین، گڑھے، پھسلن، نامناسب جوتے اور جلد بازی میں چلنا اس مسئلے کا سبب بن سکتے ہیں۔ بعض افراد جسمانی توازن برقرار نہ رکھ پانے یا ٹخنے کے پٹھوں کی کمزوری کی وجہ سے بھی اس کا شکار ہو جاتے ہیں۔ کھیلوں میں حصہ لینے والے افراد، خصوصاً دوڑنے اور چھلانگ لگانے والے کھلاڑیوں میں ٹخنے کی چوٹ کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔ اگر کسی شخص کا ٹخنہ پہلے بھی کئی مرتبہ مڑ چکا ہو تو دوبارہ چوٹ لگنے کا امکان بڑھ سکتا ہے۔

کون سی علامات ظاہر ہو سکتی ہیں؟

پاؤں مڑنے کے بعد ٹخنے میں درد، سوجن، نیل پڑنا اور متاثرہ جگہ کو حرکت دینے میں دشواری عام علامات ہیں۔ بعض افراد کو پاؤں زمین پر رکھتے وقت شدید درد محسوس ہوتا ہے، جبکہ کچھ لوگ معمولی تکلیف کے باوجود چلنے کے قابل رہتے ہیں۔ تاہم صرف چل سکنے کی بنیاد پر یہ فیصلہ نہیں کیا جا سکتا کہ چوٹ معمولی ہے۔ اگر درد بہت زیادہ ہو، پاؤں کی شکل غیر معمولی نظر آئے، سوجن تیزی سے بڑھے یا متاثرہ پاؤں پر وزن رکھنا ممکن نہ ہو تو فوری طبی معائنہ ضروری ہے۔ پاؤں سن ہونے، ٹھنڈا پڑنے یا رنگ بدلنے کی صورت میں بھی تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔

فوری طور پر کیا کرنا چاہیے؟

پاؤں مڑنے کے فوراً بعد سب سے پہلے چلنا جاری رکھنے کے بجائے رک جائیں اور متاثرہ ٹخنے کو آرام دیں۔ اگر وزن ڈالنے سے درد بڑھتا ہو تو اس پر زبردستی چلنے کی کوشش نہ کریں۔ کپڑے میں لپٹی برف کو 15 سے 20 منٹ تک متاثرہ جگہ پر رکھا جا سکتا ہے، لیکن برف براہ راست جلد پر نہ لگائیں۔ اس عمل کو ضرورت کے مطابق وقفوں سے دہرایا جا سکتا ہے۔ پاؤں کو تکیے کی مدد سے دل کی سطح سے اونچا رکھنے سے سوجن کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

اگر مناسب طریقے سے پٹی باندھنے کا علم ہو تو لچک دار پٹی استعمال کی جا سکتی ہے، لیکن اسے اتنا سخت نہ باندھیں کہ خون کی گردش متاثر ہو۔ اگر پٹی باندھنے کے بعد پاؤں میں سن پن، ٹھنڈک یا رنگت میں تبدیلی محسوس ہو تو اسے فوراً ڈھیلا کریں۔ شدید درد، ہڈی ٹوٹنے کے شبہے یا پاؤں پر وزن نہ ڈال سکنے کی صورت میں گھریلو علاج پر انحصار کرنے کے بجائے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

آرام کے ساتھ بحالی بھی ضروری ہے

ٹخنے کی چوٹ کے بعد مکمل طور پر صحت یاب ہونے میں چند دن سے کئی ہفتے لگ سکتے ہیں، جبکہ شدید چوٹ میں زیادہ وقت درکار ہوتا ہے۔ ابتدا میں متاثرہ پاؤں کو آرام دینا ضروری ہے، لیکن طویل عرصے تک بلاضرورت حرکت سے گریز کرنے سے جوڑ میں اکڑاؤ اور پٹھوں کی کمزوری پیدا ہو سکتی ہے۔ درد اور سوجن میں کمی آنے کے بعد ڈاکٹر یا فزیوتھراپسٹ کے مشورے سے ہلکی ورزشیں شروع کی جا سکتی ہیں۔ ٹخنے کو آہستہ آہستہ حرکت دینا، توازن کی مشقیں کرنا اور پٹھوں کو مضبوط بنانا دوبارہ چوٹ لگنے کے خطرے کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔

پاؤں مڑنے سے بچاؤ کیسے ممکن ہے؟

روزمرہ زندگی میں چند احتیاطی تدابیر اپنا کر اس مسئلے کے امکانات کم کیے جا سکتے ہیں۔ چلتے وقت راستے پر توجہ دیں، گڑھوں اور پھسلن والی جگہوں سے محتاط رہیں اور ایسے جوتے پہنیں جو پاؤں کو مناسب سہارا فراہم کریں۔ ورزش یا کھیل شروع کرنے سے پہلے جسم کو گرم کرنے کی مشقیں کریں اور جسمانی سرگرمی کی شدت میں بتدریج اضافہ کریں۔ اگر ٹخنہ پہلے کئی مرتبہ مڑ چکا ہو تو اس کی وجہ معلوم کرنے اور مناسب ورزشوں کے لیے طبی مشورہ لینا بہتر ہے۔

پاؤں مڑ جانا بظاہر معمولی واقعہ محسوس ہو سکتا ہے، لیکن اسے مسلسل نظرانداز کرنا بعض اوقات دیرپا درد اور ٹخنے کے عدم استحکام کا باعث بن سکتا ہے۔ بروقت آرام، مناسب ابتدائی دیکھ بھال اور ضرورت پڑنے پر طبی معائنے سے صحت یابی کے امکانات بہتر ہوتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ درد کے باوجود زبردستی چلنا یا چوٹ کو معمولی سمجھ کر علاج میں تاخیر کرنا درست نہیں۔ اپنے جسم کی علامات کو سمجھنا اور بروقت احتیاط کرنا ہی صحت مند اور متحرک زندگی کی بنیاد ہے۔

یوکرین کا روس کے مصنوعی ذہانت کے ڈیٹا انفرا اسٹرکچر پر حملہ

کیف، 9 اکتوبر (یو این آئی) یوکرین کے ڈرون حملوں میں روس کی معروف ڈیجیٹل کمپنی یانڈیکس کے ایک مصنوعی ذہانت (اے آئی) ڈیٹا سینٹر کو جزوی طور پر ناکارہ بنا دیا گیا ہے۔ یہ دعویٰ کیا گیا ہے اور ایک روسی کمپنی

کے ایک ڈیٹا سینٹر کو بھی نشانہ بنایا گیا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یوکرین کی فوجی مہم کا دائرہ روس کے ٹیکنالوجی انفراسٹرکچر تک وسیع ہو رہا ہے۔ اس سے قبل ماسکو میں بھی یوکرین نے ڈیٹا مراکز کو نشانہ بنایا تھا۔ یانڈیکس، جو روس میں مصنوعی ذہانت کی ترقی کے منصوبوں میں اہم کردار ادا کرتی ہے، کے مطابق ماسکو کے جنوب مغرب میں واقع کالوگا خطے میں اس کے ڈیٹا سینٹر پر یوکرینی ڈرونز نے حملہ کیا جس سے اس کا کام جزوی طور پر متاثر ہوا۔

ایک بڑا ڈیٹا سینٹر بند ہو گیا تھا۔ یہاں کمپنی کے اے آئی ماڈلز تیار کرنے کے لیے استعمال ہونے والے کمپیوٹر سسٹم موجود تھے۔ کمپنی کے مطابق اس کی خدمات جاری رکھنے کے لیے دیگر مراکز سے مدد لی جا رہی ہے اور ان حملوں سے صارفین کی خدمات پر اثر کم سے کم رکھنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یاد رہے کہ یوکرین حالیہ مہینوں میں روس کی توانائی تنصیبات اور دیگر اہم ڈھانچوں کو نشانہ بناتا رہا ہے۔

ترکیہ اور چین کے مابین سیٹلائٹ ٹیکنالوجی کا معاہدہ

انقرہ، 9 اکتوبر (یو این آئی) ترکیہ اور چین سیٹلائٹ ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون کے لیے ایک معاہدے پر متفق ہو گئے ہیں۔ ترکش ایرو اسپیس اور چائنا گریٹ وال انڈسٹری کارپوریشن کے درمیان دستخط شدہ ایک مشترکہ ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اور کمرشلائزیشن کے معاہدے کے تحت دونوں ممالک خلائی ٹیکنالوجی میں مل کر کام کریں گے۔ یہ معاہدہ 77 ویں انٹرنیشنل ایسٹروناٹیکل کانگریس کے موقع پر طے پایا۔

انادولو سے حاصل کردہ معلومات کے مطابق، ترکیہ اور چین کے درمیان قائم سیٹلائٹ تعاون کے مقصد کے تحت اس معاہدے میں چھوٹے سیٹلائٹس، پروڈکٹ ڈیولپمنٹ اور کمرشلائزیشن کے شعبوں میں تعاون شامل ہے۔ دونوں اداروں کے درمیان تعاون کا مقصد تیسرے ممالک کی منڈیوں تک رسائی بھی ہے۔

گئی۔ اب ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر ڈیولپمنٹ میں تعاون کے ساتھ، یہ معاہدہ ترکیہ اور چین کے درمیان خلائی ٹیکنالوجی میں مشترکہ آر اینڈ ڈی اور پیداوار کے ایک نئے مرحلے کی نشاندہی کرتا ہے۔ معاہدے کے تحت ترکش ایرو اسپیس اور چائنا گریٹ وال انڈسٹری کارپوریشن سیٹلائٹ کمیونیکیشن سسٹم اور ہارڈ ویئر ٹیکنالوجی کے شعبوں میں مل کر کام کریں گے۔

میکسیکو کی جیل میں پرتشدد جھڑپ، ایک بچے سمیت 10 افراد ہلاک، 16 زخمی

میکسیکو سٹی، 9 اکتوبر (یو این آئی) میکسیکو کی شمال مغربی ریاست سنالوا کے شہر مازاتلان میں واقع جیل میں جمعہ کو قیدیوں کے درمیان ہونے والی پرتشدد جھڑپ میں ایک بچے اور 9 قیدیوں سمیت 10 افراد کی موت ہو گئی۔ اس واقعے میں دیگر 16 قیدی زخمی ہوئے ہیں۔ صوبائی پبلک سیکیورٹی سکریٹریٹ نے ایک بیان میں بتایا کہ جھڑپ کے بعد شدید طور پر زخمی 16 قیدیوں کو علاج کے لیے اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ سنالوا کے پبلک سیکیورٹی سکریٹری نے سوشل میڈیا پر جاری ویڈیو میں ہلاک ہونے والوں میں شامل ایک نابالغ بچے کی بھی تصدیق کی ہے، جو ملاقاتیوں میں سے

ایک تھا۔ انہوں نے بتایا کہ سیکیورٹی فورسز کی مشترکہ ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر صورتحال کو مکمل طور پر کنٹرول میں لے لیا ہے۔ واقعے کے بعد احتیاط کے طور پر جیل میں ملاقاتیوں کی آمد و رفت پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ ریاستی پراسیکیوٹر کے دفتر نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ حکام کے مطابق جیل کے باقی قیدی محفوظ ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ سنالوا ریاست ڈرگ کارٹیل کے گروہوں کے درمیان باہمی بالادستی کی جنگ کا اہم مرکز رہی ہے۔ حکام نے تاہم ابھی تک یہ واضح نہیں کیا ہے کہ جیل کے اندر ہونے والے اس تشدد کا تعلق ڈرگ کارٹیل کی دھڑے بازی سے تھا یا نہیں۔

روس یوکرین جنگ ختم کرنے کیلئے امریکی نمائندوں کی یوکرینی اور یورپی حکام سے میامی میں بات چیت

واشنگٹن، 9 اکتوبر (یو این آئی) امریکی صدر کے خصوصی نمائندے اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر آج میامی میں یوکرین اور یورپی حکام سے ملاقات کریں گے، جس میں روس کے ساتھ جاری جنگ کے خاتمے کے لیے مذاکرات میں پیش رفت کی خاطر نئی تجاویز پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ امریکی اور یوکرینی حکام نے یہ اطلاع دی۔ ٹرمپ انتظامیہ امریکی وسط مدتی انتخابات اور یوکرین میں شدید سردی کے آغاز سے قبل سفارتی محاذ پر اہم پیش رفت کی کوشش کر رہی ہے۔ زیر غور تجاویز میں توانائی کے بنیادی ڈھانچے اور اناج کی ترسیل پر حملے روکنے کے لیے جزوی

ہیں۔ اگر جنگ نہیں رکی تو یہ موسم سرما انتہائی مشکل ہوگا۔ اسی لیے امریکہ فریقین کے درمیان ثالثی کر رہا ہے تاکہ ایک مشترکہ تجویز تیار کی جا سکے۔ وٹکوف اور کشنر نے ستمبر کے اوائل میں ماسکو اور کیف کا دورہ کیا تھا اور اس کے بعد سے دونوں فریقوں کے ساتھ مل کر اس منصوبے کو حتمی شکل دینے پر کام کر رہے ہیں۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے

مطابق، وٹکوف اور کشنر نے جمعرات کو صدر ڈونالڈ ٹرمپ سے ملاقات کر کے تازہ ترین امریکی تجویز پیش کی اور میامی میں ہونے والے مذاکرات سے قبل ان کی رائے حاصل کی۔ توقع ہے کہ یہ بات چیت دو روز تک جاری رہے گی۔ اس ملاقات میں وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ اور نائب قومی سلامتی مشیر اینڈی بیکر بھی شریک تھے۔ یوکرین کے وفد

میں صدارتی چیف آف اسٹاف کیریلو بوڈانوف، خارجہ انٹیلی جنس کے سربراہ رستم عمروف، سلامتی مشیر سرگئی کیسلتسیا اور رکن پارلیمنٹ ڈیوڈ اراخامیا شامل ہو سکتے ہیں۔ امریکہ نے برطانیہ، فرانس اور جرمنی کے قومی سلامتی کے مشیروں کے علاوہ نیٹو اور یورپی یونین کے عہدیداروں کو بھی مدعو کیا ہے۔

بنگلہ دیش میں غربت اور معاشی عدم مساوات میں اضافہ، حکومتی ترجیحات پر سوالات

ڈھاکہ، 9 اکتوبر۔ ایم این این / بنگلہ دیش میں بڑھتی غربت، بے روزگاری اور معاشی عدم مساوات نے ملک کی اقتصادی صورتحال پر سنگین سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ عالمی بینک کے تازہ تخمینوں کے مطابق ملک میں غربت کی شرح 2022 میں 18.7 فیصد سے بڑھ کر 22.5 فیصد ہو گئی ہے جبکہ 2026-27 میں اس کے 22.8 فیصد تک پہنچنے کا خدشہ ہے۔ عالمی بینک نے بنگلہ دیش کی اقتصادی ترقی کا تخمینہ بھی 6.4 فیصد سے گھٹا کر 4.3 فیصد کر دیا ہے۔ گزشتہ مالی سال کے دوران تقریباً 21 لاکھ مزید

افراد غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے۔ معاشی تجزیے میں کہا گیا ہے کہ بڑھتی مہنگائی کا بحران، صنعتی پیداوار میں کمی اور روزگار کے محدود مواقع نے عام شہریوں کی مشکلات بڑھا دی ہیں۔ دوسری جانب امیر اور غریب کے درمیان معاشی خلیج مسلسل وسیع ہو رہی ہے۔ رپورٹ میں حکومتی ترجیحات پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا گیا ہے کہ غربت کے خاتمے کے بجائے بڑے ترقیاتی منصوبوں اور جنگی خریداریوں پر بھاری رقوم خرچ کی جا رہی ہیں۔ حکومت کی جانب سے 25 جنگی طیاروں پر 6.4 ارب ڈالر اور مزید 10 ایئربس طیاروں پر دو ارب ڈالر خرچ کرنے کے منصوبوں پر بھی تنقید کی گئی ہے۔ تجزیے کے مطابق جولائی کی عوامی تحریک میں معاشی امتیاز کے خاتمے کا مطالبہ نمایاں تھا لیکن اب یہ مسئلہ سیاسی اور حکومتی ترجیحات سے پیچھے ہٹتا دکھائی دے رہا ہے۔

اوکیناوا میں خاتون کے قتل کے بعد امریکی فوجی معاہدے پر نظرثانی کا مطالبہ

ٹوکیو، 9 اکتوبر (یو این آئی) جاپان کے جنوبی اوکیناوا کی صوبائی اسمبلی نے ایک مقامی خاتون کے قتل کے الزام میں امریکی میرین فوجی کی گرفتاری کے بعد جاپان میں امریکی فوج کی تعیناتی سے متعلق معاہدے پر نظرثانی کا مطالبہ کیا ہے۔ اسمبلی نے جمعہ کو منظور کردہ قرارداد میں جاپان اور امریکہ کے درمیان معاہدے میں تبدیلی کی اپیل کی، تاکہ امریکی فوج ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کرے۔ یہ قرارداد امریکی سفارت خانے کو بھیجی جائے گی۔ اسمبلی نے اسی مطالبے پر مشتمل ایک بیان جاپانی حکومت کے نام بھی منظور کیا۔ امریکی فوجی اڈوں سے متعلق اسمبلی کی خصوصی کمیٹی کے سربراہ ریجی ناروودو نے کہا کہ امریکی فوج ایک منظم ادارے کے طور پر کام کرنے میں ناکام دکھائی دے رہی ہے۔ انہوں نے تربیت اور نظم و ضبط میں خامیوں کی نشاندہی کرتے

ہوئے قتل کے واقعے کو انتہائی گھناؤنا اور قابل مذمت قرار دیا۔ انہوں نے امریکی فوج سے تحقیقات میں تعاون کرنے اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ جاپانی خبر رساں ایجنسی کیوڈو کے مطابق، اسمبلی کے بعض ارکان نے قرارداد کی مخالفت کی، کیونکہ اس میں اوکیناوا میں امریکی فوج کے سربراہ کو برطرف کرنے کا مطالبہ شامل نہیں تھا۔ امریکی میرین کے 20 سالہ لانس کارپورل ڈیون جیکب بالارڈ پر الزام ہے کہ اس نے 2 کے روز ناہا کے ایک ہوٹل میں 39 سالہ مقامی خاتون ایا یاگی کو قتل کیا۔ ملزم نے الزامات سے انکار کیا ہے۔ اس واقعے کے خلاف ٹوکیو اور اوکیناوا میں مظاہرے کیے گئے ہیں۔ جاپان میں تعینات تقریباً 54 ہزار امریکی فوجیوں میں سے بیشتر اوکیناوا میں موجود ہیں۔ امریکی فوجیوں کے خلاف عصمت دری، حملوں، ٹکر مار کر فرار ہونے اور

شراب پی کر گاڑی چلانے جیسے واقعات ماضی میں بھی احتجاج کا سبب بنتے رہے ہیں۔ امریکی فوج نے بعد سے اپنی سرگرمیاں 48 گھنٹوں کے لیے معطل کر دیں، جبکہ جمعہ کی نصف شب سے 30 روزہ کرفیو بھی نافذ کیا گیا ہے، جس کے تحت رات 12 بجے سے صبح 5 بجے تک باہر نکلنے پر پابندی ہوگی۔ جاپانی حکومت نے واقعے پر احتجاج درج کرانے کے لیے امریکی سفیر اور اوکیناوا میں امریکی افواج کے کمانڈر کو طلب کیا ہے۔

تائیوان پر قبضے کے لیے چین کو جنگ کی ضرورت نہیں

واشنگٹن۔ 9/ اکتوبر۔ ایم این این / چین تائیوان پر کنٹرول حاصل کرنے کے لیے فوجی حملے یا بحری ناکہ بندی کے بجائے سیاسی دباؤ، سفارتی اثر و رسوخ اور داخلی سیاسی تبدیلیوں کا راستہ اختیار کر سکتا ہے۔ امریکی خارجہ پالیسی کے ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ اس طرح کی حکمت عملی امریکہ اور تائیوان کے لیے روایتی فوجی جارحیت سے کہیں زیادہ پیچیدہ چیلنج ثابت ہو سکتی ہے۔ ماہرین مائیکل پیلز بری اور ایان ایسٹن کے مطابق چین کی ترجیح تائیوان کو براہ راست جنگ کے بغیر اپنے ساتھ ملانا ہے۔ بیجنگ اس حکمت عملی کو پرامن اتحاد کا نام دیتا ہے، تاہم تجزیہ کاروں کے نزدیک اس کے پیچھے سیاسی دباؤ اور تائیوان کی خودمختار فیصلہ سازی کو محدود کرنے کے خطرات موجود ہیں۔

نیپال میں اسکول بس کھائی میں گرنے سے چار طلبہ سمیت پانچ افراد ہلاک، 14 زخمی

کاٹھمنڈو، 9 اکتوبر (یو این آئی) نیپال کے ضلع کاسکی میں پوکھرا شہر کے قریب جمعہ کی صبح ایک اسکول بس گہری کھائی میں گر گئی، جس کے نتیجے میں چار طلبہ سمیت پانچ افراد کی موت ہو گئی، جبکہ 14 دیگر زخمی ہو گئے۔ ضلع کاسکی پولیس دفتر کے مطابق، حادثہ اس وقت پیش آیا جب کالیکا بورڈنگ اسکول کی بس طلبہ کو لے کر واپس آ رہی تھی۔ بس میں مجموعی طور پر 19 افراد سوار تھے، جن میں زیادہ تر طلبہ تھے۔ اسپتال میں مردہ قرار دیے گئے پانچ افراد میں سے چار کی شناخت ہو گئی ہے۔ ان میں

ممتا تیواری (15)، اسمِ کنڈیل (13)، شوبھا تیواری (15) اور ایک طالب علم کے والد بابو رام تیواری (65) شامل ہیں۔ تقریباً 15 سالہ ایک دیگر طالب کی شناخت ابھی نہیں ہو سکی ہے۔ حادثے کے فوراً بعد زخمیوں کو علاج کے لیے ویسٹرن ریجنل اسپتال پہنچایا گیا۔ اسپتال انتظامیہ کے مطابق، تمام 14 زخمیوں کا علاج جاری ہے، جن میں سے دو کی حالت تشویشناک ہے۔ شدید زخمی 16 سالہ انجی کنڈیل کو انتہائی نگہداشت کے شعبے (آئی سی یو) میں رکھا گیا ہے۔ ضلع کاسکی پولیس دفتر کے



ترجمان ہیرندر پاسوان نے بتایا کہ حادثے کی وجوہات کا ابھی پتہ نہیں چل سکا ہے اور معاملے کی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔

کمشنر اقوام متحدہ کے روس اور یوکرین کے دوطرفہ حملوں پر خدشات

اقوام متحدہ، 9 اکتوبر (یو این آئی) اقوام متحدہ کے کمشنر برائے حقوق انسانی وولکر ترک نے روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ میں فریقین کی ایک دوسرے پر حملے کرنے کی بارے میں تشویش کا اظہار کیا۔ وولکر ترک نے روس اور یوکرین کے ایک دوسرے کو نشانہ بنانے

والے حملوں کے بارے میں ایک تحریری بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ مقامی حکام کے مطابق کراماتورسک میں آج دو عوامی بسوں کو نشانہ بنانے والے اور کم از کم 30 شہریوں کی ہلاکت کا باعث بننے والے ہولناک حملے سمیت، گزشتہ چار دنوں میں پورے یوکرین میں شہریوں کی ہلاکتوں کا موجب بننے والے حملوں کی لہر نے مجھے گہرا صدمہ اور افسوس میں مبتلا کیا ہے۔ وولکر ترک نے کہا کہ ملک کے مختلف حصوں میں لوگوں کو قتل اور زخمی کرنے والے ان حملوں کا دائرہ اور طریقہ کار قابل مذمت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 5

اکتوبر سے اب تک روس کی حملوں میں 85 سے زائد سویلین ہلاک اور 346 زخمی ہو چکے ہیں۔ برقی ٹرانسفارمر مراکز اور توانائی پیدا کرنے والی تنصیبات پر وسیع پیمانے اور طویل فاصلے کے حملوں کے بعد یوکرین کے متعدد علاقے تاریکی میں ڈوب گئے ہیں۔ وولکر ترک نے اشارہ کیا کہ یوکرین سرد موسم اور دن چھوٹے ہونے کی وجہ سے بجلی کی مانگ میں متوقع اضافے سے پہلے ہنگامی اور بجلی بندشوں کا سامنا کر رہا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ شہریوں کی حفاظت جنگی قوانین کے تحت حق سے محفوظ ہے۔

لاؤس میں چین کے نئے فوجی فضائی اڈے سے ویتنام میں تشویش

بیجنگ۔ 9/ اکتوبر۔ ایم این این / چین کی جانب سے لاؤس میں ایک نئے فوجی فضائی تربیتی مرکز کے قیام نے جنوب مشرقی ایشیا میں طاقت کے توازن اور علاقائی سلامتی کے حوالے سے نئے خدشات پیدا کر دیے ہیں۔ دفاعی ماہرین کے مطابق اس پیش رفت سے خصوصاً ویتنام میں تشویش بڑھ سکتی ہے، جو لاؤس کو طویل عرصے سے اپنے اہم اسٹریٹجک شراکت دار اور علاقائی سلامتی کے لیے ضروری ملک کے طور پر دیکھتا رہا ہے۔

ٹرمپ کا وسط مدتی انتخابات سے قبل ایران پر حملہ نہ کرنے کا اعلان

واشنگٹن، 9 اکتوبر (یو این آئی) امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ 3 نومبر کو ہونے والے وسط مدتی انتخابات سے قبل ایران پر حملہ نہیں کرے گا۔ ٹرمپ نے جمعرات کی شب اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر لکھا، اسلامی جمہوریہ ایران کے ساتھ ہماری مفید بات چیت جاری ہے۔ ہم امریکہ میں 3 نومبر کو ہونے والے وسط مدتی انتخابات سے قبل کسی بھی وقت ایران پر حملہ نہیں کریں گے۔ ٹرمپ کے اس بیان کے بعد جمعہ کی صبح تیل کی قیمتوں میں کمی درج کی گئی، کیونکہ حالیہ ہفتوں کے دوران توانائی سے مالا مال خلیجی خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث تیل کی سپلائی متاثر ہونے کے خدشات میں کچھ کمی آئی۔ جمعرات کو کاروبار کے دوران تکنیکی طور پر دوبارہ

جنگ چھڑنے کے خدشات نے تیل کی قیمتوں میں اضافہ کیا تھا۔ بعض تجزیہ کاروں کا خیال ہے کہ ٹرمپ کا بیان تیل کی قیمتوں کو دوبارہ نیچے لانے کی کوشش بھی ہو سکتا ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ تہران آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے سے متعلق اپنے سات روزہ منصوبے پر امریکہ کے جواب کا جائزہ لے رہا ہے اور آئندہ چند روز میں اپنا ردعمل دے گا۔ ایران کی خبر رساں ایجنسی تسنیم کے مطابق، عراقچی نے مزید کہا کہ ثالثوں کے ذریعے مذاکرات جاری ہیں۔ ایرانی ذرائع ابلاغ نے جمعہ کو آبنائے ہرمز کے جنوبی حصے میں شدید دھماکوں کی اطلاع دی۔ خبر رساں ایجنسی فارس نے نامعلوم فوجی ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ ممکن ہے غیر مجاز راستے استعمال کرنے

والے تیل بردار جہاز سمندری بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے ہوں۔ منگل کو امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا تھا کہ جنگ کے خاتمے کے لیے کسی معاہدے کے تحت ایران کو یورینیم افزودہ کرنے کی اپنی صلاحیت میں کمی کی کرنا ہوگی۔ ماہرین کے مطابق، یہ مطالبہ واشنگٹن کے اس سابقہ اصرار میں نرمی کا اشارہ ہو سکتا ہے کہ تہران یورینیم کی افزودگی مکمل طور پر ترک کرے۔

چین میں تبتی زبان کے خلاف پابندیاں مزید سخت

دھرم شالہ۔ 9/ اکتوبر۔ ایم این این / چین میں تبتی زبان اور ثقافتی شناخت پر بڑھتی ہوئی پابندیوں کے درمیان حکام نے صوبہ چنگھائی کے دارالحکومت ژیننگ میں ایک کاروباری ادارے کا تبتی زبان میں نصب سائن بورڈ ہٹا دیا ہے۔ اس اقدام کے بعد تبتی باشندوں میں اپنی مادری زبان اور ثقافتی حقوق کے مستقبل کے حوالے سے تشویش بڑھ گئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق تبتی حکام نے ژیننگ میں واقع چارلکھا انجینئرنگ ڈیزائن کمپنی کا تبتی زبان میں لکھا ہوا سائن بورڈ ہٹا کر اس کی جگہ صرف چینی زبان استعمال کرنے کا حکم دیا ہے۔ کمپنی کے جنرل منیجر ترین نے بتایا کہ سائن بورڈ پر لکھی گئی تبتی عبارت مکمل طور پر درست تھی اور اس میں زبان یا ترجمے کی کوئی غلطی موجود

نہیں تھی۔ اس کے باوجود حکام نے اسے صرف اس بنیاد پر ہٹا دیا کہ کاروباری ادارے کے سائن بورڈ پر تبتی زبان استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ ترین کے مطابق کمپنی کے تقریباً تمام ملازمین تبتی باشندے ہیں، اس لیے سائن بورڈ پر تبتی زبان استعمال کرنا ایک عملی ضرورت تھی۔ انہوں نے بتایا کہ نوجوان تبتی عموماً چینی زبان پڑھ سکتے ہیں، لیکن بڑی عمر کے بہت سے افراد چینی زبان نہیں پڑھ سکتے۔ تبتی زبان میں سائن بورڈ ہونے سے ایسے افراد کمپنی کو آسانی سے تلاش کر سکتے تھے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب چین میں غیر ملکی زبانوں کے سائن بورڈ لگانے کی اجازت ہے تو تبتی باشندوں کو اپنی مادری زبان استعمال کرنے سے کیوں روکا جا رہا ہے۔

پزشکیان نے پوتن کو ایران اور امریکہ کے مابین نئی مذاکراتی تجاویز سے آگاہی کرائی

تہران، 9 اکتوبر (یو این آئی) صدر ایران مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران اور امریکہ نے جنگ ختم کرنے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے نئی تجاویز کا تبادلہ کیا ہے۔ ایرانی صدر نے ترکمانستان میں اپنے روسی ہم منصب ولادیمیر پوتن سے دوطرفہ اقتصادی اور اسٹریٹجک تعاون کو بڑھانے پر بات چیت کے لیے ملاقات کی۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ایجنسی ارنا کے مطابق یہ ملاقات کامن ویلتھ آف انڈیپنڈنٹ اسٹیٹس (سی آئی ایس) سربراہی اجلاس اور بحیرہ کیسپین کے ماحولیاتی اجلاس کے موقع پر ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات میں پیش رفت کا جائزہ لیا اور توانائی، زراعت، نقل و حمل اور تجارت سمیت اہم شعبوں میں تعاون کو مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے مشترکہ منصوبوں کی تکمیل اور حتمی منظوری میں تیزی لانے

کی ضرورت پر زور دیا اور دونوں ممالک کے قومی مفادات اور علاقائی استحکام کے مطابق جامع تعاون کو وسیع کرنے کے عزم کی تجدید کی۔ ایرانی طلبا کی خبر رساں ایجنسی اسنا کے مطابق پزشکیان نے کہا کہ جنگ کے باوجود ایران امریکہ کے ساتھ مذاکرات سے کنارہ کش نہیں ہوگا۔ ہم بات چیت کر رہے ہیں، مگر جب بھی ہم امریکہ سے بات کرتے ہیں، وہ دوبارہ حملہ کر دیتے ہیں۔ تاہم ہم مذاکراتی میز اور گفت و شنید سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ پزشکیان نے کہا کہ تہران اور واشنگٹن نے دوطرفہ طور پر نئی تجاویز پیش کی ہیں۔ ہم نے ان تجاویز میں اپنی ترامیم کی ہیں۔ جب یہ حتمی ہو جائیں گی تو ہمیں موجودہ ثالثوں کے ذریعے بیٹھ کر انہیں یکجا کرنا ہوگا۔ پزشکیان نے علاقائی امور اور اقوام متحدہ میں روس کے موقف کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ماسکو نے یکطرفہ پالیسیوں کے خلاف مدد کی۔

نیویارک میں پانچ سالہ بچے کے ساتھ کار میں سوار شخص پر آئی سی ای اہلکار کی فائرنگ، احتجاج

نیویارک، 9 اکتوبر (یو این آئی) امریکہ کے شہر نیویارک میں امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (آئی سی ای) کے ایک اہلکار نے کار میں پانچ سالہ بچے کے ساتھ بیٹھے ایک شخص کو گولی مار دی، جس کے بعد شہر میں احتجاجی مظاہرے شروع ہو گئے۔ نیویارک کے میئر زہران ممدانی نے اس واقعے کو ناقابل تصور اور انتہائی سنگین قرار دیتے ہوئے کہا کہ ابتدائی اطلاعات کے مطابق، جمعرات کو ہارلیم علاقے میں اہلکاروں نے ایک شخص کی کار کو گھیر لیا اور پھر متعدد گولیاں چلائیں۔ اس وقت کار میں پانچ

سالہ بچہ بھی موجود تھا۔ ممدانی نے کہا کہ بچے کو جسمانی طور پر کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ انہوں نے بتایا کہ انہوں نے امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ سے رابطہ کیا ہے اور ان سے مطالبہ کریں گے کہ شہر میں آئی سی ای کی تمام کارروائیاں بند کی جائیں۔ انہوں نے کہا، میں آئی سی ای اہلکاروں کو اپنی برادریوں میں خوف و ہراس پھیلاتے ہوئے خاموش تماشائی بن کر نہیں دیکھ سکتا۔ جمعرات کی شام فائرنگ کے مقام پر مظاہرے ہوئے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ یہ واقعہ ٹرمپ انتظامیہ کی امیگریشن مخالف سخت کارروائیوں کے

خطرات کو ظاہر کرتا ہے۔ اس دوران بعض مظاہرین اور پولیس کے درمیان جھڑپیں بھی ہوئیں۔ علاقے کی نمائندگی کرنے والی سٹی کونسل کی رکن کارمین ڈی لا روزا نے کہا، ہم غم زدہ بھی ہیں اور غصے میں بھی ہیں۔ موقع پر خطاب کرتے ہوئے ممدانی نے کہا، آج کی فائرنگ اس بات کی ایک اور تباہ کن تصدیق ہے جسے ہم طویل عرصے سے جانتے ہیں، یعنی آئی سی ای کو قانون سے بالاتر ہو کر کام کرنے کی کھلی چھوٹ حاصل ہے۔ یہ ادارہ پورے ملک میں افراتفری اور دہشت پھیلا رہا ہے اور اس نے

ہمارے ان پڑوسیوں میں سے کہیں زیادہ لوگوں کی جانیں لی ہیں جنہیں بچانے کا وہ دعویٰ کرتا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس ادارے کو ختم کیا جانا چاہیے۔ نیویارک کی گورنر کیتھی ہوکل نے بتایا کہ انہوں نے جمعرات کی شب صدر ٹرمپ اور امریکی وزیر برائے ہوم لینڈ سیکیورٹی مارک وین ملن سے بات کی۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا، میں نے نیویارک کے شہریوں کی جانب سے شدید غم و غصے کا اظہار کیا اور ان سے اپیل کی کہ وہ نیویارک میں آئی سی ای کی کارروائیاں روک دیں۔

ہندوستانی دفاعی برآمدات 38424 کروڑ پر پہنچ گئیں

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے دفاعی پیداوار بڑھانے پر زور دیا



نئی دہلی، 9 اکتوبر (نیوز ڈیسک): وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے نجی شعبے کی شمولیت بڑھانے، تحقیق و ترقی میں سرمایہ کاری کرنے اور دفاعی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کرنے پر زور دیا ہے۔ انہوں نے جمعہ کو نئی دہلی میں سوسائٹی آف انڈین ڈیفنس مینوفیکچررز (ایس آئی ڈی ایم) کے آٹھویں سالانہ اجلاس کے دوران ایس آئی ڈی ایم چیمپئن ایوارڈز 2026 پیش کیے۔ اس موقع پر مجموعی طور پر 15 ایوارڈز پیش کیے گئے، جن کے ذریعے مقامی ٹیکنالوجی کی ترقی، مصنوعات میں جدت، ڈیزائن، درآمدات کے متبادل کے طور پر ملکی پیداوار، صنعتی کارکردگی اور برآمدات کے شعبوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرنے والے اداروں کو اعزاز سے نوازا گیا۔ وزیر دفاع نے ایوارڈ حاصل کرنے والوں کو مقامی دفاعی صنعت، تکنیکی جدت، ڈیزائن کی صلاحیتوں، درآمدات میں کمی اور برآمدات کے فروغ میں ان کے تعاون پر مبارک باد دی۔ اجلاس کے موضوع "خود مختار صلاحیتیں، متنازع محاذ: خلل کے دور میں ہندوستان کی تزویراتی خود مختاری کو تیز کرنا" کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے راجناتھ سنگھ نے کہا کہ قومی سلامتی کا انحصار تیزی سے اس صلاحیت پر بڑھ رہا ہے کہ ملک اپنی مسلح افواج کی ضروریات کے مطابق ٹیکنالوجی اور آلات خود تیار، ڈیزائن، تیار و کنٹرول کر سکے۔

ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے سائنس سے متعلق وزارتوں کی نئی ویب سائٹس کا افتتاح کیا

نئے ڈیجیٹل پورٹل 22 زبانوں میں دستیاب ہوں گے طلبہ، محققین اور شہریوں کو سائنسی اسکیموں اور تحقیقی مواقع تک رسائی ملے گی

نئی دہلی، 9 اکتوبر: نیوز ڈیسک: مرکزی وزیر مملکت برائے سائنس و ٹیکنالوجی اور ارضیاتی علوم ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے جمعہ کے روز محکمہ سائنس و ٹیکنالوجی (ڈی ایس ٹی) اور وزارت سائنس و ٹیکنالوجی (ایم او ایس ٹی) کی نئی تشکیل شدہ سرکاری ویب سائٹس کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ویب سائٹس وزیر اعظم نریندر مودی کے شہریوں کو ترجیح دینے والی حکمرانی کے وژن کی عکاسی کرتی ہیں اور ملک بھر کے لوگوں کے لیے سائنسی معلومات کو قابل رسائی، جامع اور مفید بنانے میں مدد دیں گی۔ ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے کہا کہ اس اقدام کی رہنمائی کا بنیادی اصول "عوام کے ذریعے سائنس، عوام کے لیے سائنس" ہے، جس کے تحت سائنس کو دستیاب، قابل رسائی اور کم خرچ بنانا مقصود ہے۔ انہوں نے سائنسی شعبوں اور صنعتوں کے درمیان ٹیکنالوجی کی منتقلی کو آسان بنانے کی اہمیت پر بھی زور دیا تاکہ لوگ اپنی ضروریات کے مطابق معلومات اور مواقع تلاش کر سکیں۔ وزیر نے ڈی ایس ٹی کی سرکاری ویب سائٹس www.dst.gov.in اور www.most.gov.in کا افتتاح کیا۔ ان ویب سائٹس کو ڈیجیٹل برانڈ شناختی رہنما کتابچہ (ڈی بی آئی ایم) 0.3 اور بھارتی سرکاری ویب سائٹس واپس کے رہنما اصولوں (جی آئی جی ڈبلیو) 0.3 کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔ اس موقع پر محکمہ سائنس و ٹیکنالوجی کے سیکریٹری پروفیسر ابھے کرندیکر، ڈی ایس ٹی کے سینئر افسران اور ویب سائٹس کی تیاری سے وابستہ نمائندے بھی موجود تھے۔ ویب سائٹس کی از سر نو تیاری کا کام ڈی ایس ٹی، نیشنل انفارمیٹکس سینٹر (این آئی سی)، پروجیکٹ مینجمنٹ ٹیم اور ترقیاتی ادارے نے مشترکہ طور پر انجام دیا، جبکہ مواد کی تیاری اور تصدیق محکمہ کے داخلی شعبوں نے کی۔ ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے کہا کہ یہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم طلبہ، ریسرچ فیلو، محققین، تعلیمی اداروں، اختراع کاروں، اسٹارٹ اپس، کاروباری افراد، میڈیا سے وابستہ پیشہ ور افراد اور عام شہریوں کے لیے مفید ثابت ہوگا۔ اس کے ذریعے ڈی ایس ٹی کی اسکیموں، گرانٹس، فیلوشپس، سائنسی پروگراموں اور دیگر مواقع تک ایک ہی پلیٹ فارم سے رسائی حاصل کی جا سکے گی۔ نئے ویب پورٹل پر معلومات کو اس انداز میں منظم کیا گیا ہے کہ صارفین اہلیت کے معیار، درخواست دینے کے رہنما اصول، تجاویز طلب کرنے کے اعلانات، ایوارڈز، نتائج اور سرکاری نوٹیفکیشن آسانی سے تلاش کر سکیں۔

چیف آف ڈیفنس اسٹاف کا بحری اڈے پر رہائشی منصوبے کا افتتاح

منصوبہ سینئر ملاحوں اور دفاعی شہریوں کیلئے رہائش فراہم کرے گا

نئی دہلی، 9 اکتوبر (پی آئی بی): چیف آف ڈیفنس اسٹاف راجہ سبرامنی نے 8 اکتوبر 2026 کو کرناٹک کے کاروار میں واقع بحری اڈے پر منصوبہ سی برڈ کے مرحلہ دوم اے کے تحت سینئر ملاحوں اور ہندوستانی بحریہ کے دفاعی شہری ملازمین کے لیے رہائشی عمارتوں کے علاوہ بنیادی سہولیات اور دیگر ضروری ڈھانچے کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر وائس ایڈمرل وویک داہیا، ڈائریکٹر جنرل سی برڈ، اور دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ ایسٹ آف منزل کریک (ای او ایم سی) اور آمدلی میں افتتاح کی گئی رہائشی سہولیات میں سینئر ملاحوں کے لیے شادی شدہ اہلکاروں کی رہائش پر مشتمل ایک عمارت شامل ہے جس میں 60 رہائشی یونٹ ہیں۔ اس کے علاوہ بحریہ کے دفاعی شہری ملازمین کے لیے 60 رہائشی یونٹوں پر مشتمل ایک اور عمارت، ڈی ایس سی کے 156 اہلکاروں کے لیے اندرونی رہائش کی سہولت اور کنڈرگارٹن اسکول بھی قائم کیا گیا ہے۔ رہائشی عمارتوں اور متعلقہ سہولیات کی تعمیر حیدرآباد کی کمپنی این سی سی لمیٹڈ نے کی، جبکہ بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کی ذمہ داری ٹیم انڈیا پروجیکٹس انڈیا لمیٹڈ نے انجام دی۔

روایتی طب سائنسی شواہد سے عالمی صحت کو مضبوط بنا سکتی ہے/ مرکزی وزیر آیوش

انڈو۔برطانیہ ہیلتھ کانکلیو سے خطاب، آیوش پروفیشنلز کیلئے تربیتی پروگرام کا خیر مقدم

نئی دہلی، 9 اکتوبر (پی آئی بی): آیوش کے مرکزی وزیر مملکت (آزادانہ چارج) اور صحت و خاندانی بہبود کے وزیر مملکت پرتاپ راؤ جادھو نے آج زور دے کر کہا کہ روایتی طبی نظام کو جب سائنسی تحقیق، مناسب طبی شواہد، معیاری ضابطوں اور ذمہ دارانہ انضمام کی پشت پناہی حاصل ہو تو یہ دنیا بھر میں انسدادی صحت کی دیکھ بھال اور مجموعی فلاح و بہبود میں نمایاں کردار ادا کر سکتا ہے۔ وزیر موصوف نے نئی دہلی میں انڈو۔برطانیہ ہیلتھ کانکلیو 2026 کے دوسرے ایڈیشن کا افتتاح کیا۔ اس دو روزہ تقریب کا اہتمام مارکنگ ویشیا پبلشرز اور پی اے پی آئی اوزیٹنگ اکیڈمی نے کیا ہے، جو صحت کی دیکھ بھال، تعلیم اور جدت کو باہم جوڑنا" کے موضوع پر منعقد ہو رہی ہے، جہاں دونوں ممالک کے ماہرین صحت اور ماہرین تعلیم شریک ہیں۔ آیوش پروفیشنلز کے لیے ایک منظم تربیت اور صلاحیت سازی کے اقدام کے آغاز کا خیر مقدم کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے کہا کہ سائنسی تحقیق اور معیاری پیمانے روایتی ادویات کو مزید موثر بنا سکتے ہیں۔ اس اقدام میں آیوش گریجویٹس اور پوسٹ گریجویٹس کے لیے چھ ماہ کے دو سرٹیفکیٹ کورسز شامل ہیں، جن میں ایکیوٹ کیئر اینڈ ایمرجنسی سپورٹ میں سرٹیفکیٹ اور لائف اسٹائل ہیلتھ اینڈ ویلبیئنگ کوسلنگ اینڈ پریکٹس میں سرٹیفکیٹ شامل ہیں۔ یہ پروگرام منظم تدریس اور زیر نگرانی عملی تربیت کے ذریعے طبی معاونت کی مہارتوں اور انسدادی صحت کی کوسلنگ کو مضبوط بنانے کے لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔ دونوں ممالک کی تکمیلی طاقتوں پر روشنی ڈالتے ہوئے، وزیر نے کہا کہ کلینیکل گورننس، مریضوں کی حفاظت اور کوالٹی اشورنس میں برطانیہ کا تجربہ بھارت کی طبی مہارت، تکنیکی جدت اور صحت کی دیکھ بھال کی فراہمی کی صلاحیتوں کے ساتھ مل کر زیادہ موثر نظام تشکیل دے سکتا ہے۔

جمہوریت میں شور کچھ وقت تک گونجتا ہے/ شیوراج

مرکزی وزیر نے ضمنی انتخابات کے نتائج پر اپوزیشن کو نشانہ بنایا

نئی دہلی، 09 اکتوبر (یو این آئی) زراعت و کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے تین ریاستوں کی پانچ اسمبلی نشستوں اور آسام کی ایک لوک سبھا نشست پر ہوئے ضمنی انتخابات کے نتائج پر اپوزیشن جماعتوں کو نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ جمہوریت میں شور کچھ وقت تک گونجتا ہے، لیکن عوام کے فیصلے کی گونج دور تک جاتی ہے۔ مسٹر چوہان نے جمعہ کے روز سوشل میڈیا ایکس پر ضمنی انتخابات کے نتائج پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے لکھا، چار ضمنی انتخابات میں بی جے پی کی شاندار جیت! جمہوریت میں شور کچھ وقت تک گونجتا ہے، لیکن عوام کے فیصلے کی گونج دور تک جاتی ہے۔ کاش! یہ آواز ان لوگوں تک بھی پہنچ پاتی جو انارکی اور بدگمانی پھیلاتے ہیں۔ جو نہ تو ملک کو سمجھ سکے اور نہ ہی عوام کی نبض پہچان سکے۔ عوام کا فیصلہ ہی سب سے بڑا جواب ہے۔ قابل ذکر ہے کہ مغربی بنگال میں ربیع گھر اور نندی گرام، تمل ناڈو میں مدورائی اور دھاراپورم، پڈوچیری میں تھٹن چاوڑی اسمبلی نشست پر نیز آسام میں ناگاؤں پارلیمانی نشست پر ضمنی انتخاب ہوا تھا۔ ان میں سے بی جے پی نے بنگال کی دونوں اسمبلی نشستوں اور آسام کی ناگاؤں پارلیمانی نشست پر جیت حاصل کی ہے۔

ہری ونش کی قیادت میں بھارتی پارلیمانی وفد نے آئی پی یو اسمبلی میں شرکت جاری رکھی

بھارتی وفد نے ہمالیائی خطے میں موسمی آفات سے نمٹنے اور پائیدار ترقی پر مباحثوں میں حصہ لیا

اروشا، 9 اکتوبر: نیوز ڈیسک: راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش کی قیادت میں بھارتی پارلیمانی وفد نے تنزانیہ کے شہر اروشا میں منعقدہ بین پارلیمانی یونین (آئی پی یو) کی 153 ویں اسمبلی کے چوتھے روز، 8 اکتوبر کو مختلف مباحثوں اور اجلاسوں میں شرکت جاری رکھی۔ ہری ونش اور وفد کے دیگر ارکان نے ہنگامی ایجنڈا آئٹم "ہمالیائی خطے اور دیگر کمزور خطوں میں موسمیاتی آفات سے نمٹنے اور قدرتی آفات کے مقابلے کی صلاحیت مضبوط بنانے کے لیے فوری پارلیمانی اقدامات" پر ہونے والے مباحثے میں شرکت کی۔ یہ تجویز نیپال نے پیش کی تھی، جسے اسمبلی کے تیسرے روز منظور کیا گیا تھا۔ بھارتی وفد نے "شمولیت، اعتماد اور سب کے لیے مواقع کے ذریعے بہتر حکمرانی کو فروغ دینے اور برادریوں کو بااختیار بنانے" کے موضوع پر جاری عمومی بحث میں بھی حصہ لیا۔ لوک سبھا کے رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے ہنگامی ایجنڈا آئٹم پر بحث میں شرکت کرتے ہوئے اس کی حمایت کی اور اس معاملے پر بھارت کا موقف پیش کیا۔ اس کے بعد انہوں نے جمہوریت اور انسانی حقوق سے متعلق قائمہ کمیٹی کے بیورو کے اجلاس میں شرکت کی، جہاں کمیٹی کی جانب سے مستقبل کی کسی اسمبلی میں قرارداد پیش کرنے کے لیے زیر غور آنے والے موضوعات پر بھارتی پارلیمنٹ کا موقف بیان کیا۔ ڈاکٹر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے مذکورہ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں بھی شرکت کی اور قرارداد کی منظوری کے عمل میں حصہ لیا۔ راجیہ سبھا کے رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر سست پاترا نے اقوام متحدہ کے امور سے متعلق قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کی اور "تنازعات کی روک تھام اور حل کے لیے اقوام متحدہ کا نظام کیسے کام کرتا ہے؟" کے موضوع

نوجوان اختراع کار بھارت کے 5G اور 6G وژن کو آگے بڑھانے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں

مرکزی وزیر مواصلات جیوتی آدتیہ سندھیا نے 5G یوز کیس لیبز اور ہیکاتھون کے فاتحین کو نوازا

نئی دہلی، 9 اکتوبر (نیوز ڈیسک): مواصلات اور شمال مشرقی خطے کی ترقی کے مرکزی وزیر شری جیوتی آدتیہ ایم سندھیا نے انڈیا موبائل کانگریس 2026 کے دسویں ایڈیشن کے دوران 5G یوز کیس لیبز پر ورکشاپ کا افتتاح کیا۔ انہوں نے ٹیلی کمیونیکیشن کے شعبے میں گھریلو سطح پر ایجادات کو مضبوط بنانے، تحقیق کو فروغ دینے اور نوجوان اختراع کاروں کو بااختیار بنانے کے حکومت ہند کے عزم کا اعادہ کیا۔ "ذہین نیٹ ورکس کی تعمیر: 5G ایڈوانسڈ اور 6G کے دور کو آگے بڑھانے والی ایجادات" کے موضوع کے تحت منعقدہ اس ورکشاپ کا مقصد صنعت اور تعلیمی اداروں کے درمیان تعاون کو فروغ دینا ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ مستقبل کے نیٹ ورکس کی تشکیل صرف نمائش گاہوں میں نہیں بلکہ ہماری یونیورسٹیوں، تحقیقی لیبارٹریوں اور نوجوان اختراع کاروں کے ذہنوں میں ہوگی۔ ملک بھر کے تعلیمی اداروں میں قائم 100 فائیو جی یوز کیس لیبز کا مقصد ایسے اختراع کاروں کو پروان چڑھانا ہے جو بھارت اور پوری دنیا کے لیے حل تیار کر سکیں۔

نائب صدر آج جھارکھنڈ کا دورہ کریں گے

نئی دہلی: ہندوستان کے نائب صدر، شری سی پی رادھا کرشنن، 10 اکتوبر 2026 کو دیوگھر، جھارکھنڈ کا دورہ کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران، نائب صدر آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (ایمس)، دیوگھر کی دوسری کانووکیشن (تقریب تقسیم اسناد) میں شرکت کریں گے۔ نائب صدر بی ایم ٹی ہسپتال، دیوگھر (جھارکھنڈ) میں منعقدہ سینیہ سمپرک میلہ کا بھی دورہ کریں گے۔

فوڈ پروسیسنگ کے شعبے میں روزگار کے بے پناہ مواقع موجود

مرکزی وزیر نے نفٹیم کے جلسہ تقسیم اسناد میں طلبہ کو ڈگریاں تفویض کیں

نئی دہلی، 9 اکتوبر (نیوز ڈیسک): مرکزی وزیر برائے فوڈ پروسیسنگ انڈسٹریز چراغ پاسوان نے کہا ہے کہ ہندوستان میں غذائی اجناس کی پروسیسنگ کے شعبے میں روزگار پیدا کرنے، کاروبار کو فروغ دینے، کسانوں کی آمدنی بڑھانے اور عالمی سطح پر ملک کی موجودگی مستحکم کرنے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف فوڈ ٹیکنالوجی انٹرپرینیورشپ اینڈ مینجمنٹ کنڈلی (نفٹیم۔کے) کے ساتویں جلسہ تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے فارغ التحصیل طلبہ پر زور دیا کہ وہ صرف ملازمت تلاش کرنے تک محدود نہ رہیں، بلکہ روزگار پیدا کرنے والے جدت طراز اور مسائل کا حل پیش کرنے والے بنیں۔

بین الاقوامی ٹیلی کام فراڈ کی روک تھام

بھارت کا آئی ٹی یو (ITU) کے مشترکہ ٹرائلز کی تجویز کا خیر مقدم

نئی دہلی، 9 اکتوبر: نیوز ڈیسک: مرکزی وزیر مملکت برائے مواصلات و دیہی ترقی ڈاکٹر چندر شیکھر پیمّاسانی نے جمعہ کے روز کہا کہ جعلی مواصلات اور سرحد پار ٹیلی کام فراڈ سے نمٹنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی، موثر ضابطہ کاری اور عالمی تعاون کو ایک ساتھ آگے بڑھانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اس سلسلے میں بین الاقوامی ٹیلی کمیونیکیشن یونین (آئی ٹی یو) کی جانب سے مشترکہ آزمائشیں شروع کرنے کی تجویز کا خیر مقدم کرتا ہے اور اس میں تعاون کے لیے تیار ہے۔ ڈاکٹر پیمّاسانی نے یہ بات انڈیا موبائل کانگریس (آئی ایم سی) 2026 کے موقع پر منعقدہ آئی ٹی یو گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ کانفرنس کا موضوع "جعلی مواصلات کی روک تھام کے لیے آئی ٹی یو معیارات کا نفاذ" تھا۔ آئی ایم سی 2026 کا باضابطہ افتتاح وزیر اعظم نریندر مودی نے 8 اکتوبر کو یشوبھومی میں کیا تھا۔ خطاب کے دوران وزیر نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت نے ایک ارب سے زائد افراد کو رابطے کی سہولت فراہم کی ہے، تاہم اب اگلا اہم مرحلہ اس رابطے کو اعتماد کے ساتھ جوڑنا ہے۔ بین الاقوامی تعاون کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فراڈ ایک نیٹ ورک سے جڑا مسئلہ ہے، اس لیے اس کا حل بھی نیٹ ورک کی سطح پر ہونا چاہیے۔ چونکہ مواصلاتی نیٹ ورک عالمی ہیں، اس لیے اس کا جواب بھی عالمی سطح پر تلاش کرنا ہوگا۔ منظم اور سرحد پار مالی فراڈ کے بڑھتے خطرات کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر پیمّاسانی نے کہا کہ ان میں کسی دوسرے شخص کی شناخت اختیار کرنا، ڈیجیٹل گرفتاری کے نام پر دھوکہ دہی، مصنوعی ذہانت کے ذریعے آواز کی نقل تیار کرنا اور ڈیپ فیکس جیسے طریقے شامل ہیں۔

آسیان۔بھارت تجارتی معاہدے کی مشترکہ کمیٹی کا 15 واں اجلاس جکارتا میں منعقد

معاہدے کی نظر ثانی کا جائزہ، بھارت اور آسیان کا دو طرفہ تجارت کو مزید مستحکم بنانے پر اتفاق

نئی دہلی، 9 اکتوبر (نیوز ڈیسک): آسیان نے 6 سے 9 اکتوبر 2026 کے دوران انڈونیشیا کے شہر جکارتا میں واقع آسیان سیکریٹریٹ میں آسیان۔بھارت ٹریڈ ان گڈز اگریمنٹ (AITIGA) کی پیشرفت اور مذاکرات کا جائزہ لینے کے لیے 15 ویں AITIGA جوائنٹ کمیٹی اور اس سے متعلقہ ذیلی کمیٹیوں کے اجلاسوں کی میزبانی کی۔ یہ تقریب ہائبرڈ فارمیٹ میں منعقد کی گئی۔ اجلاس کی مشترکہ صدارت بھارت کی وزارت تجارت و صنعت کے محکمہ تجارت کے ایڈیشنل سکریٹری شری نتن کمار یادو اور ملائیشیا کی وزارت سرمایہ کاری، تجارت و صنعت کی ڈپٹی سکریٹری جنرل محترمہ مستورہ احمد مصطفیٰ نے کی۔ اجلاس میں برونائی، کمبوڈیا، انڈونیشیا، لاؤس، ملائیشیا، میانمار، فلپائن، سنگاپور، تھائی لینڈ اور ویت نام سمیت آسیان ممالک کی نمائندگی کرنے والے مندوبین نے شرکت کی۔ AITIGA جوائنٹ کمیٹی کے تحت کام کرنے والی آٹھ میں سے تین ذیلی کمیٹیوں (SCs) کے اجلاس بھی 15 ویں AITIGA JC کی سائیڈ لائنز پر ہائبرڈ انداز میں منعقد ہوئے، جن میں قانونی اور ادارہ جاتی مسائل سے متعلق ذیلی کمیٹی (SC-LII)، مارکیٹ تک رسائی میں قومی سلوک سے متعلق ذیلی کمیٹی اور اشیا کی اصل سے متعلق ذیلی کمیٹی شامل ہیں۔ ان اجلاسوں نے دونوں فریقوں کے درمیان تعاون کو گہرا کرنے، باہم فہم کو بڑھانے اور تعمیری بات چیت کا سلسلہ جاری رکھنے کے لیے ایک بہترین پلیٹ فارم فراہم کیا۔ جوائنٹ کمیٹی (JC) نے تمام ذیلی کمیٹیوں کو ہدایت کی کہ وہ AITIGA کے تحت زیر التوا ابواب کو تیزی سے حتمی شکل دیں، وقت کی پابندی کے ساتھ ٹھوس اہداف مقرر کریں اور قابل پیمائش پیشرفت کو یقینی بنانے کے لیے قریبی تال میل پیدا کریں۔

اکتوبر میں پاور پلانٹس کو کوئلے کی سپلائی میں تیزی/ وزارت کوئلہ

میڈیا رپورٹس کے برعکس کوئلے کے ذخائر مستحکم ہو رہے ہیں

نئی دہلی، 9 اکتوبر (پی آئی بی): حالیہ میڈیا رپورٹس میں پاور پلانٹس میں کوئلے کے ذخائر کم ہونے کی وجہ سے بھارت میں بجلی کی قلت کے بڑھتے ہوئے خطرے کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اس پس منظر میں وزارت کوئلہ نے وضاحت کی ہے کہ کریٹیکل اسٹاک کا تعین ایک اصول پر مبنی انتظامی نظام ہے (جس کے تحت وہ پلانٹس آتے ہیں جو مقررہ حد سے کم ذخیرہ رکھتے ہیں)۔ اس کا مقصد اصل ایندھن کی قلت یا پیداوار میں کمی واقع ہونے سے بہت پہلے پلانٹس کو بروقت خبردار کرنا ہے۔ اس فہرست میں کسی پلانٹ کا ظاہر ہونا ایک ابتدائی انتباہی اندراج ہے، نہ کہ اس بات کا اشارہ کہ کوئلہ ختم ہو چکا ہے یا پلانٹ کی بندش کا کوئی قریبی خطرہ ہے۔

PUBLIC NOTICE

It is notified for information of the general public that my father's name has been wrongly recorded in my school records as Mehraj ud din, whereas his correct name is Mehraj ud din Bhat. I am applying for the rectification of the same in my school records at Government Higher Secondary School(HSS) Humhama. In this regard, if anybody having any objection then he/she may contact Principal, HSS Humhama within a period of 07 days from the date of publication of this notice. After that no objection shall be entertained.

PUBLIC NOTICE

An electric connection bearing Consumer Id No. 0201040000854 and Installation No. 137523 was on the name of Ali Mohammad Bhat S/o Ghulam Qadir Bhat R/o Bongam Khonmoh. Now I want to transfer the same electric connection into my name. In this regard, if anybody having any objection then he/she may contact DIV-I (Basant Bagh) or Sub Division Khonmoh within a period of 07 days from the date of publication of this notice. After that no objection shall be entertained.

Mohd Ayoub Bhat S/o Ghulam Mohammad R/o Bungam Khanmoh Lasjan, Srinagar J&K

PUBLIC NOTICE

It is notified for information of the general public that my child named Azneen Arshid, S/O Arshid Ahmad Wani, resident of Khonmoh Srinagar, is studying on the rolls of Sheikh Ali Mission School, Khonmoh Srinagar under Admission No. 890/H (Class 9th).

I have applied for the correction of my child's mother's name in the school records from Aamina to Aaminah Bano. If any person/authority has any objection to this correction, they may file their written objection in the office of the Principal, Sheikh Ali Mission School, Khonmoh Srinagar, or to the undersigned within 7 days from the publication of this notice.

Arshid Ahmad Wani Father of Azneen Arshid Resident of Khonmoh, Srinagar

PUBLIC NOTICE

Inadvertently my son's name in his records has been wrongly mentioned as Mohammad Tabin instead of Mohamad Tabin Dar. Now I want rectification of the same. In this regard, if anybody having any objection then he/she may contact concerned authorities within a period of 07 days from the date of publication of this notice. After that no objection shall be entertained.

Fayaz Ahmad Dar F/o Mohamad Tabin Dar Mother's Name: Arifa R/o Badipora Chadoora

OFFICE OF THE NAIB TEHSILDAR HUMHAMA

Subject:- Application of Mehmooda W/O Manzoor Ahmad Ganie R/o Gulshan Abad Hyderpora Tehsil & District Budgam for issuance of Legal Heir Certificate.

PUBLIC NOTICE

The case of the above captioned applicant is under process in this office for issuance of legal heir certificate. In this regard, report submitted by patwari concerned which reveals that the applicant's husband namely Manzoor Ahmad Ganie S/o Abdul Gani Ganie R/O Gulshan Abad Hyderpora Tehsil & District Budgam has died on 08-05-2025 (Death Certificate enclosed). The applicant's deceased husband has left behind the following as legal heirs:-

S.No.	Name of Legal Heir	Relationship with deceased	Age in years	Occupation	Marital Status
1.	Mehmooda	Wife	[illegible]	Housewife	Widow
2.	Shagufta Manzoor	Daughter	[illegible]	House Wife	Married
3.	[illegible]	Daughter	[illegible]	House Wife	Married
4.	Suhail Ahmad Ganie	Son	[illegible]	Labour	Un-Married
5.	[illegible] Manzoor	Daughter	17	Student	Un-Married

In this context, objections are invited from general public regarding the issuance of requisite certificate in favour of the applicant. If anybody has any objection, he/she may submit his/her objections in this office within 07 days during office hours. No objection shall be entertained after the stipulated time period.

Naib Tehsildar Humhama

باقیات: صفحہ اول سے آگے

بقیہ نمبر 1

مزید تحقیقات شروع کردی ہیں۔ حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے بھی کارروائی کی جارہی ہے۔ اس سلسلے میں مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

بقیہ نمبر 2

مواقع پیدا کرسکتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے گزشتہ ساڑھے تین دہائیوں کے سفر کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس حقیقت سے کہ اب اس خطے کو جی سی سی سرمایہ کاری کے ممکنہ مرکز کے طور پر زیر بحث لایا جانا اس بات کی علامت ہے کہ یہاں تلاش کئے جانے والے مواقع میں اہم تبدیلی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر کے لئے یہ ضروری نہیں کہ وہ حیدرآباد، بنگلورو اور چنئی جیسے قائم شدہ جی سی سی مراکز کی ترقی کے راستے پر ہی چلے۔ بلکہ وہ ان کے تجربات سے سیکھ سکتا ہے اور ملک کے دوسرے اور تیسرے درجے کے شہروں کے ساتھ مقابلہ کرنے کے لئے خود کو تیار کرسکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا۔ "اس میدان میں دیر سے آنا باعث کمی ضرور ہے لیکن یہ ہمیشہ نقصان دہ نہیں ہوتا۔ ہم دوسروں کے تجربات سے سیکھ سکتے ہیں۔ ہمیں ہر چیز نئے سرے سے ایجاد کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ جو کچھ پہلے سے موجود ہے، اسے بہتر انداز میں استعمال کرنا ہے۔" انہوں نے نشاندہی کی کہ بڑے شہروں میں کاروبار کرنے کے بڑھتے ہوئے اخراجات نے نئے ابھرتے ہوئے مقامات کے لئے مواقع پیدا کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر اپنی فطری خوبیوں اور فوائد سے استفادہ کرتے ہوئے کاروباری اداروں کے قیام اور ان کی توسیع کے لئے ایک پرکشش ماحول فراہم کرسکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ماہر افرادی قوت کی تیاری میں تعلیمی اداروں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے جموں و کشمیر میں اعلیٰ تعلیمی اداروں کے مضبوط نیٹ ورک کا ذکر کیا جن میں آئی آئی ایم جموں، آئی آئی ٹی جموں، شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی، جموں یونیورسٹی، کشمیر یونیورسٹی اور اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ادارے باصلاحیت اور اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان تیار کررہے ہیں لیکن اپنے خطے میں روزگار کے محدود مواقع کی وجہ سے انہیں اکثر باہر ملازمتیں تلاش کرنا پڑتی ہیں جن میں جی سی سی کا شعبہ بھی شامل ہے۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ جموں و کشمیر میں جی سی سی مراکز قائم ہونے سے مقامی صلاحیتوں کو خطے میں برقرار رکھنے، معیاری روزگار پیدا کرنے اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کو ٹیکنالوجی پر مبنی معیشت کے ابھرتے ہوئے مواقع سے جوڑنے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سمت کی کامیابی کا اندازہ فوری طور پر بڑی تعداد میں جی سی سی مراکز قائم کرنے کے ہدف سے نہیں لگایا جانا چاہیے بلکہ اس بات سے لگایا جانا چاہیے کہ آیا یہ سیشن دیرپا ترقی کی بنیاد فراہم کرنے میں کامیاب ہوتا ہے یا نہیں۔ انہوں نے کہا، "ہمیں ایک جی سی سی مرکز کے قیام پر ہی بہت خوشی ہوگی۔ ایک مرکز سے پانچ مراکز قائم ہوں گے، پانچ سے دس اور پھر یہ سلسلہ آگے بڑھتا جائے گا۔" انہوں نے زور دیا کہ حکومت چاہتی ہے کہ سرمایہ کار جموں و کشمیر میں اس کی کاروباری صلاحیت اور امکانات کی بنیاد پر سرمایہ کاری کریں، نہ کہ ماضی کے مسائل کے لئے محض ہمدردی کی بناء پر۔ وزیر اعلیٰ نے سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور اسے برقرار رکھنے کے لئے کاروباری منافع کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ کاروبار کسی بھی مقام پر صرف اسی وقت تک جاری رہ سکتے ہیں جب تک کہ وہ ان کے لئے معاشی طور پر سود مند ہوں۔ انہوں نے کاروباری ماحول کو بہتر بنانے کے لئے حکومت کی کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ حالیہ قانون ساز اسمبلی سیشن میں 'کاروبار میں آسانی' سے متعلق جامع قانون کی منظوری بھی شامل ہے جسے لیفٹیننٹ گورنر کی منظوری مل چکی ہے اور اب یہ باقاعدہ قانون کی شکل اختیار کرچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس قانون کا مقصد جموں و کشمیر میں کاروبار کرنا آسان بنانا ہے، تاہم اس کا زمینی سطح پر موثر نفاذ نہایت اہم ہوگا۔ حکومت اپنے تجربات سے سیکھے گی اور جہاں ضرورت محسوس ہوگی، وہاں مزید بہتری لائی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت ایم اے ایس ایس ای او ایم اور صنعت کے دیگر شراکت داروں سے مستقل روابط قائم کرنے کی خواہشمند ہے اور کمپنیوں کو خطے کی صلاحیتوں کو تلاش کرنے کی دعوت دی۔ انہوں نے جموں و کشمیر کے موسمی حالات اور سڑک، ریل اور فضائی ہوائی رابطوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ اس خطے میں کئی فطری فوائد موجود ہیں جنہیں کاروباری اداروں کے لئے نئی جگہوں کے انتخاب کے سلسلے میں ایک مضبوط کشش میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ یہ سمٹ جموں و کشمیر اور جی سی سی صنعت کے درمیان طویل مدتی تعلقات کی ابتداء ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز نے علاقوں بشمول جموں و کشمیر کے لئے بھی ترقی اور سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرسکتی ہیں۔ افتتاحی سیشن میں چیف سیکریٹری اٹل ڈولو، کمشنر سیکریٹری محکمہ اعلیٰ تعلیم رام نواس شرما، سیکریٹری محکمہ صنعت و روزگار کمار راجیو رنجن، جیکام کے صدر راجیش نمبیار، چیئرمین این آئی ٹی راجندر سنگھ پوار، ڈائریکٹر آئی آئی ایم جموں پروفیسر بی ایس سہائے سمیت حکومت، صنعت اور تعلیمی شعبے کے متعدد نمائندوں نے شرکت کی۔ تقریباً 45 اداروں، 55 سے زائد صنعتی رہنماؤں اور 300 سے زیادہ مندوبین کی شرکت کے ساتھ جموں و کشمیر جی سی سی سمٹ 2026 کا مقصد پالیسی سازوں، صنعت اور تعلیمی اداروں کے درمیان روابط مضبوط بنانا اور جموں و کشمیر کی صلاحیتوں کو سرمایہ کاری، اختراعات، روزگار اور دیرپا معاشی ترقی میں تبدیل کرنے کے راستوں کی نشاندہی کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 3

نمائندوں نے 3 اکتوبر کو لوک بھون میں لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کے دوران مطالبہ کیا تھا کہ نمبرداروں کے لیے 60 سال کی عمر کی حد ختم کی جائے اور ایسے افراد کو، جو اپنے فرائض انجام دینے کے قابل ہوں اور عوام کا اعتماد رکھتے ہوں، مزید مدت تک خدمات جاری رکھنے کی اجازت دی جائے۔

بقیہ نمبر 4

دم توڑ گیا۔ جاں بحق اہلکار کی شناخت محمد مشتاق کے طور پر ہوئی ہے، جو ریاسی ضلع کے ماری گاؤں کا رہنے والا تھا۔

بقیہ نمبر 5

کہا کہ مقامی لوگوں اور پولیس اہلکاروں نے مداخلت کرکے آگ پر قابو پالیا اور اسے مزید پھیلنے سے روکا، لیکن سیب کا ذخیرہ کرنے والا یونٹ پہلے ہی آگ کی لپیٹ میں آچکا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ گودام پھلوں کے کاشتکار منظور احمد کا تھا۔

بقیہ نمبر 6

ہے۔ اب اس پارٹی کو اس عمل کو پورا کرنا ہوگا۔ وہ 'ایمیزون کوئپر' ہے۔ قابل ذکر ہے کہ ایمیزون نے 'ایمیزون کوئپر' کے نام سے اپنی سیٹلائٹ مواصلاتی سروس شروع کی ہے جسے عام طور پر ایمیزون لیو کے نام سے جانا جاتا ہے۔ انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ ہندوستان کسی بھی شعبے میں اجارہ داری کی اجازت نہیں دیتا ہے۔ اور اس لیے، سیٹلائٹ مواصلات کے معاملے میں بھی کسی ایک لائسنس ہولڈر کو نہیں چنا گیا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا، "ایک بار ریونیو چارجز کا انتظام فائنل ہو جائے اور یہ تینوں پارٹیاں سیکیورٹی سے جڑے خدشات اور ضروری شرائط کی بنیاد پر اپنے مراحل یا کامیابیوں کے مطابق تمام ضروریات کو پورا کرلیں، تو ظاہر ہے، وہ اپنی سرگرمیاں شروع کرسکتی ہیں۔" مسٹر سندھیا نے کہا کہ حکومت کی سوچ بہت مثبت ہے۔ وہ 'وکست بھارت 2047' بنانا چاہتی ہے۔ سب سے پہلے، سیٹلائٹ مواصلات کو وہی کنیکٹوٹی سروس کے طور پر رکھا گیا ہے جو آخری شخص تک پہنچے گا۔

بقیہ نمبر 7

اس بنیاد پر جموں و کشمیر کو مرکزی وزارت جل شکتی کی جانب سے کیے گئے جائزے میں ملک بھر میں پانچواں مقام حاصل ہوا۔ محکمے کے مطابق، جموں و کشمیر نے 2023-24 اور 2024-25 کے دوران پانی کے معیار کی نگرانی اور جانچ کے شعبے میں ملک بھر میں پہلی پوزیشن بھی حاصل کی۔ پینے کے پانی کے معیار کی جانچ کے لیے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں 98 پانی کی جانچ کرنے والی تجربہ گاہیں قائم کی گئی ہیں، جن میں سے 22 کو نیشنل ایکریڈیٹیشن بورڈ فار ٹیسٹنگ اینڈ کیلیبریشن لیبارٹریز (این اے بی ایل) سے منظوری حاصل ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر 8

معیشتوں کو فائدہ ہوتا ہے۔ اس سے ہندوستانیوں کو مواقع ملتے ہیں، جبکہ امریکی کمپنیوں کو بہتر ملازمین، نئی ٹیکنالوجی، تحقیق، جدت طرازی، پیداواری صلاحیت اور مسابقتی صلاحیت بڑھانے میں مدد ملتی ہے۔ اس سے امریکہ میں روزگار کے مواقع پیدا ہوتے ہیں اور شیئر ہولڈرز کے اثاثوں میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ ہندوستان نے کہا کہ امریکہ کا یہ قدم دونوں ممالک کے مشترکہ اہداف کو آگے بڑھانے میں مدد نہیں کرتا۔ ہندوستان نے امریکی نائب صدر کے اس معاملے پر کیے گئے تبصروں پر بھی اعتراض ظاہر کیا۔ ہندوستان کے مطابق ایسے تبصرے غیر مناسب ہیں اور امریکہ کی معیشت میں جدت طرازی میں ہندوستانی پیشہ ور افراد کی خدمات کو نظر انداز کرتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہندوستانی پیشہ ور افراد امریکہ کی معیشت اور جدت طرازی کے نظام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ امریکہ کی تاریخ بھی ایسے تارکین وطن کی خدمات سے بنی ہے جنہوں نے اپنے کام، کاروبار اور نئے خیالات سے ملک کی ترقی میں مدد کی ہے۔ ہندوستان نے کہا کہ روزنامک تاریخی اور نوآبادیاتی دور کی یاد دلانے والے الفاظ کا استعمال انتہائی قابل اعتراض ہے۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ وہ اس معاملے سے جڑی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ نمبر 9

بعد فوج کے بم ناکارہ بنانے والے دستے کو موقع پر طلب کیا گیا۔ دستے نے احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے دونوں بارودی سرنگوں کو موقع پر ہی محفوظ طریقے سے تباہ کردیا۔

بقیہ نمبر 10

اس پہاڑی ضلع میں سیکیورٹی اہلکاروں اور عام شہریوں پر حملوں میں ملوث عسکریت پسندوں کو پناہ دی اور انہیں روپوش رکھنے میں مدد کی۔ ایجنسی کے مطابق، اس حملے میں تین عسکریت پسند شامل تھے جن کی قیادت سیف اللہ کررہا تھا۔ سیف اللہ ایک پاکستانی شہری تھا جسے این آئی اے نے کالعدم تنظیم 'جیش محمد' (JeM) کا کمانڈر قرار دیا ہے۔ یہ گروپ 'کشمیر ٹائیگرز' (جسے 'عزرائیل گروپ' بھی کہا جاتا ہے) سے وابستہ تھا، اور ایجنسی کا کہنا ہے کہ یہ گروپ جیش محمد کے زیر اثر کام کرتا ہے۔ این آئی اے نے بتایا کہ تینوں عسکریت پسند سیکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں ہلاک ہوگئے تھے۔

بقیہ نمبر 11

منافع کی حد مقرر کرکے قیمتوں کو قابو میں رکھنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ کینسر کے علاج میں استعمال ہونے والی کئی ادویات انتہائی مہنگی ہوتی ہیں، جس کے باعث مریضوں اور ان کے اہل خانہ کو مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

بقیہ نمبر 12

اعوان سمیت دیگر 17 پولیس اہلکار شامل تھے۔ پولیس کے مطابق، تھانہ پیروہ کی ٹیم کو جعلی بھرتی سنڈیکیٹ کو بے نقاب کرنے میں اہم کردار ادا کرنے پر سراہا گیا۔ اس کارروائی کو پولیس کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور موثر تحقیقات کی مثال قرار دیا گیا۔ اسی طرح تھانہ مگام کی پولیس ٹیم کو ڈیجیٹل بیٹ پولیسنگ نظام اپنانے پر سراہا گیا۔

بقیہ نمبر 13

لیکن اس دوران پارٹی کی جانب سے مقررہ قانونی ہدایات پر عمل نہیں کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی نے اس وقت انتظامیہ کو دی گئی اپنی یقین دہانیوں کی بھی پاسداری نہیں کی۔ ماضی کے تجربے، مقررہ طریقہ کار پر عمل نہ کرنے اور موجودہ امن و قانون کی صورتحال کے پیش نظر اس بار اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پولیس افسر کے مطابق نئی دہلی علاقے میں بی این ایس ایس کی دفعہ 163 نافذ ہے۔ اس کے تحت عوامی نظم و نسق اور سلامتی کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری انسدادی پابندیاں عائد کی جاسکتی ہیں۔ پولیس نے واضح کیا کہ بغیر اجازت مجوزہ مظاہرہ کرنے یا دفعہ 163 کے احکام کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق مناسب کارروائی کی جائے گی۔ انتظامیہ نے مظاہرین سے مقررہ ضابطے اور قانونی احکام کی پاسداری کرنے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ نمبر 14

مقامی باشندوں نے شرکت کی۔ اس کا مقصد پولیس اور عوام کے درمیان تال میل کو مضبوط بنانا اور منشیات، دہشت گردی کے خلاف کارروائی، خواتین و بچوں کی حفاظت، سائبر جرائم اور عوامی مسائل سے متعلق امور پر تبادلۂ خیال کرنا تھا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ایس پی پونچھ ڈاکٹر اے جے شرما نے عوام کی فعال شرکت کو سراہا اور کہا کہ امن و سلامتی برقرار رکھنے کے لیے شہریوں کی جانب سے بروقت اور قابل اعتماد معلومات فراہم کرنا انتہائی اہم ہے۔ منشیات کی لعنت کے حوالے سے انہوں نے زور دیا کہ اس کاروبار میں ملوث اصل سپلائرز اور منشیات فروخت کرنے والوں کی شناخت کرکے انہیں گرفتار کیا جائے۔ اس کے ساتھ ہی نشے کی لت سے چھٹکارا دلانے، بحالی اور کونسلنگ کے اقدامات کو بھی فروغ دیا جائے تاکہ اصلاح کے خواہش مند افراد کو مدد فراہم کی جاسکے۔

باقیات: صفحہ دوم سے آگے

101

جموں و کشمیر اور حیدرآباد کی ٹریول ٹریڈ سے وابستہ تنظیموں کے درمیان سٹریٹجک تعاون اور قریبی روابط کو فروغ دینے پر بھی زور دیا تاکہ سیاحت کے امکانات میں اضافہ ہو، زیادہ سیاح خطے کا رخ کریں اور علاقائی شراکت داری مزید مستحکم ہو۔ محکمہ سیاحت جموں و کشمیر تین روزہ ٹی ٹی ایف حیدرآباد 2026 میں خطے کی متنوع سیاحتی صلاحیتوں کو اجاگر کررہا ہے۔ اس مہم کا بنیادی مقصد جنوبی ہندوستان کی سیاحتی منڈی میں جموں و کشمیر کی موجودگی کو مضبوط بنانا اور آئندہ سرمائی اور بہار کے سیاحتی موسموں کے لئے زیادہ سے زیادہ سیاحوں کو راغب کرنا ہے۔

102

احساسات کو سمجھنے، ہمدردی پیدا کرنے اور تنازعات کو حساسیت کے ساتھ حل کرنے کی صلاحیت فروغ پاتی ہے۔ چیف جسٹس نے ہندوستانی رزمیہ داستانوں، مذہبی روایات اور کشمیر کی تاریخ سے مثالیں پیش کرتے ہوئے کہا کہ تنازعات کے پرامن حل کے لیے ثالثی کی اہمیت خطے کی ثقافت اور تاریخ میں گہری جڑیں رکھتی ہے۔ قرآن مجید کی سورۃ النساء کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس میں مفاہمت کا ایسا طریقہ کار بیان کیا گیا ہے جو جدید ثالثی سے کافی مماثلت رکھتا ہے، جس کے تحت تنازعے کے دونوں فریقوں کی جانب سے نمائندے مقرر کرکے باہمی ہم آہنگی بحال کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف مذاہب اور ثقافتوں میں موجود ایسی مثالیں تنازعات کے حل میں مفاہمت، مصالحت اور خوشگوار تعلقے کی دیرپا اہمیت کو ظاہر کرتی ہیں۔ اس موقع پر جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کی ثالثی و مفاہمتی کمیٹی کے چیئرمین جسٹس راج نیش اوسوال بھی موجود تھے۔ ان کی مسلسل رہنمائی اور تعاون کو جموں و کشمیر اور لداخ میں ثالثی کے اقدامات کو آگے بڑھانے میں اہم قرار دیا گیا۔ جموں و کشمیر جوڈیشل اکیڈمی کے انچارج ڈائریکٹر راجیو گپتا نے استقبالیہ خطاب میں معزز شخصیات، ماہرین اور شرکا کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے موثر ثالثی کی مہارتیں پیدا کرنے میں عملی تربیت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ باہمی تبادلہ؟ خیال اور کردار نگاری پر مبنی مشقیں شرکا کو ثالثی کے طریقہ کار کو سمجھنے اور تنازعات کے خوشگوار حل میں مدد فراہم کرنے کا عملی تجربہ فراہم کرتی ہیں۔ انہوں نے تنازعات کے حل اور باہمی افہام و تفہیم و مفاہمت کے کلچر کو فروغ دینے کے لیے ثالثی کے نظام کو مضبوط بنانے پر بھی زور دیا۔ سرینگر کیمپس میں تجربہ کار وکلا اور تصدیق شدہ ثالثوں مونیکا جلوتا اور سورن سندھیر نے تربیتی نشستیں منعقد کیں۔ ان نشستوں میں شرکا کی ثالثی کی تکنیکوں اور ان کے عملی استعمال سے متعلق سمجھ بوجھ کو بہتر بنانے کے لیے باہمی تبادلہ؟ خیال اور کردار نگاری پر مبنی مشقیں کرائی گئیں۔ مین میڈی ایشن سینٹر کے کوآرڈینیٹر فیضان الحق اقبال نے ان نشستوں کی نگرانی کی اور پروگرام کے انعقاد میں رابطہ کاری کے فرائض انجام دیے۔ جموں کیمپس میں پروگرام کا آغاز جموں و کشمیر لیگل سروسز کمیٹی کے سکریٹری ششیل کمار کے استقبالیہ اور تعارفی خطاب سے ہوا۔ انہوں نے ماہرین اور شرکا کا خیر مقدم کرتے ہوئے موثر اور قابل ثالث تیار کرنے کے لیے عملی تربیت کی اہمیت پر زور دیا۔ جموں کیمپس میں تربیتی نشستیں سپریم کورٹ آف انڈیا کی ثالثی و مفاہمتی پروجیکٹ کمیٹی سے وابستہ ماہرین نیشال سنگھ دیا اور طیبہ کورگاندھی نے منعقد کیں۔

103

کو یقینی بنائیں کہ جو لوگ اس واقعے کے ذمہ دار پائے جائیں، ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔"

104

تھے۔ "اپنی پارٹی کے صدر نے سوپور کے سیمپورہ علاقے میں آتشزدگی کے واقعے پر بھی گہرے رنج و غم کا اظہار کیا، جہاں سیبوں سے بھرا ایک سٹوریج جل کر خاکستر ہوگیا، جس سے متعلقہ میوہ کاشتکاروں کو بھاری مالی نقصان اٹھانا پڑا۔ انہوں نے کہا، "سوپور کے سیمپورہ علاقے میں پیش آنے والا آتشزدگی کا واقعہ بھی انتہائی افسوسناک ہے، جہاں بارش اور تیز ہواؤں کے دوران بجلی کے ٹرانسفارمر میں شارٹ سرکٹ کے باعث سیبوں سے بھرا ایک بڑا سٹوریج آگ کی نذر ہوگیا۔ اس واقعے کے نتیجے میں متاثرہ میوہ کاشتکار کو بھاری مالی نقصان پہنچا ہے۔" متاثرین کو فوری راحت فراہم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے سید محمد الطاف بخاری نے کہا، "میں حکام سے اپیل کرتا ہوں کہ نقصانات کا بلاتاخیر تخمینہ لگایا جائے اور متاثرہ کسانوں اور باغ مالکان کو مناسب معاوضہ فراہم کیا جائے۔ انہیں بروقت امداد دی جانی چاہیے۔

105

ووٹر کا اندراج یقینی بنائے، لیکن یہاں الیکشن کمیشن اس کے برعکس لوگوں کے ووٹ کاٹ رہا ہے، جو انتہائی افسوسناک، تشویشناک اور جمہوریت پر کاری ضرب ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن آف انڈیا سے متعلق حالیہ انکشافات نے اس ادارے کی ساکھ پر سوالیہ نشان کھڑا کردیا ہے اور یہ معاملہ اب سپریم کورٹ میں بھی زیر سماعت ہے۔ سپریم کورٹ نے اپنے ریمارکس میں کہا ہے کہ اسے فارم 6 کی اجازت سے متعلق کوئی معلومات نہیں ہیں، جو ایک سنگین معاملہ ہے۔ کسی ایک سیاسی جماعت کی مدد کے لئے سپریم کورٹ کی اجازت کا جھوٹا حوالہ دینا انتہائی سنگین نوعیت کا معاملہ ہے۔ حالات اس بات کا تقاضا کرتے ہیں کہ چیف الیکشن کمشنر خود اپنے عہدے سے مستعفی ہوجائیں، کیونکہ جمہوریت کے تقدس کو برقرار رکھنے والے اس اہم ادارے کی ساکھ بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ چودھری محمد رمضان نے 10 اکتوبر کو بی جے پی کی جانب سے نئی دلی میں احتجاج کے پروگرام کو ناکام بنانے کے لئے ملک بھر میں مبینہ گرفتاریوں، مسلمانوں کو احتجاج میں شامل ہونے سے روکنے کے لئے دھمکانے، ریلوے خدمات بند کرنے، میٹرو اسٹیشنوں کو بند کرنے اور دارالحکومت کو فوجی چھاؤنی میں تبدیل کرنے جیسے اقدامات کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا آئین ہر شہری کو پرامن احتجاج کا حق دیتا ہے، لیکن یہاں حکمران غیر آئینی اور غیر جمہوری طریقے اپنا کر اپنے کالے کارناموں پر پردہ ڈالنے کی کوشش کررہے ہیں۔ چودھری محمد رمضان نے گزشتہ دنوں کے دوران اپوزیشن کے ممبران پارلیمان اور سرکردہ لیڈران کی طرف سے احتجاج پر پولیس تشدد کی بھی شدید الفاظ میں مذمت کی اور کہا کہ عوام کے چنے ہوئے نمائندوں کے ساتھ ایسا سلوک روا رکھا جارہا ہے تو عام لوگوں کا خدا ہی حافظ ہے۔

106

عوام کو قومی سائبر کرائم ہیلپ لائن نمبر 1930، سائبر جرائم کی شکایت درج کرنے کے سرکاری پورٹل www.cybercrime.gov.in اور فوری مدد کے لیے ایمرجنسی ہیلپ لائن نمبر 112 کے بارے میں بھی معلومات فراہم کیں۔ اس موقع پر دکانداروں اور عام لوگوں میں سائبر تحفظ کے ضروری احتیاطی اقدامات اور آن لائن مالی دھوکہ دہی کی شکایت درج کرنے کے طریقہ کار سے متعلق کتابچے بھی تقسیم کیے گئے۔ پولیس نے سائبر جرائم کی روک تھام اور عوامی بیداری کو مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے شہریوں پر زور دیا کہ وہ چوکس رہیں، ڈیجیٹل خدمات کا محفوظ طریقے سے استعمال کریں اور سائبر فراڈ کے کسی بھی مشتبہ واقعے کی فوری اطلاع متعلقہ حکام کو دیں۔

107

پوسٹ پیمنٹس بینک کی خدمات، بشمول گھر کی دہلیز پر بینکاری سہولت، مالی شمولیت کو مضبوط بنا رہی ہیں۔ انہوں نے بچیوں کے مالی مستقبل کو محفوظ بنانے میں سکنیہ سمردھی اکاؤنٹ کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل نظام، جدید ڈاک سافٹ ویئر، ڈاک کی ترسیل کا سراغ لگانے کی سہولت، کمپیوٹرائزڈ کارروائیوں اور خودکار بکنگ کیوسک کے ذریعے صارفین کو بہتر سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ محکمہ اسپیڈ پوسٹ، پارسل اور لاجسٹکس خدمات کے علاوہ آدھار اندراج اور معلومات میں ترمیم، پوسٹل لائف انشورنس، رورل پوسٹل لائف انشورنس اور پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندروں کے ذریعے پاسپورٹ خدمات بھی فراہم کررہا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ انڈیا پوسٹ سرکاری اسکیموں کے تحت کاریگروں اور مستفیدین تک پی ایم ای جی پی کٹس پہنچانے میں بھی معاونت کررہا ہے۔ برآمدات کو فروغ دینے کے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے ساگر جوہان سنگھ نے کہا کہ ڈاک گھر نریات کیندر برآمد کنندگان، کاریگروں، دستکاروں، چھوٹی اور درمیانے درجے کی صنعتوں اور چھوٹے کاروباری اداروں کو برآمدی دستاویزات کی تیاری، کسٹم کلیئرنس، پیکنگ، بکنگ اور ترسیل کا سراغ لگانے میں مدد فراہم کرتا ہے، تاکہ وہ بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل کرسکیں۔

108

دینا ہے جو فطرت کا احترام کرے اور ہمارے قدرتی ورثے کے تحفظ میں معاون ہو۔ ایکو ٹورازم کو ماحولیاتی تحفظ کا ساتھ ساتھ چلنا ضروری ہے تاکہ سیاحت سے متعلق سرگرمیاں بڑھنے کے باوجود ان علاقوں کی ماحولیاتی خصوصیات کو برقرار رکھا جاسکے۔" انہوں نے اس اقدام کے ممکنہ سماجی و اقتصادی فوائد پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ایکو ٹورازم کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی سے سیاحت سے متعلق خدمات اور دیگر معاشی سرگرمیوں کے ذریعے مقامی کمیونٹیوں کے لئے روزگار کے مواقع پیدا ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیاحوں کی بڑھتی دلچسپی مقامی لوگوں کے ذریعہ معاش کو سہارا دے سکتی ہے اور کمیونٹیوں کو خطے کے قدرتی وسائل کے تحفظ میں حصہ لینے کی ترغیب بھی دے سکتی ہے۔ جاوید رانا نے اس بات پر زور دیا کہ ایسی سہولیات کی طویل مدتی کامیابی ان کی مناسب دیکھ ریکھ، موثر انتظام اور ذمہ دارانہ استعمال پر منحصر ہوگی۔ انہوں نے مسلسل کوششوں پر زور دیا تاکہ ایکو ٹورازم کے اقدامات تحفظ کے مقاصد میں بامعنی کردار ادا کریں اور مقامی آبادی کو دیرپا فوائد فراہم کریں۔ انہوں نے مزید کہا، "ہمیں یقینی بنانا ہوگا کہ سیاحت کے فوائد ہمارے ماحولیاتی ترجیحات پر سمجھوتہ کیے بغیر مقامی کمیونٹیوں تک پہنچیں۔ ذمہ دارانہ ایکو ٹورازم روزگار کے مواقع پیدا کرنے، تحفظ کے بارے میں بیداری کو مضبوط بنانے اور انسان اور فطرت کے درمیان دیرپا رشتہ قائم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔"

109

کو جلد نمٹانے، مقررہ مدت کی پابندی کرنے اور محکمہ مال کے افسران کے درمیان بہتر تال میل قائم رکھنے پر زور دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے عوام کو بہتر خدمات فراہم کرنے اور ان کی شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنانے کے لیے درست، تازہ ترین اور شفاف ریکارڈ برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے محکمہ مال کے افسران کو جاری اقدامات کی پیش رفت پر قریبی نظر رکھنے، زیر التوا انتقالات کے معاملات جلد نمٹانے اور تصحیحوں سمیت زمینوں کے ریکارڈ کو مقررہ وقت کے اندر اپ ڈیٹ کرنے کی ہدایت دی۔ ٹرانسپورٹ کمشنر وشیش مہاجن نے موقع پر موجود تصحیحوں کا بھی جائزہ لیا اور محکمہ مال کے ریکارڈز کی موجودہ صورتحال کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ پٹواریوں کو کام میں تیزی لانے، ریکارڈ میں موجود خامیوں کی نشاندہی کرکے انہیں دور کرنے اور تمام ضروری اصلاحات و تجدید کا عمل مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے ایگری اسٹیک منصوبے پر عمل درآمد کی پیش رفت اور مقررہ پورٹل پر معلومات اپ لوڈ کرنے کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا۔ میٹنگ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انل کمار ٹھاکر، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو اشرف پرویز، تحصیلداروں، چیف ایگریکلچر آفیسر، نائب تحصیلداروں، پٹواریوں اور محکمہ مال کے دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

110

گی کہ دورے کے دوران حاصل ہونے والا علم اور مہارت آدم پور ضلع میں کیوی کی کامیاب کاشت کے طریقوں کو اپنانے میں کاشتکاروں کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔

111

مشینوں کے ذریعے برف ہٹانے کے معاملے پر بھی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ تعمیرات عامہ اور محکمہ مکینیکل انجینئرنگ کے ایگزیکٹو انجینئروں کو ہدایت دی کہ ہنگامی ضروریات کے پیش نظر مشینری کو بروقت قابل استعمال بنانے کے لیے مشترکہ منصوبہ تیار کریں۔ میٹنگ میں ہنگامی گاڑیوں کی تعیناتی اور نگرانی کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا، جن میں جی پی ایس کے ذریعے گاڑیوں کی نگرانی، ایندھن اور دیگر ضروری وسائل کی مناسب دستیابی شامل ہے، تاکہ برف باری اور ہنگامی حالات میں موثر کارروائی ممکن ہوسکے۔ محکمہ امور صارفین و عوامی تقسیم (سی اے پی ڈی) کی تیاریوں کا جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے گریز اور تولیل میں موسم سرما شروع ہونے سے قبل راشن کی تقسیم اور بنیادی اشیائے ضروریہ کے پیشگی ذخیرے کی صورتحال معلوم کی۔ دونوں سب ڈویژنوں میں ایل پی جی سلنڈروں کی دستیابی کا بھی جائزہ لیا گیا اور مناسب ذخیرے کے ساتھ ان کی بلاتعطل تقسیم یقینی بنانے کی ہدایت دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے طبی سہولیات کی تیاریوں کا جائزہ لیتے ہوئے ادویات اور دیگر ضروری طبی سامان کے ذخیرے، عملے کی دستیابی اور موسم سرما میں صحت کی خدمات فراہم کرنے کے انتظامات کے بارے میں بھی معلومات حاصل کیں۔ سرینگر کیمپس میں افتتاحی نشست سے خطاب کرتے ہوئے جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کی ثالثی و مفاہمتی کمیٹی کے چیئرمین جسٹس راج نیش اوسوال نے کہا کہ تنازعات کے حل کے لیے ثالثی کو آخری راستے کے بجائے ترجیحی طریقہ کار بنایا جانا چاہیے۔

112

برقرار رکھنے پر بھی زور دیا گیا، تاکہ صارفین کو محفوظ اور صحت بخش خوراک فراہم کی جاسکے۔ شرکاء کو فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹینڈرڈز ایکٹ 2006 اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد و ضوابط کے مطابق اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا گیا۔ انہیں روزمرہ کاروباری سرگرمیوں میں حفظان صحت کے اصول اپنانے کی ترغیب دی گئی۔ پروگرام کے دوران شرکاء میں صفائی ستھرائی کی کٹس تقسیم کی گئیں، جبکہ مقررہ تربیتی تقاضے مکمل کرنے والوں کو فوڈ سیفٹی ٹریننگ اینڈ سرٹیفکیشن (فوسٹیک) کی اسناد بھی فراہم کی گئیں۔ آنے والے دنوں میں مرکز کے زیر انتظام علاقے کے دیگر اضلاع میں بھی اسی نوعیت کے تربیتی پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔ ان پروگراموں میں خوانچہ فروشوں اور دیگر غذائی کاروباری افراد، بالخصوص زیادہ خطرے والی غذائی اشیاء فروخت کرنے والوں، پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ اس اقدام کا مقصد خوراک سنبھالنے والے افراد کی صلاحیتوں میں اضافہ، غذائی تحفظ کے معیار پر عمل درآمد کو بہتر بنانا اور سڑک کنارے خوراک فروخت کرنے کے دوران صفائی ستھرائی کے اصولوں کو فروغ دینا ہے۔ متعلقہ قوانین اور اسکیموں کے تحت غذائی کاروبار کی رجسٹریشن میں سہولت فراہم کرنے اور صاف ستھرے اسٹریٹ فوڈ مراکز کو فروغ دینے کے اقدامات بھی کیے جائیں گے۔ فوڈ اینڈ ڈرگس ایڈمنسٹریشن جموں و کشمیر نے تربیت، بیداری، باقاعدہ معائنوں اور قانونی ضابطوں کے نفاذ کے ذریعے غذائی تحفظ کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس کا مقصد پورے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں عوام کو محفوظ، صاف ستھری اور معیاری خوراک کی دستیابی یقینی بنانا ہے۔

113

کو سراہتے ہوئے طلبہ پر زور دیا کہ وہ صحت مند اور منشیات سے پاک معاشرے کے قیام میں فعال کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایک صحت مند، مضبوط اور ترقی یافتہ قوم کی تعمیر میں نوجوان نسل کا کردار نہایت اہم ہے۔ ڈاکٹر فاروق احمد نے بطور ریسورس پرسن صحت مند طرز زندگی کے مختلف پہلوؤں پر مفصل روشنی ڈالی اور منشیات کے استعمال کے جسمانی، ذہنی اور سماجی اثرات سے طلبہ کو آگاہ کیا۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ صحت مند عادات اپنائیں اور اپنی زندگی کے حوالے سے مثبت اور دانشمندانہ فیصلے کریں۔ پروگرام کی نظامت لقمان نے انجام دی، جبکہ ساحل یاسین نے طلبہ کے درمیان رابطہ کاری اور پروگرام کی مختلف سرگرمیوں کے انعقاد میں فعال تعاون فراہم کیا۔ پروگرام میں تقریباً 60 پرجوش طلبہ نے شرکت کی۔ اس دوران طلبہ کے ساتھ باہمی مکالمہ، آگاہی ریلی، نکڑ ناٹک اور ڈرامائی پیشکش سمیت مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا۔ ان سرگرمیوں کے ذریعے طلبہ کو اپنے خیالات کے اظہار اور صحت مند طرز زندگی و منشیات سے پاک معاشرے کا پیغام عام کرنے کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کیا گیا۔ پروگرام کے اختتام پر شرکاء نے نوجوانوں کو بااختیار بنانے، صحت مند طرز زندگی اپنانے اور منشیات سے پاک معاشرے کے قیام کے عزم کا اعادہ کیا اور ایک صحت مند، مضبوط اور ترقی یافتہ وکست بھارت کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کرنے کا عہد کیا۔

سپورٹس ٹائمز

Sports Times

جنوبی افریقہ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے آسٹریلیا تیار

ڈربن، ۹ اکتوبر (یو این آئی) آئی سی سی مردوں کی ٹیسٹ ٹیم رینکنگ ہو یا موجودہ آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کی اسٹینڈنگ، جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا دونوں سرفہرست دو ٹیموں میں شامل ہیں۔ دونوں ٹیمیں گزشتہ سال ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل میں بھی آمنے سامنے آئی تھیں، جہاں جنوبی افریقہ نے کامیابی حاصل کی تھی۔ آسٹریلیا کے کپتان پیٹ کمنز نے سیریز کے پہلے میچ سے قبل کہا کہ وہ جنوبی افریقہ کی مضبوط ٹیم اور اس کے معیار سے بخوبی واقف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پروٹیز کی ٹیم متوازن نظر آتی ہے اور ان کے پاس بہترین کھلاڑیوں کا اچھا انتخاب موجود ہوتا ہے۔ کمنز نے ڈربن کی کنڈیشنز اور پچ کے حوالے سے کہا کہ جنوبی افریقہ کی ٹیم اسپن گیندبازوں کے لیے چیلنج بن سکتی ہے اور حالات کو دیکھتے ہوئے ایسا لگتا ہے کہ پچ پر گیند کچھ ٹرن لے سکتی ہے۔ آسٹریلیا ون ڈے سیریز ۲-۱ سے ہارنے کے بعد ٹیسٹ سیریز میں داخل ہو رہا ہے۔ آئی سی سی کے مطابق کمنز کا ماننا ہے کہ متوازن جنوبی افریقی ٹیم کے خلاف کامیابی کی کنجی طویل فارمیٹ کی رفتار اور سخت محنت کے ماحول میں خود کو ڈھالنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بلے بازوں اور گیندبازوں دونوں کے لیے طویل وقت تک میدان پر ٹکے رہنا اہم ہوگا، کیونکہ گزشتہ چند برسوں میں آسٹریلیا نے خاص طور پر اپنی سرزمین پر اس طرح کے زیادہ ٹیسٹ میچ نہیں کھیلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آسٹریلیا کی حالیہ کامیابیوں میں بڑے لمحات، جیسے ٹریوس ہیڈ کی سنچری یا مچل اسٹارک کا حریف کی ٹاپ آرڈر کو تہس نہس کرنا، اہم رہے ہیں، لیکن ٹیم کو طویل سیشنز میں صبر کے ساتھ کھیلنے کی صلاحیت بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیل جس رفتار یا حالات کا تقاضا کرے، ٹیم کو اسی کے مطابق خود کو ڈھالنا ہوگا۔ جنوبی افریقہ نے پہلے ٹیسٹ کے لیے اپنی ٹیم کا اعلان کر دیا ہے، تاہم کمنز نے کہا کہ آسٹریلیا ابھی اپنی حتمی ٹیم پر غور کر رہا ہے۔

کونسٹاس، فلپے اور جانسن نے آسٹریلیا اے کو ۲-۰ کی ناقابل شکست برتری دلائی

پڈوچیری، ۹ اکتوبر (یو این آئی) سیم کونسٹاس (۶۷)، جوش فلپے (۵۸) کی نصف سنچریوں اور اسکاٹ جانسن (تین وکٹ) کی شاندار گیندبازی کی بدولت آسٹریلیا اے نے جمعہ کو دوسرے غیر رسمی ون ڈے میں ہندوستان اے کو ۹۹ رنز سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز میں ۲-۰ کی ناقابل شکست برتری حاصل کر لی۔ ۲۷۵ رنز کے ہدف کے تعاقب میں ہندوستان اے کی ٹیم ۵۹ رنز پر چار وکٹیں گنوا چکی تھی۔ رجت پاٹیدار نے ۸۲ گیندوں پر ۶۷ رنز کی اننگز کھیل کر مزاحمت کی، لیکن جانسن کی تیز اور اچھال لیتی گیند پر پل شاٹ کھیلنے کی کوشش میں ٹاپ اسکوائر لیگ پر کیچ ہو گئے۔ ہندوستان اے کی پوری ٹیم ۲۰۶ رنز پر آل آؤٹ ہو گئی۔ اس سے قبل آسٹریلیا اے نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ۲۷۵ رنز بنائے۔ کونسٹاس اور فلپے نے دوسرے وکٹ کے لیے ۱۱۶ گیندوں پر ۱۰۱ رنز کی شراکت کی۔ کونسٹاس نے ۸۸ گیندوں پر ۶۷ اور فلپے نے ۵۸ رنز بنائے۔ کونسٹاس کی ہندوستان کے دورے میں چھ اننگز میں یہ پہلی نصف سنچری تھی۔ جانسن نے تین وکٹ لے کر ہندوستان اے کی بیٹنگ کو مسلسل دباؤ میں رکھا اور تین فاسٹ بولرز اور دو اسپنرز کے ساتھ بھی ان کا اچھا ساتھ دیا۔ جانسن نے رجت پاٹیدار کو شارٹ گیند پر آؤٹ کر کے اپنی ٹیم کو ابتدائی کامیابی دلائی۔ ہندوستان اے کی جانب سے پاٹیدار کے علاوہ کوئی بلے باز آسٹریلیا اے کے تیز گیندبازی حملے کا مؤثر انداز میں سامنا نہیں کر سکا۔ ہندوستان اے کے اسپن گیندبازوں ابراہیم، انگل رانے اور للاٹ سدھو نے درمیانی اور آخری اوورز میں آسٹریلیا اے کے بلے بازوں کو قابو میں رکھنے کی کوشش کی، لیکن کونسٹاس اور فلپے کی شراکت نے ٹیم کو مضبوط بنیاد فراہم کر دی۔ آسٹریلیا اے کے تیز گیندبازوں نے اس کے بعد شاندار واپسی کرتے ہوئے ہندوستان اے کی پوری ٹیم کو ۲۰۶ رنز پر سمیٹ دیا۔

بھلّر کی شاندار کارکردگی

حیدرآباد، 9 اکتوبر (یو این آئی) گگن جیت بھلّر نے سیزن 2 اے ایم گرین آئی جی پی ایل گرانڈ فائنل 2026 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پانچواں خطاب اپنے نام کر لیا۔ انہوں نے آخری راؤنڈ میں 5 انڈر 65 کا اسکور کیا اور 14 انڈر 196 کے مجموعی اسکور کے ساتھ تین اسٹروکس کی برتری سے کامیابی حاصل کی۔ کرانتی کو جیتھ نے آخری راؤنڈ میں 6 انڈر 64 کا بہترین اسکور کیا اور 11 انڈر کے مجموعی اسکور کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہے۔ ایس چکی اپیا بھی 11 انڈر کے ساتھ مشترکہ دوسرے نمبر پر رہے۔ بھلّر نے آخری راؤنڈ میں سات برڈیز اور ایک ایگل کے ذریعے شاندار کھیل پیش کیا۔ ان کی ٹیم کے ساتھی یشی گلا سنگھی نے 26 انڈر کے اسکور کے ساتھ ٹیم ٹائٹل بھی جیت لیا جبکہ رینج رنگ کے 24 انڈر کے ساتھ دوسرے اور پنجاب ریسلرز کی 23 انڈر کے ساتھ تیسرے نمبر رہے۔ بھلّر کی اس کامیابی کے ساتھ اب ایم گرین آئی جی پی ایل میں ان کے خطاب کی تعداد پانچ ہو گئی ہے۔ وہ 11 ایشین ٹور ٹائٹل جیتنے والے ہندوستان کے کامیاب ترین کھلاڑی بھی ہیں۔

میسی نے فیصلہ برقرار رکھا

بیونس آئرس، 9 اکتوبر (یو این آئی) ارجنٹینا کے اسٹار فٹبالر لیونل میسی نے شائقین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے واضح کر دیا ہے کہ بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائرمنٹ کے اپنے فیصلے کو وہ واپس نہیں لیں گے۔ 39 سالہ میسی نے منگل کو وینزویلا کے خلاف 0-3 کی دوستانہ میچ میں ارجنٹینا کی جانب سے اپنا 208 واں اور آخری میچ کھیلا۔ انہوں نے اس میچ میں اپنا 126 واں بین الاقوامی گول بھی کیا۔ میسی نے جمعرات کو سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں کہا، ”سب کچھ کہا جا چکا ہے اور اب سب کچھ ختم ہو چکا ہے۔ میرے دل سے نکلنے والے واحد الفاظ ہیں: شکریہ، ارجنٹینا۔“ میسی نے اپنے والد جارج کی موت کے بعد اگست میں ریٹائرمنٹ کے منصوبے کا اعلان کیا تھا۔ بیونس آئرس کے مونومینٹل اسٹیڈیم میں ان کے الوداعی میچ کو 80 ہزار سے زائد شائقین نے دیکھا۔

ونائک سمنت چنڈی گڑھ کے ہیڈ کوچ مقرر

نئی دہلی، 9 اکتوبر (یو این آئی) ممبئی کے سابق وکٹ کیپر بلے باز اور کوچ ونائک سمنت کو آئندہ ڈومیسٹک سیزن کے لیے تمام فارمیٹس میں چنڈی گڑھ کا ہیڈ کوچ مقرر کیا گیا ہے۔ سمنت نے گزشتہ سیزن میں بہار کی کوچنگ کی تھی اور جمعرات کو چنڈی گڑھ کی ٹیم سے جڑ گئے۔ چنڈی گڑھ کو 11 اکتوبر کو واکھیڑے اسٹیڈیم میں ممبئی کے خلاف رنجی ٹرافی کا افتتاحی میچ کھیلنا ہے۔ سابق ممبئی کوچ سے چنڈی گڑھ کرکٹ ایسوسی ایشن نے رواں ہفتے کے آغاز میں رابطہ کیا تھا۔ سمنت گزشتہ سیزن میں بہار کی کامیاب مہم کا حصہ رہے، جہاں ٹیم نے پلیٹ گروپ میں رنجی ٹرافی اور وجے ہزارے ٹرافی دونوں خطاب جیتے اور دونوں فائنلز میں منی پور کو شکست دی۔ سمنت نے 2018 سے 2020 تک دو سیزن ممبئی کی کوچنگ بھی کی تھی اور 2018-19 کے سیزن میں ٹیم کو وجے ہزارے ٹرافی کا خطاب دلایا تھا۔ چنڈی گڑھ کی ٹیم گزشتہ رنجی ٹرافی سیزن کی کارکردگی میں بہتری لانے کی کوشش کرے گی۔

کھیلے سانند اسپورٹس اتسو میں نوجوان شامل

سانند (گجرات)، ۹ اکتوبر (یو این آئی) وجین بھارت فاؤنڈیشن (وی بی ایف) کا ۱۸ روزہ کھیلے سانند اسپورٹس اتسو جمعہ کو سنسکار دھام میں اختتام پذیر ہو گیا۔ اس میں سانند تعلقہ کے تمام ۱۰۵ گاؤں کے ۱۵۰ سے زائد اسکولوں سے ۳۵ ہزار سے زیادہ نوجوان کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔ اسپورٹس اتسو کے دوران لڑکوں اور لڑکیوں کے ۲۳ مقابلوں کا انعقاد کیا گیا جن میں طلائی، چاندی اور کانسی کے مجموعی طور پر ۳۳۹ تمغے دیے گئے۔ اختتامی تقریب میں ارجن ایوارڈ یافتہ ٹیبل ٹینس کھلاڑی ستیان گیان شیکھرن، ایم ایم اے فائٹر پون مان سنگھ اور کرکٹر ریوانت ترویدی سمیت وی بی ایف کے عہدیدار موجود تھے۔ اس موقع پر کھیلوں کے جرنی ابتدائی سطح پر شناخت اور سائنسی جانچ پر توجہ دی گئی۔ کوچز، اسکاؤٹس اور کھیل ماہرین نے مختلف کھیلوں کی مہارتوں، جسمانی فٹنس اور کارکردگی کے پیمانوں کے ذریعے باصلاحیت کھلاڑیوں کی شناخت کی۔

فرحان نے جارحانہ کرکٹ جاری رکھنے کا عزم ظاہر کیا

راولپنڈی، ۹ اکتوبر (یو این آئی) پاکستان کے نئے مقرر کردہ ٹی-۲۰ کپتان صاحبزادہ فرحان نے سری لنکا کے خلاف جمعہ سے شروع ہونے والی تین میچوں کی گھریلو سیریز میں ٹیم کی جارحانہ کرکٹ جاری رکھنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ ایشین گیمز میں پاکستان کو سلور میڈل دلانے کے بعد فرحان کو سلمان علی آغا کی جگہ کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ ٹاپ آرڈر ٹی-۲۰ کے مزاج کے مطابق جارحانہ انداز میں بلے بازی کرے۔ ٹیم میں تجربہ کار اور نوجوان کھلاڑیوں کا امتزاج ہے اور سینئر کھلاڑیوں کا تجربہ کپتانی میں ان کے لیے مددگار ہوگا۔ پاکستان کے ۱۵ رکنی اسکواڈ میں بابر اعظم، شاہین آفریدی اور محمد رضوان شامل نہیں ہیں۔ تاہم فرحان نے کہا کہ اچھی کارکردگی کی صورت میں مستقبل میں سب کے لیے ٹیم کے دروازے کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ پاکستان کی ٹیم ہے اور کسی ایک کھلاڑی کی ٹیم نہیں۔ سری لنکا کے کپتان کوسل مینڈس نے کہا کہ انگلینڈ کے خلاف ۳-۰ سے سیریز ہارنے کے باوجود بولنگ اور فیلڈنگ میں ٹیم نے مثبت پہلو دکھائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے حالات انگلینڈ سے مختلف ہیں اور انہیں اپنے کھلاڑیوں کی صلاحیتوں پر مکمل اعتماد ہے۔

پی ڈبلیو ایل کے چھٹے سیزن کا اعلان

نئی دہلی، ۹ اکتوبر (یو این آئی) روایتی اکھاڑوں میں مٹی پر کشتی کی مشق کرنے والے پہلوانوں سے لے کر بین الاقوامی میٹ تک ہندوستان میں ریسلنگ کے نظام کو مضبوط بنانے کے مقصد سے پرو ریسلنگ لیگ (پی ڈبلیو ایل) نے اپنی سرگرمیوں کو وسعت دینے کا اعلان کیا ہے۔ لیگ کے آئندہ سیزن کے بعد مزید چار ریاستی لیگز کا اعلان کیا جائے گا، جبکہ جنوبی اور شمال مشرقی ہندوستان میں بھی اس کھیل کی رسائی بڑھانے پر توجہ دی جائے گی۔ ”مٹی سے میٹ تک“ کے تصور پر مبنی اس پہل کا مقصد روایتی ریسلنگ مراکز سے باہر اس کھیل کی پہنچ بڑھانا، ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کی شناخت کرنا اور پہلوانوں کو اعلیٰ سطح کے مقابلوں میں زیادہ مواقع فراہم کرنا ہے۔ پی ڈبلیو ایل کے چھٹے سیزن کی واپسی کا اعلان جمعہ کو نئی دہلی میں کیا گیا۔ لیگ کے چیئرمین دیان فاروقی نے کہا کہ پی ڈبلیو ایل ہندوستان کی ریسلنگ کی روایت کو آگے بڑھانے کے ساتھ عالمی معیار کے مقابلوں کو ملک بھر کے شائقین کے مزید قریب لانے کی کوشش کرے گی۔ انہوں نے کہا، ”ریسلنگ ہندوستان کی کھیلوں کی ثقافت میں گہرائی سے رچی بسی ہے اور ہمارے پہلوان مسلسل عالمی سطح پر ملک کا وقار بلند کرتے رہے ہیں۔ پرو ریسلنگ لیگ کا چھٹا سیزن اس شاندار روایت کا جشن ہے اور ساتھ ہی اس کھیل کو عالمی سطح کے نئے معیار تک لے جانے کی کوشش بھی ہے۔“ لیگ کی توسیع کے منصوبوں کا ذکر کرتے ہوئے فاروقی نے کہا کہ آئندہ سیزن کے بعد مزید چار ریاستی لیگز کا اعلان کیا جائے گا، جن کا مقصد ملک کے نئے علاقوں تک پہنچنا اور گراس روٹ سطح پر ریسلنگ کو مضبوط بنانا ہے۔

دھونی کو ۲۹ اکتوبر تک جواب داخل کرنے کی ہدایت

چنئی، 9 اکتوبر (یو این آئی) مدراس ہائی کورٹ نے سابق ہندوستانی کپتان اور معروف کرکٹر مہندر سنگھ دھونی کو 2013 کے آئی پی ایل سٹے بازی معاملے سے متعلق 100 کروڑ روپے کے ہتک عزت کے مقدمے میں دائر عرضی پر 29 اکتوبر تک اپنا جواب داخل کرنے کی ہدایت دی ہے۔ ریٹائرڈ آئی پی ایس افسر جی۔ سمپت کمار نے دھونی کی گواہی ریکارڈ کرنے کے لیے عدالتی افسر کی تقرری کی درخواست کی ہے۔ سمپت کمار نے عدالت میں تین عبوری درخواستیں دائر کی ہیں، جن میں عدالت کی جانب سے مقرر کردہ ایڈووکیٹ کمشنر سے شری کے ذریعے دھونی کی گواہی ریکارڈ کرنے، کارروائی کی نگرانی کے لیے عدالتی افسر مقرر کرنے اور گواہی کی مکمل ویڈیو ریکارڈنگ کرانے کی درخواست کی گئی ہے۔ انہوں نے ویڈیو ریکارڈنگ کی نقول دونوں فریقوں اور عدالتی افسر کو فراہم کرنے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ ریٹائرڈ آئی پی ایس افسر نے دلیل دی کہ دھونی کی گواہی عدالت کے احاطے یا کسی سرکاری عمارت میں ریکارڈ کی جانی چاہیے، نہ کہ کسی فائیو اسٹار ہوٹل یا نجی بنگلے میں، صرف اس لیے کہ وہ معروف کرکٹر ہیں۔ جسٹس ہیمنت چندن گوڈار کے سامنے معاملے کی سماعت کے دوران دھونی کے وکیل نے مقام مقرر کرنے کی درخواست کی مخالفت کی۔ انہوں نے کہا کہ کسی مخصوص مقام پر دھونی کی گواہی ریکارڈ کیے جانے سے وہاں بڑی تعداد میں شائقین جمع ہو سکتے ہیں، جس سے غیر ضروری طور پر امن و قانون کی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے۔ عدالت نے کہا کہ وہ فی الحال یہ فیصلہ کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے کہ گواہی کہاں ریکارڈ کی جائے۔ اس کے بعد معاملے کی سماعت 29 اکتوبر تک ملتوی کر دی گئی۔ 17 ستمبر کو ہوئی گزشتہ سماعت کے دوران بھی عدالت نے دھونی کو ہدایت دی تھی کہ وہ سمپت کمار کی اس درخواست پر جواب داخل کریں، جس میں سابق ہندوستانی کپتان کی گواہی کی ویڈیو ریکارڈنگ کرانے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ دھونی نے 2014 میں پرائیویٹ میڈیا چینل ہاؤس، پولیس کے افسر سمپت کمار اور دیگر کے خلاف 100 کروڑ روپے کا ہتک عزت کا دیوانی مقدمہ دائر کیا تھا۔ ان پر الزام تھا کہ انہوں نے 2013 کے آئی پی ایل مقابلوں میں سٹے بازی اور میچ فکسنگ میں دھونی کے ملوث ہونے سے متعلق مبینہ طور پر ہتک آمیز بیانات دیے تھے۔ اس مقدمے میں ہائی کورٹ نے پہلے ہی دھونی کی گواہی ریکارڈ کرنے کے لیے ایڈووکیٹ کمشنر مقرر کرنے کا حکم دیا تھا۔ اس کے بعد سمپت کمار نے عدالت سے دھونی کی گواہی کی ویڈیو ریکارڈنگ کی ہدایت دینے کی درخواست کی۔ اپنی درخواست میں سمپت کمار نے گواہی کی ریکارڈنگ کی نگرانی کے لیے جج مقرر کرنے اور ویڈیو ریکارڈنگ کی غیر ترمیم شدہ نقل انہیں فراہم کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔ انہوں نے یہ بھی درخواست کی کہ گواہی فائیو اسٹار ہوٹل یا نجی بنگلے میں نہ لی جائے بلکہ عدالت کے احاطے یا کسی سرکاری عمارت میں ریکارڈ کی جائے۔

فلیمینگو کو 2-2 سے روک دیا

ریو ڈی جنیرو، 9 اکتوبر (یو این آئی) نیمار نے میچ کے آخری لمحات میں دو پنالٹی کو گول میں تبدیل کر کے سانتوس کو فلیمینگو کے خلاف 0-2 کے نقصان سے واپسی کرتے ہوئے برازیلی کی سیری اے میں 2-2 سے ڈرا دلایا۔ ڈی آرا سکاسیکو اور لوکاس پاکیتا نے پہلے ہاف میں فلیمینگو کو دو گول کی برتری دلائی۔ لیکن انجری کے سابق مڈفیلڈر ریوبرٹو ٹوپاٹی اور رینیا میں باہمی ہیڈ روکنے پر ویڈیو ریویو کے بعد میچ کا رخ بدل گیا۔ نیمار نے پنالٹی پر گول کیا اور چوبیس منٹ بعد فلو آنادوہ کے گیند پکڑ کر ہینڈ بال کرنے پر ملنے والی دوسری پنالٹی بھی گول میں تبدیل کر دی۔ اس ڈرا کے باوجود فلیمینگو دوسرے نمبر کی ٹیم پالمیراس سے ایک پوائنٹ آگے ہے، جبکہ گزشتہ آٹھ سیری اے میچوں میں ناقابل شکست سانتوس 20 ٹیموں کی لیگ میں آٹھویں نمبر پر ہے۔ نیمار نے میچ کے بعد کہا کہ پہلے گول کے بعد سانتوس نے کھیل پر کنٹرول حاصل کر لیا تھا اور بہتر نتیجہ حاصل کر سکتا تھا۔

کھلاڑیوں کو بڑے مقابلوں کے لیے تیار کریں گے: آر پی سنگھ

لکھنؤ، ۹ اکتوبر (یو این آئی) ہندوستانی ہاکی ٹیم کے چیف سلیکٹر اور اتر پردیش ہاکی کے صدر ڈاکٹر آر پی سنگھ نے جمعہ کو کہا کہ قومی کیمپ اور بین الاقوامی ٹورنامنٹس کے ذریعے ممکنہ کھلاڑیوں کو بڑے مقابلوں کے لیے تیار کیا جا رہا ہے۔ جاپان میں منعقدہ ۲۰ویں ایشیائی کھیلوں کے بعد لکھنؤ میں منعقدہ پریس کانفرنس میں ڈاکٹر آر پی سنگھ نے ٹیم کی کارکردگی اور مستقبل کے منصوبوں پر تفصیل سے بات کی۔ انہوں نے کہا کہ ایشیائی کھیلوں میں ہندوستان کی مرد اور خواتین دونوں ٹیموں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے طلائی تمغے جیتے۔ اب چیلنج کھلاڑیوں کو مسلسل بہتر مواقع فراہم کرنے اور عالمی سطح پر مضبوط کارکردگی کے لیے تیار کرنے کا ہے، تاکہ بین الاقوامی سطح پر ہندوستانی ہاکی کے سنہرے دور کی واپسی ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ سلیکشن کمیٹی کی مسلسل کوشش رہی ہے کہ موجودہ فارم، فٹنس اور بین الاقوامی تجربے کی بنیاد پر بہترین امتزاج تیار کیا جائے۔ سینئر ٹیم کے ساتھ جونیئرز اور انڈر ۱۸ سطح پر بھی صلاحیتوں کو تیار کرنے پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ نئے کھلاڑیوں کو مسلسل بین الاقوامی تجربہ فراہم کر کے ٹیم کو مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ گزشتہ چند برسوں میں ہندوستانی ہاکی کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے تو ایشیائی سطح پر ٹیموں کی مستقل کارکردگی واضح طور پر نظر آتی ہے۔ ۲۰ویں ایشیائی کھیلوں میں مرد اور خواتین دونوں ٹیموں نے طلائی تمغے جیتے، جبکہ ۲۰۲۳ کے ۱۹ویں ایشیائی کھیلوں میں مردوں کی ٹیم نے طلائی اور خواتین کی ٹیم نے کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ ۲۰۲۳ میں مردوں کی ٹیم ایشین چیمپئنز ٹرافی کی فاتح رہی، جبکہ رانچی میں منعقدہ خواتین کی ایشین چیمپئنز ٹرافی میں خواتین کی ٹیم نے بھی طلائی تمغہ جیتا۔ ۲۰۲۴ کے پیرس اولمپکس میں ہندوستانی مرد ٹیم نے کانسی کا تمغہ جیتا، جس کے بعد ایشین چیمپئنز ٹرافی میں بھی طلائی تمغہ اپنے نام کیا۔ ۲۰۲۵ کے راج گیر ایشیا کپ میں مردوں کی ٹیم چیمپئن بنی، جبکہ ۱۳ویں سلطان اذلان شاہ کپ میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ خواتین کی ٹیم کی کامیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ۲۰۲۳ میں راج گیر میں ہندوستان نے خواتین کی ایشین چیمپئنز ٹرافی کا خطاب جیتا، جبکہ ۲۰۲۵ خواتین کے ایشیا کپ میں ٹیم رنر اپ رہی۔ اس کے علاوہ ۲۰۲۶ ایف آئی ایچ خواتین کے نیشنز کپ میں ہندوستان نے پہلا مقام حاصل کیا۔ اتر پردیش اولمپک ایسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری ڈاکٹر آنند یشور پانڈے نے ایشیائی کھیلوں میں ہندوستانی مرد اور خواتین ہاکی ٹیموں کے طلائی تمغے جیتنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ پورے ملک کے لیے فخر کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیف سلیکٹر کی حیثیت سے ڈاکٹر آر پی سنگھ کے تجربے سے ہندوستانی ہاکی کو آگے بڑھانے میں فائدہ مل رہا ہے۔ انہیں امید ہے کہ ہندوستانی ٹیمیں آئندہ بھی اسی طرح اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گی اور عالمی سطح پر ملک کا نام روشن کریں گی۔ ۲۰۲۶ میں چلی میں منعقدہ جونیئر ایشیا کپ میں مرد اور خواتین دونوں ٹیموں نے طلائی تمغے جیتے۔ کاکامی گاہارا میں منعقدہ انڈر ۱۸ ایشیا کپ میں مردوں کی ٹیم نے طلائی اور خواتین کی ٹیم نے کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ اس کے علاوہ ۲۰۲۵ میں تمل ناڈو میں منعقدہ ایف آئی ایچ مردوں کے جونیئر ورلڈ کپ میں ہندوستانی ٹیم نے کانسی کا تمغہ جیتا۔ سلطان جوہر کپ ۲۰۲۵ میں جونیئر ٹیم رنر اپ رہی، جبکہ ۲۰۲۲ اور ۲۰۲۳ میں بھی ٹیم نے کانسی کے تمغے جیتے تھے۔ ۲۰۲۴ میں عمان میں منعقدہ جونیئر ایشیا کپ میں دونوں ہندوستانی ٹیموں نے طلائی تمغے حاصل کیے تھے۔ تاہم عالمی سطح پر اب بھی چیلنجز موجود ہیں۔

سوراشٹرانے رویندر جڈیجا کو ٹیم میں شامل کرلیا

نئی دہلی، 9 اکتوبر (یو این آئی) سوراشٹرا نے اسٹار آل راؤنڈر رویندر جڈیجا کو چھتیس گڑھ کے خلاف رنجی ٹرافی 2026-27 کے پہلے میچ کے لیے اپنی 16 رکنی ٹیم میں شامل کیا ہے۔ تجربہ کار بائیں ہاتھ کے فاسٹ گیند باز جے دیو اناد کٹ ٹیم کی قیادت کریں گے۔ جڈیجا حال ہی میں ویسٹ انڈیز کے خلاف ہندوستان کی 2-1 سے ون ڈے سیریز کی فاتح ٹیم کا حصہ تھے، جہاں انہوں نے دو میچوں میں دو وکٹیں حاصل کیں، تاہم انہیں بلے بازی کا موقع نہیں ملا۔ رنجی ٹرافی سے بائیں ہاتھ کے اسپن آل راؤنڈر کو اگلے ماہ نیوزی لینڈ کے خلاف ہندوستان کی دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز سے قبل ریڈ بال کرکٹ کی لے حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔ ٹیسٹ سیریز کا پہلا میچ 19 سے 23 نومبر تک ویلنگٹن میں اور دوسرا 27 نومبر سے یکم دسمبر تک کرائسٹ چرچ میں کھیلا جائے گا۔ سوراشٹرا اپنی مہم کا آغاز 11 اکتوبر کو راجکوٹ کے نرنجن شاہ اسٹیڈیم میں کرے گا۔ سابق چیمپئن ٹیم کو ایلیٹ گروپ بی میں آندھرا، آسام، چھتیس گڑھ، حیدرآباد، کرناٹک، پنجاب اور تریپورہ کے ساتھ رکھا گیا ہے۔ سوراشٹرا نے گزشتہ سیزن کی ٹیم کے 14 کھلاڑیوں کو برقرار رکھا ہے، جبکہ فاسٹ گیند باز نیل پانڈیا اور آل راؤنڈر ارتھ یادو نئے کھلاڑی ہیں۔ ٹیم 2025-26 سیزن میں گروپ مرحلے سے باہر ہونے کے نتیجے میں بہتری لانے کی کوشش کرے گی۔ اناد کٹ سیزن کے ساتھ شاندار کارکردگی کے بعد فاسٹ بولنگ حملے کی قیادت کریں گے، جہاں انہوں نے سات میچوں میں 22.21 کی اوسط سے 28 وکٹیں حاصل کیں۔ ان کی کارکردگی میں ہماچل کے خلاف 32 رنز کے عوض پانچ وکٹوں کے ساتھ ایک بار پانچ وکٹیں اور دو مرتبہ چار وکٹیں حاصل کرنا شامل ہے۔ اناد کٹ کی قیادت میں 2019-20 اور 2022-23 میں رنجی ٹرافی جیتنے والی سوراشٹرا کی ٹیم میں بائیں ہاتھ کے فاسٹ گیند باز چیتن سکاریا بھی شامل ہیں۔

یوٹی سطح کی تھانگ تا چیمپئن شپ کا افتتاح

شوپیاں، 9 اکتوبر۔ سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: شوپیاں میں جمعہ کو تمام عمر کی لڑکیوں کے لیے بین ضلعی یوٹی سطح کی تھانگ تا چیمپئن شپ کا افتتاح کیا گیا۔ اس مقابلے کا مقصد جموں و کشمیر کے نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے ایک مسابقتی پلیٹ فارم فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ روایتی مارشل آرٹ تھانگ تا کو فروغ دینا ہے۔ افتتاحی تقریب میں ضلع یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس آفیسر شوپیاں کے علاوہ حصہ لینے والی کھلاڑیوں، کوچز، تکنیکی حکام، معاون اساتذہ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر ضلع یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس آفیسر نے نوجوانوں کی مجموعی نشوونما میں کھیلوں کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ کھیل نہ صرف جسمانی صحت اور تندرستی کو بہتر بناتے ہیں بلکہ طلبہ اور نوجوانوں میں نظم و ضبط، خود اعتمادی، ٹیم ورک، قائدانہ صلاحیتوں اور صحت مند مسابقت کا جذبہ بھی پیدا کرتے ہیں۔ انہوں نے تمام شریک کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان پر زور دیا کہ وہ کھیل کے حقیقی جذبے کا مظاہرہ کریں۔

سائیکلنگ چیمپئن شپ منعقد ہوگی

جموں، 9 اکتوبر۔ سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک۔ سائیکلنگ ایسوسی ایشن آف جموں و کشمیر کی جانب سے ضلعی جموں یوتھ [انڈر 14]، سب جونیئرز، جونیئرز اور ایلیٹ زمرے کی سائیکلنگ چیمپئن شپ 18 اکتوبر 2026 کو صبح 10 بجے منعقد کی جائے گی۔ چیمپئن شپ میں روڈ، ٹریک اور ماؤنٹین بائیک [ایم ٹی بی] سائیکلنگ کے مقابلے شامل ہوں گے۔ ایسوسی ایشن کے مطابق یونین ٹیریٹری سطح کی سائیکلنگ چیمپئن شپ کے ساتھ تاریخ کے ٹکراؤ کے پیش نظر ضلعی چیمپئن شپ کے شیڈول میں تبدیلی کی گئی ہے۔ تمام دلچسپی رکھنے والے سائیکلسٹس کو مقابلوں میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے اور انہیں رجسٹریشن کے لیے ضروری اصل دستاویزات ساتھ لانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ رجسٹریشن کے لیے ضروری دستاویزات آدھار کارڈ کی اصل نقل، ڈومیسائل سرٹیفکیٹ، تاریخ پیدائش کا سرٹیفکیٹ، پاسپورٹ سائز کی دو تصاویر، بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات، بشمول اکاؤنٹ نمبر اور آئی ایف ایس سی کوڈ۔ چیمپئن شپ میں شرکت کے لیے فی کھلاڑی 100 روپے انٹری فیس مقرر کی گئی ہے۔ رجسٹریشن اور مزید معلومات کے لیے خواہشمند کھلاڑی ضلعی جموں سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری اوم پرکاش شرما سے موبائل نمبر 9419100980، روی سالگوترا سے 9419229044 اور ایس ایس گل سے 9419108337 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ سائیکلنگ ایسوسی ایشن آف جموں و کشمیر کے عہدیدار تجیندر سنگھ سے بھی معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ ضلعی جموں سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری کے لیے فراہم کردہ رابطہ نمبر 9419153980 ہے۔ ایسوسی ایشن نے تمام خواہشمند سائیکلسٹس پر زور دیا ہے کہ وہ چیمپئن شپ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور رجسٹریشن کے وقت تمام مطلوبہ دستاویزات اپنے ہمراہ لانا یقینی بنائیں۔

بارہمولہ میں انڈر 17 فٹ بال چیمپئن شپ کا آغاز

وانتا، ۸ اکتوبر (یو این آئی) ہندوستان کے اسٹار بیڈمنٹن کھلاڑی کدامبی سری کانت اور ایچ ایس پرنئے اپنے اپنے مردوں کے سنگلز مقابلوں میں شکست کے بعد آرکٹک اوپن ۲۰۲۶ بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے پہلے ہی دور میں باہر ہو گئے، جبکہ مردوں کے ڈبلز میں غیر سیڈ یافتہ کرشنا پرساد گرگا اور پرتھوی کرشن مورتی رائے نے چین کی جوڑی کو حیران کن شکست دے کر اگلے دور میں جگہ بنائی۔ بدھ کو کھیلے گئے مقابلے میں عالمی رینکنگ میں ۴۱ویں نمبر کے سری کانت نے ۳۳ویں نمبر کے کینیڈین کھلاڑی برائن یانگ کے خلاف پہلا گیم جیتا، لیکن بعد میں ۱۵-۲۱، ۲۱-۱۵، ۲۱-۱۳ سے شکست کھا گئے۔ سابق عالمی نمبر ایک سری کانت کی اس سال بی ڈبلیو ایف ورلڈ ٹور میں بہترین کارکردگی جون میں یو ایس اوپن سپر ۳۰۰ میں رنر اپ رہنا ہے۔ وہ اس سال بی ڈبلیو ایف ورلڈ ٹور کے مقابلوں میں آٹھ مرتبہ پہلے ہی دور میں باہر ہو چکے ہیں۔ دوسری جانب عالمی نمبر ۱۳۸ ایچ ایس پرنئے کو ڈنمارک کے چوتھی سیڈ اینڈرس اینٹونسن نے شکست دی۔

ضلعی یوٹی سطح کی جوڈو چیمپئن شپ اختتام پذیر

سرینگر، ۹ اکتوبر۔ سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: انڈور اسپورٹس ہال، پولو گراؤنڈ سرینگر میں لڑکیوں کی بین ضلعی یوٹی سطح کی جوڈو چیمپئن شپ جمعہ کو اختتام پذیر ہو گئی۔ مقابلوں میں جموں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مجموعی چیمپئن شپ ٹرافی اپنے نام کرلی، جبکہ سرینگر نے مجموعی تمغوں کی فہرست میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ یہ چیمپئن شپ محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس، حکومت جموں و کشمیر کی جانب سے منعقد کی گئی، جبکہ ڈسٹرکٹ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس آفس سرینگر نے اس کی میزبانی کی۔ مقابلوں کے انعقاد کا مقصد کھیلوں میں عمدہ کارکردگی کو فروغ دینے کے ساتھ نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں اور مسابقتی قابلیت کے اظہار کے مواقع فراہم کرنا تھا۔ چیمپئن شپ میں یونین ٹیریٹری کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والی لڑکیوں نے جوش و خروش کے ساتھ شرکت کی۔ کھلاڑیوں نے پورے مقابلے کے دوران اپنی تکنیکی مہارت، عزم، نظم و ضبط اور کھیل کے جذبے کا قابل ستائش مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس آفیسر سرینگر غلام حسن لون نے کہا کہ ضلع بھر میں کھیلوں کی سرگرمیاں پوری تیزی کے ساتھ جاری ہیں اور محکمہ کے افسران و اہلکار کھیلوں کے مقابلوں کو اعلیٰ معیار کے مطابق منعقد کرنے کے لیے مسلسل کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے محکمہ کے عملے کی لگن، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور ذمہ داری کے احساس کو سراہتے ہوئے کہا کہ تمام اہلکاروں کی مشترکہ کوششوں کا مقصد معیاری کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد اور کھلاڑیوں کو بہترین سہولیات اور مہمان نوازی فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ ایسا معاون ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، جہاں کھلاڑی اپنی کارکردگی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کو بھرپور انداز میں بروئے کار لا سکیں۔

جی ڈی سی گاندربل میں 'یوا سنواد میلہ' کا انعقاد

گاندربل، ۹ اکتوبر۔ سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: گورنمنٹ ڈگری کالج (جی ڈی سی) گاندربل کے این ایس ایس یونٹ نے 'مائی بھارت' کے اشتراک سے "نشا مکت یوا فار وکست بھارت، ۱۰۰ ڈیک سنکلپ ابھیان" کے تحت 'یوا سنواد میلہ' کا انعقاد کیا۔ پروگرام کا موضوع "میرا سواستھیہ، میرا گورو (پہلا مہینہ)" تھا، جس کا مقصد نوجوانوں میں صحت مند طرز زندگی، منشیات کے استعمال کی روک تھام اور منشیات سے پاک معاشرے کی تعمیر کے حوالے سے بیداری پیدا کرنا تھا۔ پروگرام کی رابطہ کاری ڈاکٹر جمشید اختر، این ایس ایس پروگرام آفیسر و نوڈل آفیسر مائی بھارت نے انجام دی۔ اس موقع پر کالج کے پرنسپل ڈاکٹر رفیق احمد پیرزادہ نے خطاب کرتے ہوئے این ایس ایس یونٹ کی کوششوں کو سراہا اور طلبہ پر زور دیا کہ وہ صحت مند اور منشیات سے پاک معاشرے کے سفیر بن کر اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایک صحت مند، مضبوط اور ترقی پسند ملک کی تعمیر میں نوجوانوں کا کردار انتہائی اہم ہے۔ پروگرام کے ریسورس پرسن ڈاکٹر فاروق احمد نے صحت مند طرز زندگی کے موضوع پر معلوماتی لیکچر پیش کیا۔ انہوں نے منشیات کے استعمال کے جسمانی، ذہنی اور سماجی اثرات پر روشنی ڈالتے ہوئے طلبہ کو صحت مند عادات اپنانے اور اپنی زندگی سے متعلق باخبر اور ذمہ دارانہ فیصلے کرنے کی اہمیت سے آگاہ کیا۔

پونچھ کے منڈی میں 31ویں تھرو بال فیڈریشن کپ کا افتتاح

منڈی، پونچھ، ۹ اکتوبر۔ سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: پونچھ ضلع کے منڈی علاقے میں واقع بی ایس ایف گراؤنڈ راج پورہ میں ۳۱ویں تھرو بال فیڈریشن کپ (مرد و خواتین) ۲۰۲۶-۲۷ کا افتتاح ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر پونچھ امرجیت سنگھ (جے کے اے ایس) نے کیا۔ تین روزہ قومی سطح کے اس مقابلے کا انعقاد ڈسٹرکٹ پونچھ تھرو بال ایسوسی ایشن اور جموں و کشمیر سائیڈ تھرو بال ایسوسی ایشن نے تھرو بال فیڈریشن آف انڈیا کے زیر اہتمام اور نشا مکت بھارت ابھیان کے تحت مشترکہ طور پر کیا ہے۔ اس چیمپئن شپ میں ملک کے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے والے کھلاڑی شرکت کر رہے ہیں، جنہیں اپنی کھیلوں کی صلاحیتوں، مسابقتی جذبے، نظم و ضبط اور کھیل کے اصولوں کا مظاہرہ کرنے کا موقع فراہم کیا گیا ہے۔ مردوں اور خواتین کے زمروں میں کرناٹک، اڈیشہ، ہریانہ، ہماچل پردیش، دہلی، راجستھان، جموں و کشمیر اور اتر پردیش کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ افتتاحی تقریب میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر پونچھ امرجیت سنگھ مہمان خصوصی تھے، جبکہ بی ایس ایف کی ۵۳ویں بٹالین، منڈی کے سیکنڈ ان کمانڈ وریندر کمار اور ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آف پولیس پونچھ ڈاکٹر اے جے شرما مہمانان اعزازی کے طور پر موجود تھے۔ تقریب میں سابق چیئرمین بی ڈی سی منڈی شمیم گنائی، سابق سرپنچ شہزاد خان، بشیر پانڈے، انور خان اور پرنسپل بوائز ہائر سیکنڈری اسکول منڈی سمیت کئی معزز شخصیات نے شرکت کی۔ جموں و کشمیر سائیڈ تھرو بال ایسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری ساحل علی بیگ اور صدر ولایت حسین بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ایسوسی ایشن کے ریاستی سکریٹری سید عمران حسین شاہ نے چیمپئن شپ کے انعقاد اور انتظامات میں رابطہ کاری کا اہم کردار ادا کیا۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہونے والے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "سرینگر ٹائمز" کھیل کے شائقین کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک خصوصی کالم فراہم کر رکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں۔

نوٹ: (۱) ...

(۲) ... (ادارہ)

مکمل پتہ:
ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر-190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com

0194-2456781 مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں

Printed and Published by: SAHIL YOUSUF, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: BASHIR AHMAD BASHIR, Executive Editor, S.M. YOUSUF, Editor: SHADAB BASHIR, Managing Advertising: SEEMAAB BASHIR, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781